سرہند میں فارسی ادب

www.mujaddidway.com

سرہند میں فارسی ادب

www.mujaddidway.com

سرہند میں

فارسی ادب

ڈاکٹر یونس احمد

شعبۂ فارسی۔ دہلی یونیورسٹی۔ دہلی

یہ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش لکھنؤ
کے مالی تعاون سے شائع ہوئی۔

www.mujaddidway.com

یہ کتاب فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی حکومت اتر پردیش لکھنؤ
کے مالی تعاون سے شائع ہوئی۔

سرہند میں

فارسی ادب

ڈاکٹر ادریس احمد

شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

www.mujaddidway.com

© ڈاکٹر ادریس احمد

کتابت: محمد حامد بستوی

طباعت: روبی پرنٹرز دہلی ۶

تعداد: ۶۰۰

اشاعت: ستمبر ۱۹۸۸ء

قیمت: ستر روپے ۷۰

ناشر: ڈاکٹر ادریس احمد

۱۰۳۱ چابک سواران، لال کنواں دہلی ۶

ملنے کے پتے:

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶

کتب خانہ انجمن ترقی اردو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

اقرأ دار الاشاعت، ۵۰۰ ابوالفضل انکلیو اوکھلا نئی دہلی ۲۵

اِنتِساب

استاد محترم جناب پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب

(پروفیسر ایمریٹس دہلی یونیورسٹی)

کی خدمت میں

عقیدت و خلوص بیکراں کے ساتھ

بگردد لطف تو گر رہبر من
نمی دانم چہ آید بر سر من

www.mujaddidiway.com

© ڈاکٹر ادریس احمد

کتابت: محمد حامد بستوی
طباعت: روبی پرنٹرز دہلی ۶
تعداد: ۶۰۰
اشاعت: ستمبر ۱۹۸۸ء
قیمت: ستر روپے ۷۰/-
ناشر: ڈاکٹر ادریس احمد
۱۰۳۱ چابک سواراں، لال کنواں دہلی ۶

ملنے کے پتے:

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶
کتب خانہ انجمن ترقی اردو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶
اقرأ دار الاشاعت ۵۰۰، ابو الفضل انکلیو اوکھلا نئی دہلی ۲۵

www.mujaddidway.com

اِنتسَاب

استاد محترم جناب پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب
(پروفیسر ایمیریٹس دہلی یونیورسٹی)

کی خدمت میں

عقیدت و خلوص بیکراں کے ساتھ

نگرد لطف تو گر رہبر من
نمی دانم چہ آید بر سر من

فہرست

صفحہ	نمبر شمار
۱۲	مقدمہ
۱۴	حرف آغاز

باب ۱

۱۹	۱۔ پنجاب کا تاریخی سیاسی اور ادبی پس منظر
۲۵	۲۔ سرہند کا تاریخی سیاسی اور ادبی پس منظر

باب ۲ (ا)

معروف شعراء

۳۳	سرہند میں فارسی شاعری کا عمومی جائزہ
۳۸	۱۔ ناصر علی سرہندی
۸۰	۲۔ راسخ سرہندی
۹۹	۳۔ محمد افضل سرخوش
۱۱۳	۴۔ میر محمد احسن ایجاد
۱۱۹	۵۔ سعادت یار خاں رنگین

باب ۲ (ب)

دیگر شعراء

صفحہ		صفحہ	
۱۳۹	۳۔ شیری سرہندی	۱۲۰	۱۔ عیشی حصاری سرہندی
۱۵۰	۴۔ مولانا صفائی سرہندی	۱۲۹	۲۔ سید جعفر سرہندی

www.mujaddidway.com

نمبر شمار		صفحہ
۵	مولانا محمد یوسف صوفی سرہندی	۱۵۱
۶	واجب علی واجب	۱۵۱
۷	فائض سرہندی	۱۵۲
۸	فضل اللہ خوشتر	۱۵۲
۹	میر طاہر رضا حقیقت	۱۵۳
۱۰	میر احمد حسین قلق	۱۵۳
۱۱	مرزا غازی شہید	۱۵۴
۱۲	میر معاذ حسین ثاقب	۱۵۴
۱۳	میر سید علی جوان	۱۵۵
۱۴	سرآمد سرہندی	۱۵۵
۱۵	شیخ محمد فاضل جویا	۱۵۵
۱۶	شیخ محمود میران	۱۵۶
۱۷	شاہ عبدالاحد وحدت	۱۵۶
۱۸	میر معصوم رجحان	۱۶۰
۱۹	میر شمس الدین سند	۱۶۳
۲۰	میاں علی عظیم	۱۶۴
۲۱	اجابت سرہندی	۱۶۵
۲۲	مولانا حاکی سرہندی	۱۶۶
۲۳	میر محمد کاظم راضی	۱۶۶
۲۴	وسعت سرہندی	۱۶۷

باب ۳

مورخین و نثر نویسان

۱	یحییٰ بن احمد بن عبداللہ سرہندی	۱۷۳
۲	شیخ اللہ داد فیضی سرہندی	۱۷۹
۳	حاجی ابراہیم سرہندی	۱۸۳
۴	میاں عبداللہ نیازی سرہندی	۱۸۵
۵	شیخ عبدالاحد سرہندی	۱۸۷
۶	مولانا امان اللہ سرہندی	۱۸۸
۷	مولانا عبدالقادر سرہندی	۱۸۹
۸	ولی سرہندی	۱۹۰

نمبر شمار		صفحہ
۹	سیف خاں فقیرا سرہندی	۱۹۰
۱۰	شیخ عبدالحق سجاول سرہندی	۱۹۲
۱۱	شیخ فضل اللہ سرہندی	۱۹۴
۱۲	حکیم محمد عابد سرہندی	۱۹۶
۱۳	شیخ غلام محی الدین سرہندی	۱۹۷
۱۴	شیخ قطب الدین سرہندی	۱۹۸

باب ۴

خاندان و سلسلۂ مجددیہ

۱	خاندان و سلسلۂ مجددیہ	۲۰۳
۲	حضرت شیخ احمد سرہندیؒ	۲۱۰
۳	خواجہ محمد سعیدؒ	۲۴۳
۴	خواجہ محمد معصومؒ	۲۴۶
۵	شیخ سیف الدین سرہندی	۲۷۳
۶	شیخ بدرالدین ابراہیم سرہندی	۲۸۰
۷	محمد شاکر سرہندی	۲۸۵
۸	شیخ صفر احمد سرہندی	۲۸۷
۹	شیخ صبغۃ اللہ	۲۹۰
۱۰	شیخ محمد نقشبند	۲۹۰
۱۱	خواجہ محمد عبداللہ	۲۹۱
۱۲	خواجہ محمد اشرف	۲۹۱

www.mujaddidway.com

نمبر شمار		صفحہ
۱۳	شیخ محمد صادق	۲۹۲
۱۴	شیخ یوسف سرہندی	۲۹۲
۱۵	شیخ محمد زاہد	۲۹۲
۱۶	ابو الفیض کمال الدین محمد احسان	۲۹۳
۱۷	شیخ زین العابدین	۲۹۶
۱۸	شیخ محمد اعظم	۲۹۷
۱۹	مولانا فرخ شاہ سرہندی	۲۹۶
۲۰	شیخ محمد رشد	۲۹۸
۲۱	شیخ عیسیٰ سرہندی	۲۹۸

باب ۵

علماء و صلحاء

۱	شیخ الہداد بن صالح سرہندی	۳۰۶
۲	شیخ بہاء الدین جیندی	۳۰۶
۳	مولانا بدر الدین سرہندی	۳۰۶
۴	مولانا نجیب الدین محمد	۳۰۶
۵	مولانا علی شیر سرہندی	۳۰۷
۶	شیخ محمد سرہندی	۳۰۷
۷	سید محسن حافظی سرہندی	۳۰۸
۸	مولانا عثمان سرہندی	۳۰۸

نمبر شمار		صفحہ
۹	شیخ نور الدین سفیدونی سرہندی	۳۰۹
۱۰	شیخ عبد الرحمن صوفی سرہندی	۳۰۹
۱۱	حافظ سلطان رخنہ بردی سرہندی	۳۱۰
۱۲	حکیم شیخ بینا	۳۱۰
۱۳	شیخ عبد الصمد حسینی	۳۱۰
۱۴	مولانا قطب الدین سرہندی	۳۱۱
۱۵	حاجی نعمت اللہ سرہندی	۳۱۱
۱۶	مولانا عبد المالک سرہندی	۳۱۲
۱۷	مولانا میر علی گبنر سرہندی	۳۱۲
۱۸	مولانا مظفر سرہندی	۳۱۲
۱۹	میاں تنہا سرہندی	۳۱۲
۲۰	حاجی مصطفیٰ سرہندی	۳۱۳
۲۱	احمد سرہندی	۳۱۳
۲۲	سید حمزہ سرہندی	۳۱۴
۲۳	ملا ابو الخیر سرہندی	۳۱۴
۲۴	شیخ علی رضا سرہندی	۳۱۴

www.mujaddidway.com

مقدمہ

ہندوستانی فارسی ادب کی تاریخ مرتب کرنے کے پروگرام کے تحت جب تاریخ کے مختلف ادوار پر تحقیق کا کام مکمل ہو چکا تو خیال آیا کہ ہندوستان میں فارسی ادب کی ترقی کے ساتھ کئی مقامات شعر و ادب کے اہم مرکز کے طور پر سامنے آئے ہیں اگر ان مراکز پر علاحدہ علاحدہ بھی کام ہو تو ممکن ہے مزید ادبی شہ پارے آشکار ہوں۔ ان مراکز میں پانی پت، تھانیسر، سرہند، لکھنؤ، جونپور، حیدرآباد اور دہلی وغیرہ فارسی زبان و ادب کی تاریخ میں اہمیت کے حامل ہیں۔

سرہند شروع میں فوجی اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز رہا مگر رفتہ رفتہ یہاں فارسی ادب نے رواج پانا شروع کیا اور یہ فارسی زبان و ادب کا ایک اہم مرکز بن کر نمودار ہوا۔ خاص طور پر مغلیہ دور میں اس شہر نے کافی اہمیت حاصل کی اور یہاں کے شعرا و ادبا نے اپنی شعری و نثری تخلیقات کے ذریعہ فارسی ادب کو مالا مال کیا۔ شیخ احمد سرہندی اور ان کے خاندان نے ہندوستان میں علم و معرفت کی جو روشنی پھیلائی اس نے مغل معاشرہ پر بڑے گہرے اثرات چھوڑے۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب خاص طور پر اس خاندان سے بہت زیادہ متاثر نظر آتے ہیں۔ سرہند اس زمانے میں علم و معرفت کا گہوارہ بن گیا تھا۔

شاعری میں ناصر علی سرہندی کا نام سرفہرست ہے انھوں نے اس شہر کی ادبی عظمت کو چار چاند لگا دیے۔ ان کا شمار ہندوستان میں فارسی کے بڑے شاعروں میں ہوتا ہے۔ ناصر علی، غنی اور بیدل عالمگیری عہد کے روشن مینار ہیں جن کا کلام مضمون آفرینی خیال بندی

اور فلسفیانہ موشگافی کا مظہر خیال کیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ یہاں بہت سے نامور علما و صلحا علم و ادب پیدا ہوئے جن کے افکار و خیالات خالص ہندوستانی تھے اور جن کی تخلیقات میں ہندوستانی موضوعات اور علوم سے دلچسپی نظر آتی ہے۔

سرہند میں فارسی ادب کے گوشوں کو روشن کرنے اور ادبی شہ پاروں کو ڈھونڈ نکالنے کا کام میرے عزیز شاگرد اور ہمکار ڈاکٹر ادریس احمد صاحب نے انجام دیا ہے۔ مجھے امید ہے ان کا یہ کام جو اب کتابی صورت میں سامنے آ رہا ہے ادبی حلقوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

پروفیسر سید امیر حسن عابدی
شعبۂ فارسی۔ دہلی یونیورسٹی، دہلی

www.mujaddidway.com

مقدمہ

ہندوستانی فارسی ادب کی تاریخ مرتب کرنے کے پروگرام کے تحت جب تاریخ کے مختلف ادوار پر تحقیق کا کام مکمل ہو چکا تو خیال آیا کہ ہندوستان میں فارسی ادب کی ترقی کے ساتھ کئی مقامات شعر و ادب کے اہم مرکز کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ اگر ان مراکز پر علاحدہ علاحدہ بھی کام ہو تو ممکن ہے مزید ادبی شہ پارے آشکار ہوں۔ ان مراکز میں پانی پت، تھانیسر، سرہند، لکھنؤ، جونپور، حیدرآباد اور دہلی وغیرہ فارسی زبان و ادب کی تاریخ میں اہمیت کے حامل ہیں۔

سرہند شروع سے ہی فوجی اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز رہا مگر رفتہ رفتہ یہاں فارسی ادب نے رواج پانا شروع کیا اور یہ فارسی زبان و ادب کا ایک اہم مرکز بن کر نمودار ہوا۔ خاص طور پر مغلیہ دور میں اس شہر نے کافی اہمیت حاصل کی اور یہاں کے شعرا و ادبا نے اپنی شعری و نثری تخلیقات کے ذریعہ فارسی ادب کو مالا مال کیا۔ شیخ احمد سرہندی اور ان کے خاندان نے ہندوستان میں علم و معرفت کی جو روشنی پھیلائی اس نے مغل معاشرہ پر بڑے گہرے اثرات چھوڑے۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب خاص طور پر اس خاندان سے بہت زیادہ متاثر نظر آتے ہیں۔ سرہند اس زمانے میں علم و معرفت کا گہوارہ بن گیا تھا۔

شاعری میں ناصر علی سرہندی کا نام سرفہرست ہے۔ انھوں نے اس شہر کی ادبی عظمت کو چار چاند لگا دیے۔ ان کا شمار ہندوستان میں فارسی کے بڑے شاعروں میں ہوتا ہے۔ ناصر علی، غنی اور بیدل عالمگیری عہد کے روشن ستارے ہیں جن کا کلام مضمون آفرینی، خیال بندی

اور فلسفیانہ موشگافی کا مظہر خیال کیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ یہاں بہت سے نامور علما اور صاحبِ علم و ادب پیدا ہوئے جن کے افکار و خیالات خالص ہندوستانی تھے اور جن کی تخلیقات میں ہندوستانی موضوعات اور علوم سے دلچسپی نظر آتی ہے۔

سرہند میں فارسی ادب کے گوشوں کو روشن کرنے اور ادبی شہ پاروں کو ڈھونڈ نکالنے کا کام میرے عزیز شاگرد اور ہمکار ڈاکٹر ادریس احمد صاحب نے انجام دیا ہے۔ مجھے امید ہے ان کا یہ کام جو اب کتابی صورت میں سامنے آرہا ہے ادبی حلقوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

پروفیسر سید امیر حسن عابدی
شعبۂ فارسی۔ دہلی یونیورسٹی، دہلی

بسم اللہ

حرف آغاز

ہندوستانی فارسی ادب کیفیت و کمیت ہر دو اعتبار سے ہماری تہذیب و ثقافت کا قابل فخر سرمایہ ہے۔ اس میں ہندوستانی نژاد اور ایران سے ہجرت کر کے ہندوستان کو مسکن بنانے والے شعرا اور ادبا نے ابوالفرج رونی سے لے کر غالب اور اقبال یعنی بیسویں صدی کے نصف اول تک ایسے کمالات دکھائے ہیں اور ہندوستانی فارسی ادب کو اپنے افکار گراں مایہ سے اس طرح زینت بخشی ہے کہ خود ایرانی فارسی ادب کے مقابلے میں کسی حیثیت سے کم مایگی کا احساس نہیں ہوتا۔ اس کا تقاضا ہے کہ ہندوستانی فارسی ادب کی ایک جامع اور مفصل تاریخ مرتب ہو۔

شہیر محقق اور استاذ الاساتذہ محترم پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب نے اس مقصد کیلیے ایک بڑا پروجیکٹ بنایا اور دہلی یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالرز کو دعوت دی کہ علم و ادب کے اس بحر ذخار میں غوطہ زن ہو کر گوہر ہائے گراں بہا کو ڈھونڈ نکالیں جو مختلف کتب خانوں، عجائب گھروں یا آرکائیوز وغیرہ میں قلمی نسخوں یا بیاضوں کی شکل میں محفوظ ہیں اور تعارف کے منتظر ہیں اور اس طرح ہندوستانی فارسی ادب کی عظمت کا انکشاف کریں۔

جب تاریخ کے اوراق پر [illegible] سرہند کی طرف توجہ مبذول کی گئی جو ایک زمانہ تک تہذیب و تمدن کا گہوارہ اور علمی و ادبی سرگرمیوں کا مرکز رہے ہیں

صدہا دانشور اور اہل علم حضرات پیدا ہوئے جنھوں نے فارسی ادب کو اپنے افکار و خیالات و نظریات اور کارناموں سے مالا مال کیا۔ ان مراکز میں سے صوبہ پنجاب میں لاہور، ملتان، پانی پت، تھانیسر اور سرہند اہم مراکز تھے۔ سرہند سے اسلام کی ابتدائی دور قرون وسطیٰ تک بڑے نام نکلے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ اور دیگر بزرگوں کا مولد و مسکن ہونے کی وجہ سے اس کو میں نے قابل ترجیح سمجھا اور استاذ محترم پروفیسر نورالحسن انصاری صاحب کی رہنمائی میں یہ کام شروع کیا اور حتی المقدور کوشش کی کہ استاذان گرامی نے مجھ پر جو بھروسہ اور اعتماد کیا ہے، میں خود کو اس کا اہل ثابت کر سکوں۔ استاذ گرامی پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب، پروفیسر [illegible] صاحب اور پروفیسر نورالحسن انصاری صاحب نے [illegible] کے مصداق ہر قدم پر مجھے تحقیق کے میدان کے رموز سے آشنا کیا اور نہایت لطف و مہربانی سے میری رہنمائی فرمائی جس کے نتیجے میں میرا تحقیقی مقالہ مکمل ہو سکا۔ اسی تحقیقی مقالے کو کتابی شکل میں قارئین اور عقیدتمندان خانوادہ مجددیہ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

ہر ممکن احتیاط اور توجہ کے باوجود غلطیوں کا امکان بہر حال باقی رہتا ہے۔ لہٰذا ملتجی ہوں کہ غلطیوں کی نشاندہی فرمائیں تا کہ مجھ جیسے شخص کے علم میں اضافہ اور اصلاح ہو جائے۔

سرہند ایک چھوٹا سا شہر تھا لیکن شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے اس کو بڑی اہمیت اور عظمت حاصل ہوئی۔ علما و صلحا کا مسکن اور بادشاہوں کی توجہ کا مرکز قرار پایا۔ علما، صلحا اور ادبا و شعرا نے اس شہر کو ایک پاکیزہ ماحول دیا اور بادشاہوں نیز امرا و حکام نے یہاں خوبصورت باغات، عمارات وغیرہ تعمیر کرائیں جس کے نتیجے میں یہ ایک ایسا شہر ہو گیا کہ "خطۂ بہشت [illegible]" کہلایا۔ بادشاہ و امرا [illegible] اختیار

بسمہ تعالیٰ

حرف آغاز

ہندوستانی فارسی ادب کیفیت و کمیت ہر دو اعتبار سے ہماری تہذیب و ثقافت کا قابل فخر سرمایہ ہے۔ اس میں ہندوستانی نژاد یا ایران سے ہجرت کر کے ہندوستان کا رخ کرنے والے شعرا اور ادبا نے ابوالفرج رونی سے لے کر غالب اور اقبال بلکہ بیسویں صدی کے نصف اول تک ایسے کمالات دکھائے ہیں اور ہندوستانی فارسی ادب کو اپنے افکار گرانمایہ سے اس طرح زینت بخشی ہے کہ خود ایرانی فارسی ادب کے مقابلے میں کسی حیثیت سے کم مائیگی کا احساس نہیں ہوتا۔ اس کا تقاضا ہے کہ ہندوستانی فارسی ادب کی ایک جامع اور مفصل تاریخ مرتب ہو۔

مشہور محقق اور استاذ الاساتذہ محترم پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب نے اس مقصد کے لیے ایک بڑا پروجیکٹ بنایا اور دہلی یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالرز کو دعوت دی کہ علم و ادب کے اس بحر زخار میں غوطہ زن ہو کر گوہر ہای گرانبہا کو ڈھونڈ نکالیں جو صدیوں سے کتب خانوں، عجائب گھروں یا آرکائیوز وغیرہ میں قلمی نسخوں یا بیاضوں کی شکل میں محفوظ ہیں اور تعارف کے منتظر ہیں اور اس طرح ہندوستانی فارسی ادب کی عظمت کو آشکار کریں۔

جب تاریخ کے تمام ادوار پر کام ہو چکا تو ان مراکز کی طرف توجہ مبذول کی گئی جو ایک زمانے تک تہذیب و تمدن کا گہوارہ اور علمی و ادبی سرگرمیوں کا مرکز رہے۔ ہر مرکز میں

صدہا دانشور اور اہل علم حضرات پیدا ہوئے جنھوں نے فارسی ادب کو اپنے افکار و خیالات و نظریات اور کارناموں سے مالا مال کیا۔ ان مراکز میں سے صرف ایک صوبہ پنجاب میں لاہور، ملتان، پانی پت، تھانیسر اور سرہند اہم مراکز تھے۔ سرہند سے اس کام کی ابتدا ہوئی اور قرعۂ فال ناچیز کے نام نکلا۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ اور دیگر بزرگوں کا مولد و مسکن ہونے کی وجہ سے اس کو میں نے فال نیک سمجھا اور استاد محترم پروفیسر نورالحسن انصاری صاحب کی رہنمائی میں یہ کام شروع کیا اور حتی الوسع کوشش کی کہ استاد گرامی نے مجھ پر جو بھروسہ اور اعتماد کیا ہے، میں خود کو اس کا اہل ثابت کر سکوں۔ استاد گرامی پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب، پروفیسر بھگوت سروپ صاحب اور پروفیسر نورالحسن انصاری صاحب نے "دستم بگرفت و روش آموخت" کے مصداق ہر قدم پر مجھے تحقیق کے میدان کے رموز سے آشنا کیا اور نہایت لطف و مہربانی سے میری رہنمائی فرمائی جس کے نتیجے میں میرا تحقیقی مقالہ مکمل ہو سکا۔ اسی تحقیقی مقالے کو کتابی شکل میں قارئین اور عقیدت مندان خاندان مجددیہ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

ہر ممکن احتیاط اور توجہ کے باوجود غلطیوں کا امکان بہر حال باقی رہتا ہے۔ لہٰذا ملتجی ہوں کہ غلطیوں کی نشاندہی فرمائیں تا کہ مجھ ناقص کے علم میں اضافہ اور اصلاح ہو جائے۔

سرہند ایک چھوٹا سا شہر تھا لیکن شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے اس کو بڑی اہمیت اور عظمت حاصل ہوئی۔ علما صلحا کا مسکن اور بادشاہوں کی توجہ کا مرکز قرار پایا۔ علما، صلحا، اور ادبا و شعرا نے اس شہر کو ایسا پاکیزہ ماحول دیا اور بادشاہوں نیز امرا و رؤسا نے یہاں خوبصورت باغات، عمارات وغیرہ تعمیر کرائیں جس کے نتیجے میں یہ ایسا حسین شہر بن گیا کہ "خلدیست بریں بر زمین" کہلایا۔ بادشاہ، امرا و رؤسا یہاں رہائش اختیار

کرنے کی آرزو رکھتے تھے۔ اس شہر میں ایسی کشش تھی کہ جو یہاں آیا وہ یہیں کا ہو کر رہ گیا۔

یوں تو یہ شہر فیروز شاہ کے عہد میں آباد ہوا مگر اس کی اصل ترقی اور شہرت مغلیہ دور میں اکبر کے زمانے سے شروع ہوئی۔ علما میں طبقاتِ اکبری کے مصنف نظام الدین احمد کے استاد اسعد العلما مولانا علی شیر سرہندی، مولانا عبدالقادر، اور مولانا مجد الدین محمد کے استاد شیخ الہداد بن صالح سرہندی اسی سرہند کی سرزمین پر پیدا ہوئے۔ مولانا مجد الدین بڑے پایے کے عالم اور بزرگ تھے کہ گلزارِ ابرار کے مصنف کے مطابق جب بابر نے ۹۳۲ھ / ۱۵۲۶ء میں ہندوستان کو فتح کیا، اس وقت مجد الدین محمد بقیدِ حیات تھے اور بابر ان سے ملنے سرہند آیا۔ ایک اور بزرگ شیخ احمد سرہندی (وفات [illegible]) عربی اور فارسی کے عالم ہونے کے ساتھ مذہبی معارف پر اس قدر عبور رکھتے تھے کہ تمام علما تنازعہ امور میں ان سے رجوع کرتے اور ان کے فتوے کو مستند مانتے تھے۔

اکبر کے دور میں ہی حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کی ولادت ہوئی جو جہانگیر کے دور کے ایک مردِ مومن، مردِ مجاہد، مصلح اور مجدد الف ثانی قرار پائے۔ ان کی مساعیِ جمیلہ اور نظریات سے اسلامی دنیا میں ایک انقلاب پیدا ہوا اور جس کے نتیجے میں دینِ اسلام تمام رسوماتِ قبیحہ، بدعات اور خلافِ شرع و خلافِ سنت باتوں سے پاک صاف ہوا۔ آپ نے ترویجِ شریعت اور احکامِ اسلامی، اتباعِ سنت اور ردِّ بدعات پر اپنی تمام زندگی صرف کر دی۔

مورخین میں یحییٰ بن احمد سرہندی مصنف تاریخِ مبارک شاہی کا نام سرِفہرست آتا ہے جن کی کتاب [illegible] تک کے واقعات کے لیے تنہا مستند ماخذ ہے۔ دوسرے مورخین میں اکبر و جہانگیر کے دور میں الہداد فیضی، حاجی ابراہیم سرہندی اور ولی سرہندی ہیں۔ فیضی نے اکبرنامہ لکھا، حاجی ابراہیم تاریخِ الفی لکھنے والوں میں شامل ہیں۔ انھوں نے اتھر بن وید کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا۔ ولی نے جہانگیر کے پہلے چودہ سال کے دورِ حکومت

www.mujaddidiway.com

کی تاریخ لکھی۔

شعرا میں ناصر علی، راسخ، ایجاد، سرخوش، سعادت یار خاں رنگین جیسے اور بزرگ شعرا گزرے ہیں جنھوں نے شاعری میں اپنا خاص طرز اختیار کیا اور جن کی شہرت ہندوستان کی سرحدوں کو پار کر کے دوسرے ممالک تک پہنچی۔ ناصر علی اور راسخ مثنوی لکھنے کے فن میں بھی ماہر تھے۔ انھوں نے مثنویوں کو فلسفیانہ موضوعات کے نظم کرنے کے لیے استعمال کیا۔

دیگر بزرگوں میں حاجی نعمت اللہ سرہندی اور میاں تھا سرہندی، شاہجہاں کے زمانے کے مشہور بزرگ اور عارف حضرت میاں میر لاہوری کے سب سے پہلے مریدوں میں تھے اور حضرت میاں میرؒ نے ان پر خاص توجہ فرمائی تھی۔

اس کتاب میں سرہند میں پیدا ہونے والے یا باہر سے آکر سرہند میں آباد ہونے والے شعرا و دیگر برگزیدگان کو شامل کیا گیا ہے۔ کتاب کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلا باب پنجاب اور سرہند کے سیاسی اور ادبی پس منظر سے متعلق ہے۔ دوسرے باب میں سرہند کے معروف و دیگر شعرا کے حالات اور کارنامے بیان کیے ہیں۔ تیسرے باب میں ان بزرگوں، مورخین اور مترجمین کا ذکر ہے جنھوں نے تصنیفات یادگار چھوڑی ہیں۔ چوتھے باب میں حضرت مجدد الف ثانیؒ، ان کے صاحبزادگان نیز مجددیہ سلسلے کے دوسرے بزرگوں کی سوانح، خدمات، تصنیفات کا بیان ہے۔ پانچویں باب میں سرہند کے دیگر علما صوفیا وغیرہ کا ذکر ہے جن کی کوئی باقاعدہ تصنیف تو نہیں ہے لیکن انھوں نے اپنے مواعظ و تدریسی خدمات سے فارسی زبان کی سلاست، صفائی، سادگی اور پاکیزگی کو برقرار رکھا اور ایسے شاگرد یادگار چھوڑے جنھوں نے فارسی ادب کی تاریخ میں نام پیدا کیا۔

آخر میں یہ خوشگوار فریضہ سمجھتا ہوں کہ ان تمام اساتذہ، دوستوں اور بہی خواہوں کا شکریہ ادا کروں جو اس کتاب کی تکمیل میں معاون، مشوق اور مشیر رہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے محترم پروفیسر سید امیر حسن عابدی صاحب قبلہ کا شکریہ ادا کرنا واجب ہے:

گر زباں شود ہر تن من بر موی
یک شکرے از ہزار نتواں کرد

میں پروفیسر [illegible] انصاری صاحب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کے لطف و توجہ نے [illegible] میں یہ تحقیقی مقالہ مکمل ہوا اور مجھے [illegible] کی ڈگری عطا ہوئی۔

[illegible] صاحب کا [illegible] کی محبت و شفقت [illegible] ہمیشہ مجھے حاصل رہی ہے [illegible] ہوں کہ خدا ان کا سایہ ہمیشہ ہم پر قائم رکھے (آمین)۔

پروفیسر [illegible] صاحب، ڈاکٹر [illegible] صاحب اور [illegible] صاحب [illegible] کے لیے انتہائی ممنون ہوں۔ [illegible] محبت اور توجہ سے [illegible] کا سلسلہ [illegible] جناب [illegible] صاحب اور جناب [illegible] صاحب [illegible] کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

اور آخر میں
[illegible] دہلی

پنجاب کا تاریخی، سیاسی اور ادبی پس منظر

پانچ دریاؤں سے سیراب سرزمین پنجاب ہمیشہ سے ایک ایسا علاقہ رہا ہے جو بیرونی اثرات قبول کرتا رہا ہے۔ اس کے زرخیز میدانوں پر بیرونی حملوں کے نتیجے میں اس نے بہت سی تہذیبوں اور مختلف نظریات و عقائد کا اثر بھی قبول کیا ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستان کے تاریخی، سیاسی، سماجی اور ثقافتی ڈھانچے کو شکل و صورت دینے میں پنجاب کا کردار ہمیشہ نہایت اہم رہا ہے۔

جغرافیائی لحاظ سے پنجاب وسطی ایشیا کے خانہ بدوش علاقوں اور گنگا کی سرسبز و زرخیز وادی کے درمیان ذریعہ اتصال رہا ہے۔ بیرونی حملہ آوروں کے لیے ایک قدرتی گزرگاہ ہونے کے علاوہ یہاں کی زرخیز مٹی، سرسبز میدان، صحت افزا آب و ہوا اور پانی کی فراوانی کی وجہ سے بیرونی لوگوں کی توجہ کا ہمیشہ مرکز رہا ہے۔

قبل تاریخ دور میں [illegible] پنجاب کی [illegible] سب سے پہلے آریہ حملہ آور ہوئے۔ بعد میں ایرانیوں یا ترکستان کے تاتاریوں نے ان کو مغلوب کیا۔ پنجاب میں [illegible] ایک تاریخی حقیقت ہے۔ سکندر نے پنجاب کو اپنی فتح کا ایک میدان بنایا۔ [illegible] ہندو حکمرانوں نے مسلم حملہ آوروں کی مزاحمت کی اور ان کی پیش قدمی کو روکے رکھا۔ بعد میں محمود غزنوی نے اس پر حملہ کر کے اس کو اپنے قبضہ میں کیا۔ چنگیز خاں کے گروہوں نے اس کے جانشینوں کے تحت پنجاب پر ہر قسم کا ظلم و تشدد [illegible] عالمی [illegible] تجربے

پنجاب کو اپنی فوجی سرگرمیوں کا مرکز بنایا۔ بابر، نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی ہر ایک سلطنت کے
موقع پر پانچ دریاؤں کے اس پار فتوحات کے لیے پنجاب کو جنگی کارروائیوں کا اڈہ بنایا۔
تقریباً سکندر کے زمانے سے شاہ زمان کے حملے کے وقت تک شمال اور مغرب کی طرف
سے ہونے والے تمام حملوں میں پنجاب ہندوستان کی مدافعت کے لیے سینہ سپر
رہا۔

پنجاب سکھ ازم کا جس کے بانی گرو بابا نانک تھے گھر ہے۔ اسی صوبہ میں رنجیت سنگھ
نمودار ہوئے جنھوں نے پنجاب میں سکھ بادشاہت کی بنیاد رکھی۔

پنجاب میں فارسی زبان اور اس کے مراکز

یہ صحیح طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ پنجاب میں فارسی زبان کب آئی لیکن خیال یہ ہے کہ
فارسی پنجاب میں اسلامی دور سے قبل آئی۔ ہخامنشی بادشاہوں نے اپنی سلطنت کو
دریائے سندھ تک وسعت دے دی تھی۔ ان کے بعد یونانی، زرتشتی اور ساسانی حکمران
آئے۔ ان کی افواج فارسی بولنے والے سپاہیوں پر مشتمل تھی۔ سکندر نے بھی ایران کے راستے
سے گزر کر ہی پنجاب پر حملہ کیا تھا۔ ان سب کی گفتگو اور باہمی بول چال کا ذریعہ فارسی ہی
تھی اگرچہ اس وقت کی زبان آج کی فارسی سے مختلف تھی۔

پنجاب میں فارسی ادب کے نقوش پانچویں صدی ہجری (گیارھویں صدی عیسوی) کے
آغاز میں پائے جاتے ہیں۔ سامانیوں کے بعد جب غزنوی حکمران اس صوبہ پر حاکم ہوئے
تو انھوں نے فارسی ادب کی ترقی میں سب سے زیادہ حصہ لیا۔ سلطان محمود نے پنجاب کو
غزنوی سلطنت کا حصہ بنایا۔ بہت سے ترک اور ایرانی ہجرت کر کے یہاں آباد ہو گئے
اور لاہور، ملتان، سرحد شمالی میں فارسی ادب کے بڑے مرکز شمار ہونے لگے۔ پہلا فارسی
دربار سلطان محمود کی زندگی میں ۴۲۹ھ / ۳۰ - ۱۰۳۷ء عیسوی میں لاہور میں

منعقد ہوا۔ اس کے علاوہ بہت سے فوجی اور سول افسران، دانشوران آ کر لاہور کے گرد و
نواح میں آباد ہو گئے۔ اس کے نتیجے میں عوام فارسی زبان و ادب اور طریقہ زندگی سے آشنا
ہوئے۔

سلطان محمود کی وفات کے فوراً بعد غزنی کے مقابلے میں لاہور غزنی حکومت کا مرکز
قرار پایا۔ اسی زمانے میں مشہور صوفی بزرگ حضرت ابوالحسن علی بن عثمان ہجویری مصنف کشف
المحجوب اور شیخ فرید الدین زنجانی لاہور آ کر آباد ہوئے۔ سلطان محمود کے جانشینوں نے بھی ادب
فن سے اپنی روایتی محبت اور لگاؤ کو اور اس کی سرپرستی کو برقرار رکھا۔ اس بنا پر بہت سے
ادیب، شاعر اور دوسرے فنکاروں نے پنجاب کی طرف ہجرت کی اور ہندوستانی فارسی
ادب کی بنیاد رکھی۔

پنجاب سے پہلا فارسی میں لکھنے والا سلطان محمود کے دور کا شاعر نکتی تھا۔ غزنوی
دور میں کچھ اور بڑے شاعر جیسے ابوالفرج رونی اور مسعود سعد سلمان بھی ہوئے ہیں جو اپنی طرز
کے مالک تسلیم کیے جاتے ہیں۔ مسعود سعد سلمان کو لاہور سے عشق تھا۔ اپنے اشعار میں وہ اکثر لاہور
کا ذکر کرتا ہے۔

سرا نگوید کامی دوست طبیب فرخ باد
نگار من بلہاور و من بہ نیشاپور

ای لاہور ویحک بی من چگونہ ای
بی آفتاب روشن، روشن چگونہ ای

شعرا حتی امرا و بادشاہوں نے پنجاب کی صحت بخش اور خوشگوار آب و ہوا اور طبعی دولت
کی بارہا تعریف و توصیف کی ہے۔ محمد اکرم غنیمت کنجاہی پنجاب کے بارے میں کہتے ہیں۔

ندیدم کشوری غارت گری تاب
بخوبی ہای حسن آباد پنجاب

بہ پنجاب انتخاب ہفت کشور
قمر خوردہ بجا کش آب کوثر

پنجاب کا کشمیر سے موازنہ کرتے ہوئے شاعر کہتا ہے ؎

ازاں حسرت کہ کی آید بہ پنجاب
دل کشمیر صد رہ می شود آب

پنجاب سے متعلق ہی اسی قریب کے ایک شاعر غلام قادر گرامی (وفات ۱۹۲۷) فرماتے ہیں ؎

برآمد لفظ پنجاب از زبانم
زبان شد موج کوثر در دہانم

مغل امرا کی اچھی خاصی تعداد جو اپنے فرائض منصبی کی وجہ سے دہلی میں رہتے تھے اپنے ذاتی مکانات لاہور میں بھی رکھتے تھے۔ جہانگیر اور نورجہاں بھی پنجاب سے بہت محبت کرتے تھے۔ اتفاق سے دونوں کی آخری آرام گاہ لاہور میں ہی ہے۔ لاہور کی تعریف میں ایک شعر نورجہاں سے منسوب ہے:

لاہور را بجان برابر خریدہ ایم
جان دادہ ایم جنت دیگر خریدہ ایم

فارسی شعرائے پنجاب کے قدرتی مناظر، حسن، زندہ دلی اور خوشگوار آب و ہوا سے انتہائی متاثر تھے۔ ان کے کلام میں اکثر پنجاب کے دریاؤں، درختوں، باغات، پھلوں، میووں اور یہاں کے زندہ دل لوگوں کی طرف اشارات ملتے ہیں۔ پنجاب میں اس زمانے میں ہر طرف ادبی سرگرمیوں کا چرچا اور دانشوروں کا شہرہ تھا۔ لاہور میں اکثر مشاعرے

منعقد ہوتے تھے۔ تذکرہ شعرای پنجاب میں ایک مشاعرہ کا ذکر درج ذیل اقتباس میں ملتا ہے۔

"روزی در لاہور در حویلی میاں مبارک پدر فیضی بتقریب مشاعرہ جملہ شعرای ہندوستان و ایران و ملتان جمع شدہ بودند بریں مصرع طرح ہر کسی غزل گفتہ بود، مرو چار شد تا نگہی با من آن جوان تنہا"[۳]

ایک اور شہر ملتان اس وقت علم و ادب کا مرکز تھا اور ادبی سرگرمیوں کے لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل تھا۔ شہزادہ سلطان محمد شہیدؒ جو اپنے باپ سلطان غیاث الدین بلبن کو نہایت عزیز تھا، ادبی شخصیتوں اور دانشوروں کی سرپرستی کے لئے بھی بہت مشہور تھا۔ امیر خسرو اور میر حسن سجزی اس کے خاص درباری شاعر تھے۔ اس کی محفلوں میں شاہنامہ، خاقانی، انوری اور نظامی کے اشعار پڑھے جاتے تھے۔ اس نے شیخ عثمان بن شیخ صدر الدین بن بہاء الدین ذکریا ملتانیؒ اور شیخ سعدیؒ کو بھی ملتان آنے اور وہاں آباد ہونے کی دعوت دی تھی۔

شہزادہ سلطان محمد بن سلطان غیاث الدین بلبن منگولوں کے خلاف جنگ میں ملتان کے نزدیک شہید ہوا تھا۔ امیر خسرو نے اس حادثہ پر ایک نہایت پرسوز مرثیہ لکھا جس میں ملتان اور پانچ دریاؤں کا اس طرح ذکر کرتے ہیں ؎

بس کہ آب چشم خلقی شد روان در چار سو
پنج آبی دیگر اندر مولتان آمد پدید[۴]

ہندوستان میں مسلم حکمرانوں کی سرپرستی، داخلی حفاظت و استحکام نے پنجاب میں فارسی ادب کی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔ پنجاب میں فارسی ادب کی تاریخ ایک ہزار سال سے زیادہ مدت میں پھیلی ہوئی ہے۔ اسی مدت میں بہت سے صف اول کے شعرا، ادبا اور دیگر ادبی شخصیتیں وجود میں آئیں اور اپنے آثار گراں مایہ سے فارسی

www.mujaddidway.com

ندیدم کشوری غارت گری تاب
بخوبی ہای حسن آباد پنجاب

پر پنجاب انتخاب ہفت کشور
قمر خوردہ بجا کش آب کوثر

پنجاب کا کشمیر سے موازنہ کرتے ہوئے شاعر کہتا ہے ؎

ازاں حسرت گری آید بہ پنجاب
دل کشمیر صد رہ می شود آب

پنجاب کے متعلق ہی ماضی قریب کے ایک شاعر غلام قادر گرامی (وفات ۱۹۲۷) فرماتے ہیں ؎

برد لفظ پنجاب از زبانم
زبان شد موج کوثر در دہانم

مغل امرا کی اچھی خاصی تعداد جو اپنے فرائض منصبی کی وجہ سے دہلی میں رہتے تھے پنجاب میں مکانات لاہور میں بھی رکھتے تھے۔ جہانگیر اور نور جہاں بھی پنجاب سے بہت محبت کرتے تھے اتفاق سے دونوں کی آخری آرام گاہ لاہور میں ہی ہے لاہور کی تعریف میں ایک شعر نور جہاں سے منسوب ہے ؎

لاہور را بجان برابر خریدہ ایم
جان دادہ ایم جنت دیگر خریدہ ایم

فارسی شعرا پنجاب کے قدرتی مناظر، حسن، زندہ دلی اور خوشگوار آب و ہوا سے انتہائی متاثر تھے۔ ان کے کلام میں اکثر پنجاب کے دریاؤں، درختوں، باغات، پھلوں پھولوں اور یہاں کے زندہ دل لوگوں کی طرف اشارات ملتے ہیں۔ پنجاب میں اس زمانے میں ہر طرف ادبی سرگرمیاں اور ہر جانب دانشوروں کا شہرہ تھا۔ لاہور میں اکثر مشاعرے

منعقد ہوتے تھے۔ تذکرہ شعرای پنجاب میں ایک مشاعرہ کا ذکر درج ذیل اقتباس میں ملتا ہے۔

"روزی در لاہور در حویلی میاں مبارک پدر فیضی بتقریب مشاعرہ جملہ شعرای ہندوستان و ایران و ملتان جمع شدند در ین مصرع طرح ہر کسی غزل گفتہ بود "رو چار شد نگہی با من آن جوان تنہا"" ۳

ایک اور شہر ملتان اس وقت علم و ادب کا مرکز تھا اور ادبی سرگرمیوں کے لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل تھا۔ شہزادہ سلطان محمد شہیدؒ جو اپنے باپ سلطان غیاث الدین بلبن کو نہایت عزیز تھا، ادبی شخصیتوں اور دانشوروں کی سرپرستی کے لیے بھی بہت مشہور تھا۔ امیر خسرو اور میر حسن سجزی اس کے خاص درباری شاعر تھے۔ اس کی محفلوں میں شاہنامہ، خاقانی، انوری اور نظامی کے اشعار پڑھے جاتے تھے۔ اس نے شیخ عثمان بن شیخ صدر الدین بن بہاء الدین ذکریا ملتانیؒ اور شیخ سعدیؒ کو بھی ملتان آنے اور یہاں آباد ہونے کی دعوت دی تھی۔

شہزادہ سلطان محمد بن سلطان غیاث الدین بلبن منگولوں کے خلاف جنگ میں ملتان کے نزدیک شہید ہوا تھا۔ امیر خسرو نے اس حادثہ پر ایک نہایت پر سوز مرثیہ لکھا جس میں ملتان اور پنج دریاؤں کا اس طرح ذکر کرتے ہیں ؎

بس کہ آب چشم خلقی شد رواں در چار سو
پنج آبی دیگر اندر مولتان آمد پدید

ہندوستان میں مسلم حکمرانوں کی مربیانہ سرپرستی، داخلی حفاظت و استحکام نے پنجاب میں فارسی ادب کی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔ پنجاب میں فارسی ادب کی تاریخ ایک ہزار سال سے زیادہ مدت میں پھیلی ہوئی ہے۔ اس مدت میں بہت سے صف اول کے شعرا، ادبا اور دیگر ادبی شخصیتیں وجود میں آئیں اور اپنے آثار گراں مایہ سے فارسی

www.mujaddidway.com

ادب کو مالا مال کیا۔

پنجابی زبان نے فرہنگ و اصطلاحات میں فارسی کے اثرات کو قبول کیا اور انکو اپنے ادب میں سمویا۔ اسی بنا پر پنجاب میں بہت سے ایسے شاعر اور ادیب ہوئے ہیں جو تینوں زبانوں اردو فارسی اور پنجابی پر عبور رکھتے تھے اور ان زبانوں میں شعر کہتے تھے۔
پنجاب میں فارسی کی مقبولیت کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ ایرانی شاعر اور دوسرے اسکالر ہندوستان آکر پنجاب کو چھوڑ کر دوسرے صوبوں میں جانے پر راضی نہیں ہوتے تھے کیونکہ پنجاب کی آب و ہوا ان کو اپنے وطن جیسی محسوس ہوتی تھی اور وہ وہاں آباد ہو گئے تھے۔

ہندوستانی فارسی ادب کی ترقی میں پنجاب کا حصہ

فارسی ادب کی ترقی میں پنجاب کے حصہ کو چار قسم کے کاموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ نثر، نظم، تراجم و تفسیریں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ہر صنف میں پنجاب کا گراں بہا حصہ ہے۔
پنجاب کا پہلا فارسی شاعر مسعود سعد سلمان (وفات ۵۱۵ھ / ۲۲-۱۱۲۱ء) کو کہا جاسکتا ہے۔ اس وقت سے اس سرزمین پر بے شمار شاعر گذرے ہیں جنھوں نے فارسی میں اپنے کلام سے فارسی ادب کو مالا مال کیا ہے۔ تذکرہ شعرائے پنجاب کے مصنف نے ۹۰۰ شاعروں کا ذکر کیا ہے جو پنجاب میں رہتے تھے یا پنجاب سے کسی نہ کسی طرح متعلق رہے تھے۔ اس میں نمایاں نام حسب ذیل ہیں: مسعود سعد سلمان، ابوالفرج رونی، فرید الدین گنج شکر، حضرت بہاء الدین زکریا، فخر الدین عراقی، سراج الدین منہاج، حضرت علی ہجویری، شاہ شرف الدین بو علی قلندر، گرو بابا نانک، عبدالرحیم خانخاناں، ظفر خان احسن، شیخ سعد اللہ گلشن، غنی، غلام مرور لاہوری، عبدالمجید سالک، صوفی غلام مصطفی تبسم، علامہ اقبال۔
پنجاب میں بہت سی سنسکرت کتابوں کے تراجم فارسی میں ہوئے جیسے مہابھارت و رزم نامہ،

www.mujaddidway.com

تاریخ کشمیر، جوگ بشست، ہری ونس وغیرہ کے ترجمہ کرنے میں ملا شیری اور ملا شاہ محمد نے نمایاں حصہ لیا۔ پنجاب کی بہت سی مقامی داستانیں بھی فارسی میں ترجمہ ہوئی ہیں۔ مثلاً ہیر رانجھا کو آفرین لاہوری نے ۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۰ء میں فارسی میں ترجمہ کیا۔ ایک اور داستان سسی پنوں کو محمد رضا نے "زیبا نگار" کے نام سے ۱۰۵۳ھ / ۱۶۴۳ء میں فارسی میں ترجمہ کیا۔ آسکین نے ۱۷۲۳ء میں مرزا صاحباں کو فارسی جامہ پہنا کر "شیخ عشق" نام دیا۔ بعد میں خیر اللہ فدا لاہوری نے بھی اس کا ترجمہ کیا۔
اسی طرح سوہنی مہینوال اور دوسری بہت سی چیزیں پنجابی سے فارسی میں ترجمہ ہوئیں۔
صوفی سنتوں نے بھی پنجاب میں فارسی کی ترقی میں نمایاں حصہ لیا۔ شاہی فاتحوں کے ساتھ اور تبلیغی مقاصد سے بہت سے صوفی اور بزرگ بھی ایران و افغانستان سے پنجاب میں آئے۔ مصنف تذکرہ اولیائے لاہور نے صرف لاہور سے ۲۰۰ صوفیوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں محمود غزنوی کے دور میں داتا گنج بخش، شاہ جہاں کے دور میں میاں میر اور ملا شاہ اپنے روحانی اثرات کے لیے بہت مشہور ہیں۔ ان کے علاوہ بابا فرید الدین گنج شکر کو ہندو اور مسلمان ہر دو نہایت احترام کرتے ہیں ان کے اشعار بابا گرو نانک نے گرو گرنتھ صاحب میں جا بجا نقل کیے ہیں اس طرح ان صوفیوں نے ملک کی وحدت اور قومی یکجہتی میں بہت بڑا رول ادا کیا ہے۔

سرہند کا تاریخی، سیاسی و ادبی پس منظر

سرہند پنجاب کا ایک مشہور شہر ہے جو مغلوں کے زمانہ میں نہایت بارونق اور آباد شہر تھا۔ اس شہر کے آباد ہونے کے بارے میں بہت سی روایات ہیں۔ ایک روایت کے مطابق اس کی بنیاد لاہور کے حکمراں سابر راؤ نے رکھی تھی۔ فرشتہ لکھتا ہے کہ شہر ہماس

شاہ جہاں کی سلطنت کی مشرقی حد تھا لیکن اس کو مورخین نے سرہند یا سہرند کے
سامانہ بتایا ہے۔

سید جلال الدین بخاری مخدوم جہانیاں کے احباب فیروز شاہ تغلق کے دورِ حکومت
میں سرہند کو دوبارہ آباد کیا گیا۔ ان کے ملفوظات میں اس کے دوبارہ آباد ہونے کے متعلق
تفصیل اس طرح ہے کہ سرہند دراصل سہرند تھا اس کے معنی "شیروں کا جنگل" ہیں۔
فیروز شاہ تغلق کے عہد میں سامانہ سے لاہور کو جانا بہت دشوار تھا اس لیے اس علاقہ
کے لوگوں نے سید جلال الدین بخاری سے درخواست کی کہ سامانہ اور دہلی کے درمیان
ایک شہر بسایا جائے تاکہ لوگوں کو حفاظت سے جایا جا سکے۔ سلطان فیروز شاہ نے اپنے
رضاعی بھائی کی درخواست کو منظور کیا اور اپنے مقرب خواجہ فتح اللہ کو جو امام رفیع الدین کے
بھائی تھے اس کے بسانے کا حکم دیا۔ خواجہ فتح اللہ نے ایک قلعہ کی تعمیر کا کام شروع کرایا لیکن
جو دن میں تعمیر ہوتی تھی رات کو کسی نامعلوم طاقت کے ذریعہ گرا دی جاتی تھی۔ اس بات
کی اطلاع سید جلال الدین بخاری کو ہوئی انھوں نے اپنے مرید اور خلیفہ امام رفیع الدین کو
اس معاملہ میں تحقیق کرنے اور قلعہ کی از سر نو بنیاد رکھنے اور وہاں آباد ہونے کا حکم دیا۔
امام رفیع الدین نے تحقیق کرنے پر پتہ چلایا کہ مزدور جو کام پر لگائے جاتے تھے ان سے جبری
طور پر کام لیا جاتا تھا۔ انھوں نے اس کو بند کرایا اور قلعہ کی دوبارہ بنیاد رکھی قلعہ مکمل
ہونے کے ساتھ ہی یہ شہر بھی آباد ہو گیا۔

ملک مبارک شاہی کے ایک بیان سے پتہ چلتا ہے کہ ۷۶۰ھ/ ۱۳۶۰ء
میں فیروز شاہ نے سامانہ کو تقسیم کر کے اس کو
ایک علاحدہ مقام بنایا۔ اس نے دریائے ستلج سے ایک نہر بھی نکالی جو اب بھی شہر
کے پاس سے گذرتی ہے۔ سرہند پہلے دہلی سلطنت کا ایک ضلع تھا فیروز شاہ
نے اس کو ... ابوالفضل نے آئین اکبری میں لکھا ہے کہ سرہند دہلی

کی ایک سرکار ہے جس کے تحت ۳۳ محل اور پرگنے ہیں۔

سرو آزاد کے مصنف لکھتے ہیں کہ اس کا پرانا نام سہرند تھا جب غزنوی حکمرانوں نے
غزنی سے سہرند تک کا علاقہ اپنے قبضہ میں لے لیا تو یہ عام طور پر سرہند یعنی ہندوستان کا
سر مشہور ہو گیا۔ جب شاہ جہاں نے کابل سے قرا باغ غزنی تک کا وسیع علاقہ فتح کر لیا تو
اس نے فرمان جاری کیا کہ اس کو 'سہرند' ہی لکھا جائے لیکن اس کے باوجود 'سرہند'
کے نام سے مشہور رہا۔ اب سرہند ایک تحصیل ہے جس کا رقبہ ۳۳۳ مربع میل ہے اور
جس میں ایک شہر اور ۳۰۰ گاؤں شامل ہیں۔

سرہند کا سیاسی پس منظر

سرہند جغرافیائی لحاظ سے اپنی کلیدی اہمیت کی وجہ سے فوجی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے
اس کو گیٹ وے آف انڈیا کہا جاتا تھا۔ اس لیے ہر بادشاہ اور حکمراں نے اس کے
آباد ہونے کے وقت سے اس کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے۔

۸۱۷ھ/ ۱۴۱۴ء میں خضر خاں نے جو دہلی کا پہلا سید حکمراں تھا اپنے لڑکے
ملک مبارک کو فیروز پور یا سرہند کا گورنر اور ملک سادھو نادر کو اس کا معاون مقرر کیا۔
۸۱۹ھ/ ۱۴۱۶ء میں وہ طغان رئیس اور دوسرے ترکوں کے ہاتھوں قتل ہوا
لیکن زیرک خاں نے جو سامانہ کا گورنر تھا دوسرے سال اس بغاوت کو کچل دیا۔ ۸۲۳ھ
/ ۱۴۲۰ء میں خضر خاں نے باغی سارنگ خاں کو سرہند کے مقام پر شکست دی۔ اس
وقت ملک سلطان شاہ لودی سرہند کا گورنر تھا سرہند میں ہی ۸۵۵ھ/ ۱۴۵۱ء میں
ملک بہلول لودی نے سلطان کا لقب اختیار کیا۔ مغل بادشاہ ہمایوں نے ۹۶۲ھ/ ۱۵۵۵ء
میں سرہند کے مقام پر ہی سکندر سوری کو شکست دی تھی۔ جب بیرم خاں نے بغاوت کی تو
۹۶۷ھ/ ۱۵۶۰ء میں سرہند میں ہی اکبر کی فوج نے اس کی سرکوبی کی۔ بعد میں سرہند

www.mujaddidiway.com

بادشاہ جے پال کی سلطنت کی مشرقی حد تھا۔ لیکن اس کو مورخین نے تبرہند یا بھٹنڈہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔

سید جلال الدین بخاری مخدوم جہانیاں کے ایماء پر فیروز شاہ تغلق کے دور حکومت میں سرہند کو دوبارہ آباد کیا گیا۔ زبدۃ المقامات میں اس کے دوبارہ آباد ہونے کے متعلق تفصیل اس طرح ہے کہ سرہند دراصل سہرند تھا جس کے معنی شیروں کا جنگل ہیں۔ فیروز شاہ تغلق کے عہد میں سامانہ سے خزانہ کو لے جانا بہت دشوار تھا۔ اس لیے اس علاقہ کے لوگوں نے سید جلال الدین بخاری سے درخواست کی کہ سامانہ اور دہلی کے درمیان ایک نیا شہر بسایا جائے تاکہ خزانہ کو حفاظت سے لے جایا جا سکے۔ سلطان فیروز شاہ نے اپنے درباری اس تجویز کو منظور کر لیا اور اپنے مقرب خواجہ فتح اللہ کو جو امام رفیع الدین کے بھائی تھے اس کے بنانے کا حکم دیا۔ خواجہ فتح اللہ نے ایک قلعہ کی تعمیر کا کام شروع کرایا لیکن جو دیوار دن میں تعمیر ہوتی تھی رات کو کسی نامعلوم طاقت کے ذریعہ گرا دی جاتی تھی۔ اس بات کی اطلاع سید جلال الدین بخاری کو ہوئی جنہوں نے اپنے مرید اور خلیفہ امام رفیع الدین کو اس معاملے میں تحقیق کرنے اور قلعہ کی از سر نو بنیاد رکھنے اور وہاں آباد ہونے کا حکم دیا۔ امام رفیع الدین کو تحقیق کرنے پر پتہ چلا کہ جو لوگ یہاں لگائے جاتے تھے ان سے جبری طور پر کام لیا جاتا تھا۔ انہوں نے اس کو بند کرایا اور قلعہ کی دوبارہ بنیاد رکھی۔ قلعہ مکمل ہونے کے ساتھ ہی نیا شہر بھی آباد ہو گیا۔

تاریخ مبارک شاہی کے ایک بیان سے پتہ چلتا ہے کہ قلعہ ۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء میں تعمیر ہوا۔ فیروز شاہ نے ۷۶۰ھ/۱۳۶۰ء میں جب سامانہ کو تقسیم کر کے اس کو نئے ضلع کا صدر مقام بنایا۔ اس نے دریائے ستلج سے ایک نہر بھی نکالی جو اب بھی شہر کے پاس سے بہتی ہے۔ سرہند پورے دہلی سلطنت کا ایک حصہ ظاہر کرتا رہا۔ فیروز شاہ نے اس کو ولی عہد کو جاگیر میں دیا۔ ابوالفضل نے آئین اکبری میں لکھا ہے کہ سرہند دہلی

کی ایک سرکار ہے جس کے تحت ۳۳ محال اور پرگنے ہیں۔

سرو آزاد کے مصنف لکھتے ہیں کہ اس کا پرانا نام سہرند تھا جب غزنوی حکمرانوں نے غزنی سے سہرند تک کا علاقہ اپنے قبضہ میں لے لیا تو یہ عام طور پر سرہند یعنی ہند کی سرحد کے نام سے مشہور ہو گیا۔ جب شاہ جہاں نے کابل سے قرا باغ غزنی تک کا سارا علاقہ فتح کر لیا تو اس نے فرمان جاری کیا کہ اس کو سہرند ہی لکھا جائے لیکن اس کے باوجود یہ سرہند کے نام سے مشہور رہا۔ اب سرہند ایک تحصیل ہے جس کا رقبہ ۳۳۳ مربع میل ہے اور جس میں بیس شہر اور ۳۰۰ گاؤں شامل ہیں۔

سرہند کا سیاسی پس منظر

سرہند جغرافیائی لحاظ سے اپنی کلیدی اہمیت کی وجہ سے فوجی سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے اس کو 'گیٹ وے آف انڈیا' کہا جاتا تھا۔ اس لیے ہر بادشاہ اور حکمران نے اس کے آباد ہونے کے وقت سے اس کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے۔

۸۱۷ھ/۱۴۱۴ء میں خضر خان نے جو دہلی کا پہلا سید حکمران تھا اپنے لڑکے ملک مبارک کو فیروز پور یا سرہند کا گورنر اور ملک سادھو نادرہ کو اس کا معاون مقرر کیا۔

۸۱۹ھ/۱۴۱۶ء میں وہ طغان رئیس اور دوسرے ترکوں کے ہاتھوں قتل ہوا لیکن زیرک خان نے جو سامانہ کا گورنر تھا دوسرے سال اس بغاوت کو کچل دیا۔ ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء میں خضر خان نے باغی سارنگ خان کو سرہند کے مقام پر شکست دی۔ اس وقت ملک سلطان شاہ لودی سرہند کا گورنر تھا۔ سرہند میں ہی ۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء میں ملک بہلول لودی نے سلطان کا لقب اختیار کیا۔ مغل بادشاہ ہمایوں نے ۹۶۲ھ/۱۵۵۵ء میں سرہند کے مقام پر ہی سکندر سوری کو شکست دی تھی۔ جب بیرم خان نے بغاوت کی تو ۹۶۷ھ/۱۵۶۰ء میں سرہند میں ہی اکبر کی فوج نے اس کی سرکوبی کی۔ اکبر نے سرہند

کو اپنی فوجی سرگرمیوں کا مرکز بنایا۔

اورنگ زیب اور دارا شکوہ کے درمیان جانشینی کی جنگ میں دارا نے دس ہزار فوج کے ساتھ سرہند کی طرف مارچ کیا اور دیو گلکڑ کی املاک پر قبضہ کر لیا جو وہاں سے بھاگ گیا تھا۔ دارا نے ستلج کو عبور کر کے تمام کشتیوں کو برباد کر دیا تاکہ اورنگ زیب کی فوج کی پیش قدمی کو روکا جا سکے۔

اورنگ زیب اور پہاڑی راجاؤں نیز گرو گوبند سنگھ کے درمیان بہت سی جنگیں سرہند کے مقام پر ہوئیں جس کے نتیجے میں سرہند تباہ و برباد ہو گیا۔ ۱۷۰۴ء میں بایزید خاں گورنر سرہند نے گرو گوبند سنگھ کے دو لڑکوں کو اس شہر میں زندہ چنوا دیا تھا۔ ۱۷۱۰ء میں بندہ بیراگی نے سرہند پر قبضہ کر لیا اور بایزید خاں کو قتل کر دیا۔ جب احمد شاہ ابدالی نے ہندوستان پر حملہ کیا تو اس نے ۱۷۶۱ء میں زین خان کو سرہند کا گورنر بنایا لیکن سکھوں کے ساتھ ایک مقابلہ میں ۱۷۶۳ء میں زین خاں مارا گیا۔ احمد شاہ ابدالی نے ہندوستان پر دوبارہ حملہ محمد شاہ کے عہد میں کیا اور تیس ہزار فوج کے ساتھ سرہند میں داخل ہوا۔ اس نے شہر کو تباہ و برباد کر دیا اور جس نے بھی [illegible] اس کو ختم کر دیا۔

سرہند کی تاریخی اور تہذیبی اہمیت

کسی زمانہ میں سرہند گیٹ وے آف انڈیا کہلاتا تھا جہاں سے بادشاہ، سوداگروں کے قافلے، سیاح اور [illegible] گذرتی تھیں۔ اس طرح یہ شہر مختلف تہذیبوں کا ایک سنگم بن گیا تھا۔ مغل دور میں سرہند ایک بہت بارونق اور سرسبز و شاداب شہر تھا کیونکہ شاہجہان کے عہد میں یہاں مسجدیں، سرائے اور مقبرے تھے۔ مشہور صوفی حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی اور ان کی اولاد نیز خلفاء کے مقبرے بھی اس شہر میں ہیں

اور عقیدت مندوں کے لئے زیارت کا مرکز ہیں۔ حافظ رخنہ (وفات ۱۰۰۱ھ/۱۵۹۲-۹۳ء) اکبر کے دور میں سرہند کے گورنر تھے۔ انھوں نے بہت سی عمارات، باغات اور تالاب یہاں تعمیر کرائے۔ جہانگیر کے زمانہ کی کچھ تعمیرات ابھی حال ہی میں (جولائی ۱۹۷۵ء) میں سرہند میں دریافت ہوئی ہیں۔ یہ پرانے قلعہ کے ایک باغ بنام "عام خاص باغ" میں ملی ہیں۔ اس میں پھولوں کے نقش و نگار کے ساتھ ایک محل اور ایک بیگم کا محل بھی شامل ہیں۔ ہو سکتا ہے یہ جہانگیر کا "دولت خانۂ خاص" ہو جس کا ذکر اس نے تزک میں کیا ہے۔

شاہ جہاں نے بھی خوبصورت عمارتیں بنا کر اس کی شان و شوکت میں اضافہ کیا۔ اس نے ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴-۳۵ء میں یہاں ایک محل اور باغ تعمیر کرایا۔ شاہ جہاں کی ایک ملکہ کا نام سرہندی بیگم تھا اور وہ سرہند کی رہنے والی تھی۔ اس کا مقبرہ آگرہ میں ہے۔ دہلی میں لاہوری دروازہ پر ایک مسجد بھی اس بیگم کے نام سے "سرہندی مسجد" موجود ہے۔ مغل بادشاہ اکثر سرہند سے گذرتے ہوئے سرہند میں قیام کرتے تھے۔ اقبال نامہ کا مصنف لکھتا ہے:

"بیست و نہم اسفندیار از قصبہ سرہند کہ از جملہ خالصات است در منزل سرا فرود آمدند۔ شدہ و عہد باغ حافظ رخنہ کہ در عہد حضرت عرش آشیانی طرح پذیرفتہ بہ منتہائے کمال رسیدہ۔"

"..... بیست و نہم ماہ بجشن باغ حافظ رخنہ کہ بخیر و چراغ سرسبز ست سرہند از فیض نزول موکب سعادت بہشت روئی زمین شد۔"

سرہند میں ہی ۵ شوال ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء کو ممتاز محل نے امید بخش کو جنم دیا۔ شاہ جہاں اس وقت شہزادہ تھا اور جہانگیر کے ساتھ کشمیر جا رہا تھا۔

اکبر اور جہانگیر کے دور کے مشہور صوفی بزرگ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد

اور ... کر جاتا۔

[illegible] سکھوں کے درمیان [illegible] جنگ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] سکھوں [illegible] سرہند [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

سرہند کی تاریخی اور تہذیبی اہمیت

[illegible] سرہند [illegible] شاہجہاں سے بادشاہ [illegible]
[illegible]
[illegible] سرہند ایک بہت بڑا [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] سرہند [illegible]
[illegible]
[illegible] جہانگیر [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
کیا ہے۔

شاہجہاں [illegible]
[illegible]
[illegible] سرہند [illegible]
[illegible]
[illegible] سرہند [illegible]
[illegible] ہے۔

[illegible] سرہند [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] سرہند
[illegible]
سرہند [illegible]
[illegible]
جہانگیر [illegible]
اکبر اور جہانگیر کے دور کے مشہور [illegible]

www.mujaddidway.com

سرہندی گھرانوں اور سلسلہ کے دوسرے بزرگ سرہند سے ہی تعلق رکھتے تھے شاہجہاں
بھی اور مغل دربار بھی اس سلسلہ کے بزرگوں کا بہت احترام کرتے تھے اور ان کے مرید
تھے۔ ایک شاعر نے سرہند کو بڑی محبت سے خراج پیش کیا ہے

سرہند گو کہ رشک بریں است

ظاہر است بریں کہ بر زمین است

یک ملک صد هزار و بیار گشتی کہ کجے تر زمین

کہ او نہ قصد بہ شہر بیست و بہار است

کنون در خطہ ہندوستان است

لا سوا اینہا شہر بیست در ہند

کہ اندر پاک او بنیاد سرہند

سواد شہر نظف خوش خوش است

خیابانش توتیای چشم روشن است

دراں شہر یک عاشق مضطر آمد

بعد عالمے کا سنے بر آمد[۳]

سرہند کا ادبی پس منظر

فارسی ادب نے ہندوستان میں سب سے پہلے پنجاب میں نشوونما پائی اور جو
فارسی ادب ہندوستانی تہذیب کا ایک جزو لازم بن گیا۔ لاہور، ملتان اور سرہند ادبی سرگرمیوں
کے اہم مراکز بن گئے تھے۔ سرہند ایک عام گذرگاہ ہونے کی وجہ سے کئی قوموں اور تہذیبوں
کا مسکن بن گیا۔ اس کی جھلک یہاں وجود میں آنے والی ادبی تخلیقات میں
بھی ملتی ہے۔ سرہند میں فارسی کی تخلیقات سے چشم پوشی اور بے توجہی برتی گئی اس لیے

بیرونی قوم کے سامنے نہیں جھکیں اور مقابلہ کرتی رہیں۔

سرہند کے ایک ممتاز مورخ یحییٰ بن احمد سرہندی نے تاریخ مبارک شاہی لکھی جو اس
دور کی تاریخ کے لیے ایک مستند ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔

بعد کے مورخین جیسے فرشتہ، بدایونی، نظام الدین احمد نے اس دور کے حالات
کے لیے اسی کتاب کو بنیاد بنایا ہے۔ ... اور ... سرہندی اور ... سرہندی بھی
دور کے مورخ تھے ... سرہندی نے جہانگیر کے دور کے پہلے ... سال کے حالات قلمبند
کیے ہیں۔

ممتاز شاعر جیسے ناصر علی سرہندی ... سرہند سے ہی تعلق رکھتے تھے
اور امراء اور بادشاہ بھی ان کا احترام اور قدر دانی کرتے تھے۔

ہندوستان میں نقشبندیہ مجددیہ سلسلہ کے بانی حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات
اور دوسری تصانیف کی شکل میں فارسی ادب کو گراں بہا ذخیرہ ملتا ہے۔ ان کے بعد ان کے
خلفاء اور صاحبزادگان نے اس سلسلہ کو جاری رکھا۔

سرہندی اور مجددی سلسلے کے دوسرے بزرگ سرہند سے ہی تعلق رکھتے تھے شاہجہاں اور اورنگ زیب اس سلسلے کے بزرگوں کا بہت احترام کرتے تھے اور ان کے مرید تھے ایک شاعر نے سرہند کو زمین پر جنت سے تعبیر کیا ہے

سرہند بگو کہ رشک چمن است
خلدیست بریں کہ بر زمین است

ایک اور صوفی شاعر خواجہ ہاشم کشمی کہتے ہیں:

کز ان قند یکہ شیرین تر ز جان است
کنوں در خطۂ ہندوستان است
سواد آباں شہریست در ہند
کہ نامد پاکی او ہمچو اد سرہند
سواد زلف و خار خوش است
غبارش توتیای چشم روح است
وزاں شہر یکہ تاش مظہر آمد
بعد ما عجب کانے بر آمد[۲۱]

سرہند کا ادبی پس منظر

فارسی ادب نے ہندوستان میں سب سے پہلے پنجاب میں نشو و نما پائی اور پنجاب دفتر و ترجمہ دو ایرانی تمدن کا ایک بڑا مرکز بن گیا۔ لاہور، ملتان اور سرہند ادبی سرگرمیوں کے اہم مراکز میں شمار ہوتے ہیں۔ سرہند ایک عام گذرگاہ ہونے کی وجہ سے کئی تہذیبوں اور زبانوں کا سنگم بن گیا۔ اسی کی جھلک وہاں وجود میں آنے والی ادبی تخلیقات میں ملتی ہے۔ سرہند میں فارسی کی تخلیقات سے چشم پوشی اور بے توجہی برتی گئی اس لیے

بیشتر عوام کے سامنے نہیں آ سکیں اور ضائع ہو گئیں۔

سرہند کے ایک ممتاز مورخ یحییٰ بن احمد مصنف تاریخ مبارک شاہی تھے جو اپنی دور کی تاریخ کے لیے ایک مستند ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔

بعد کے مورخین جیسے فرشتہ، بدایونی، نظام الدین احمد نے اس دور کے حالات کے لیے اسی کتاب کو بنیاد بنایا ہے۔ اللہ داد فیضی سرہندی اور حاجی ابراہیم سرہندی اکبر کے دور کے مورخ تھے۔ ولی سرہندی نے جہانگیر کے دور کے پہلے چودہ سال کے حالات قلمبند کیے ہیں۔

ممتاز شاعر جیسے ناصر علی سرہندی اور شیخ ... بھی سرہند سے ہی تعلق رکھتے تھے اور امراء اور بادشاہ بھی ان کا احترام اور قدردانی کرتے تھے۔

ہندوستان میں نقشبندیہ مجددیہ سلسلے کے بانی حضرت مجدد الف ثانی نے مکتوبات اور دوسری تصانیف کی شکل میں فارسی ادب کو گراں بہا ذخیرہ بخشا ہے۔ ان کے بعد ان کے خلفا اور صاحبزادگان نے اس سلسلے کو جاری رکھا۔

باب اول

حواشی

۱۔ ہسٹری آف پنجاب صفحہ ۳
۲۔ " " " صفحہ ۳-۴
۳۔ تذکرہ شعرائے پنجاب صفحہ ۵
۴۔ " " صفحہ ۵
۵۔ امپیریل گزیٹیر جلد ۲۳ صفحہ ۲۰
۶۔ زبدۃ المقامات جلد دوم صفحہ ۹۲-۹۳
۷۔ تاریخ مبارک شاہی صفحہ ۱۲۴-۱۲۵، ترکنازانِ ہند صفحہ ۴۲۴-۴۲۵
۸۔ ہفت اقلیم جلد اول صفحہ ۳۴۰
۸۔ مبارک شاہی صفحہ ۱۳۰ زبدۃ المقامات (ص-۹۰) میں اس کو فیروزآباد لکھا ہے
۹۔ سرو آزاد صفحہ ۱۲۹
۱۰۔ گزیٹیر جلد ۱۲ صفحہ ۲۲
۱۱۔ " جلد ۲۳ صفحہ ۲۱
۱۲۔ پنجاب انڈر مغل صفحہ ۴۰
۱۳۔ " صفحہ ۲۱۶
۱۴۔ " صفحہ ۲۱۹
۱۵۔ گزیٹیر جلد ۲۳ صفحہ ۲۱
۱۶۔ انڈین ایکسپریس ۱۱ جولائی ۱۹۷۵

۱۷۔ بایوگرافیکل ڈکشنری صفحہ ۳۵۳
۱۸۔ عمل صالح جلد اول صفحہ ۶۲۲
۱۹۔ " جلد دوم صفحہ ۸۰
۲۰۔ " جلد اول صفحہ ۱۳۰
۲۱۔ روضۃ القیومیہ جلد اول صفحہ ۳۷ (اردو ترجمہ)

www.mujaddidway.com

باب اول

حواشی

١- ہسٹری آف دی پنجاب صفحہ [illegible]
٢- " " صفحہ [illegible]
٣- [illegible] پنجاب صفحہ [illegible]
٤- " " صفحہ [illegible]
٥- امپیریل گزیٹیئر جلد [illegible] صفحہ [illegible]
٦- زبدۃ المقامات جلد دوم صفحہ [illegible]
٧- تاریخ مبارک شاہی صفحہ [illegible] [illegible]
٨- [illegible] جلد اول صفحہ [illegible]
٩- مبارک شاہی صفحہ [illegible] زبدۃ المقامات [illegible]
١٠- [illegible] صفحہ [illegible]
١١- گزیٹیئر جلد [illegible] صفحہ [illegible]
١٢- " جلد [illegible] صفحہ [illegible]
١٣- پنجاب [illegible] صفحہ [illegible]
١٤- " صفحہ [illegible]
١٥- " صفحہ [illegible]
١٦- گزیٹیئر جلد [illegible] صفحہ [illegible]
١٧- [illegible]

١٨- [illegible] صفحہ [illegible]
١٩- [illegible] جلد اول صفحہ [illegible]
٢٠- " جلد دوم صفحہ [illegible]
٢١- " جلد اول صفحہ [illegible]
٢٢- [illegible] جلد اول صفحہ [illegible] [illegible]

www.mujaddidway.com

باب اول

حواشی

۱۔ ہسٹری آف پنجاب صفحہ ۳

۲۔ " " " صفحہ ۳-۴

۳۔ تذکرہ شعرائے پنجاب صفحہ ۵

۴۔ " " صفحہ ۵

۵۔ امپیریل گزیٹیئر جلد ۲۳ صفحہ ۲۰

۶۔ زبدۃ المقامات جلد دوم صفحہ ۹۲-۹۳

۷۔ تاریخ مبارک شاہی صفحہ ۱۲۴-۱۲۵، ترکتازانِ ہند صفحہ ۴۲-۴۵

۸۔ ہفت اقلیم جلد اول صفحہ ۳۴۰

۸۔ مبارک شاہی صفحہ ۱۳۰ زبدۃ المقامات (ص ۹۰) میں اس کو فیروز آباد لکھا ہے

۹۔ سرو قند و صفحہ ۱۲۷

۱۰۔ گزیٹیئر جلد ۱۲ صفحہ ۲۴

۱۱۔ " جلد ۲۳ صفحہ ۲۱

۱۲۔ پنجاب انڈر مغل صفحہ ۴۰

۱۳۔ " صفحہ ۲۱۷

۱۴۔ " صفحہ ۲۱۹

۱۵۔ گزیٹیئر جلد ۲۳ صفحہ ۲۱

۱۶۔ انڈین ایکسپریس ۱۰ جولائی ۱۹۷۵

۱۷۔ بایوگرافیکل ڈکشنری صفحہ ۳۵۳

۱۸۔ عمل صالح جلد اول صفحہ ۶۲۴

۱۹۔ " جلد دوم صفحہ ۶۰

۲۰۔ " جلد اول صفحہ ۱۳۰

۲۱۔ روضۃ القیومیہ جلد اول صفحہ ۴۰ (اردو ترجمہ)

www.mujaddidway.com

سرہند میں فارسی شاعری کا عمومی جائزہ

سرہند اگرچہ فیروز شاہ تغلق کے عہد میں آباد ہوا لیکن اس شہر کے ادبی افق پر فارسی زبان و ادب کے درخشندہ ستارے کچھ عرصے بعد نمودار ہوئے۔ شروع آغاز میں لشکری و تجارتی سرگرمیوں کا مرکز رہا۔ پنجاب، کشمیر وغیرہ سے شاہی افواج و قافلوں اور کاروانوں کے لیے واحد راستہ سرہند سے ہی گزر کر جاتا تھا۔ رفتہ رفتہ یہاں فارسی ادب نے پنپنا شروع کیا، اور ایک وقت ایسا آیا کہ یہ فارسی زبان و ادب کا ایک اہم مرکز شمار کیا جانے لگا۔ اسی سرزمین پر لکھی جانے والی تاریخی کتابوں میں سب سے پہلے یحییٰ سرہندی کی تاریخ مبارک شاہی کا نام آتا ہے جو آج بھی ایک مستند ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔ اکبر کے دور میں بھی اگرچہ یہاں نامور علما اور صاحب علم و قلم حضرات پیدا ہوئے مگر ان کا قلم نثر ہی کے کاموں تک محدود رہا۔ اللہ داد فیضی نے اپنی تمام توجہ نثر پر مرکوز رکھی حالانکہ ان کی بعض تصانیف میں ان کے اشعار بھی ملتے ہیں۔ لیکن شاعری کا آغاز ابھی باقاعدہ نہیں ہوا تھا۔

سرہند میں فارسی شاعری کا سورج اس وقت طلوع ہوا جب اورنگ زیب سریر آرائے سلطنت ہوا۔ اورنگ زیب کے مزاج پر مذہبیت کا رنگ غالب تھا۔ فنون لطیفہ سے اسے خاص دلچسپی نہیں تھی۔ ملک الشعرا کا عہدہ اس نے ختم کر دیا۔ دوسرے شعرا کے وظائف منسوخ ہو گئے۔ ایرانی شعرا کی آمد کا سلسلہ بھی نسبتاً کم ہو گیا۔ اس کا ایک خوشگوار نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوستانی شاعری کو اپنی مخصوص اور آزاد فضا میں نشوونما کا موقع ملا۔

اورنگ زیب کی اس بے تعلقی کے باوجود ہندوستان میں فارسی شاعری کی شمع روشن رہی اور بہترین ادبی تخلیقات وجود میں آئیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اورنگ زیب قصیدہ گوئی کا مخالف تھا مگر خود شعر فہم تھا۔ جہاں اس نے ناصر علی کی شاعرانہ خوبیوں کو سن کر یہ کہا "اگر زبان را بانشای شعر آشنا نکند، دو روپیہ یومیہ برجہر مکانے کہ التماس نماید مقرر کردہ شود" وہاں اس نے عاقل خاں کو ایک شعر کی بدولت اپنا مقرب اور مصاحب بنا لیا۔

سرہند میں فارسی شاعری کو اسی دور میں زیادہ عروج حاصل ہوا۔ ناصر علی، راسخ، ثاقب، ایجاد، سرخوش سرہند کے بڑے اور اہم شعرا میں شمار ہوتے ہیں۔ نواب سیف خاں، ذوالفقار خاں اور نواب شکراللہ خاں ناصر علی پر بہت مہربان تھے اور ہر طرح ان کی سرپرستی فرماتے تھے۔ راسخ سرہندی، نواب مکرم خاں کے دربار سے وابستہ تھے۔ اورنگ زیب کے پوتے شہزادہ عظیم الشان کے دربار میں محمد احسن ایجاد رہتے تھے۔ سرخوش اور ان کے دوسرے برادران بھی عالمگیر کی ملازمت میں تھے۔

سرہند کے فارسی شعرا کے کلام میں فلسفہ تصوف اور عشق یکجا ہو کر شاعری کا سرمایہ ہو گئے اور اسی آمیزش سے ایسی دلآویزی پیدا ہوئی جو فارسی شاعری کے رگ و ریشہ میں سرایت کر گئی اور یہی اوصاف سبک ہندی کی اساس ہیں۔ سرہند میں مجددیہ خاندان کی تعلیمات کا اثر شعرا پر بھی پڑا اور شاعری پر صوفیانہ خیالات غالب آ گئے۔

اس دور میں مضمون آفرینی، خیال بندی، فلسفیانہ موشگافی کی تحریک چل پڑی تھی۔ ایرانی شعرا کی آمد کم ہو جانے سے شاعری میں ہندوستانی موضوعات اور اثرات نمایاں ہو گئے۔ غنی، ناصر علی اور بیدل تینوں نے عالم خیال کی سیر کی۔ غنی نے نئے نئے مضامین کی جستجو کی، ناصر علی نے تصوف کے اسرار و رموز کی تلاش کی اور بیدل نے حقائق و معانی کی جستجو کی۔ غنی نے امثال، ناصر علی نے جدید اصطلاحات اور بیدل نے جدت اسلوب کو وسیلہ بنایا۔ ناصر علی نے محاوروں کو نہایت عمدہ طریقے سے باندھا۔ اس وقت کے تصورات،

صرف نیا خیالات اور فلسفیانہ نکات کو ادا کیا۔ خیال بندی کا اور وقت پسندی کی روش وقت کا ہی تقاضا تھی۔ لہٰذا ناصر علی و دیگر شعرا نے بھی یہ روش اپنائی۔

سرہند میں پیدا ہونے والے دوسرے شعرا راسخ، ایجاد، ثاقب، شیخ محمود میراں، سرخوش اور دوسرے بہت سے شعرا نے ناصر علی کی تقلید اور پیروی کی کوشش کی مگر بہت کم کامیاب ہوسکے۔

سرہند کے شعرا نے وقت کے تقاضے کے مطابق قصیدہ گوئی پر بہت کم توجہ دی۔ غزل، مثنوی، رباعی، قطعہ وغیرہ اصناف کے مقابلے میں سرہند کے شعرا ملک کے دوسرے حصوں کے شعرا سے پیچھے نہیں رہے۔

نہ بود آں ساں کہ شوخی در دل تنگ غزل می ماند
بقدر بحر باشد وسعت آغوش ساحلہا

ناصر علی سرہندی

باب دوم (۱)

معروف شعرا

ناصر علی سرہندی

ناصر علی سرہندی بلاشبہ اورنگ زیب کے دور میں بیدل کے بعد فارسی کے عظیم شاعر ہیں۔ ان کا تخلص علی تھا۔ وہ سرہند کے ایک معزز سید خاندان سے تھے ان کے والد کا نام رجب علی بیگ اور رسائی[۱] تخلص تھا۔ ان کی جائے پیدائش سرہند ہے۔[۲] ان کی تاریخ پیدائش کا کسی ذریعہ سے پتہ نہیں چلتا لیکن ان کی وفات ۱۱۰۸ھ/ ۹۷-۱۶۹۶ء میں ہوئی اور سرو آزاد (صفحہ ۱۳۱) و کلمات الشعرا (صفحہ ۱۲۹) کے مطابق انھوں نے ستر سال کی عمر پائی لہٰذا ان کی پیدائش ۱۰۴۸ھ/ ۳۹-۱۶۳۸ء کے قریب ہوگی۔ ناصر علی نے ابتدائی تعلیم سرہند میں ہی حاصل کی۔ وہ سرخوش کے بچپن سے ہی قریبی دوستوں میں سے تھے۔

"از یاران قدیم فقیر بود۔ از خورد سالی یکجا باہم مشق می کردیم و صحبتہا میداشتیم این شعر که ردیف مناسب حال من و اوست:

طالع شہرت رسوائی مجنون بیش است
ورنہ وحشت من و او ہر دو بیک بام افتاد"[۳]

ناصر علی سب سے پہلے نواب سیف خاں[۴] گورنر کشمیر کی سرکار سے وابستہ ہوئے ۱۰۸۷ھ/ ۷۷-۱۶۷۶ء میں سیف خاں کا تبادلہ الٰہ آباد ہوا تو ناصر علی بھی ہمراہ تھے ۱۰۹۵ھ/ ۸۴-۱۶۸۳ء میں سیف خاں کی وفات تک وہ ان کے ساتھ وہاں رہے اس کے

www.mujaddidway.com

بعد وہ سرہند لوٹ آئے جہاں ان کے انتقال پر ناصر علی کو جو ذہنی صدمہ پہونچا اس کا اندازہ ان کے پرسوز مرثیہ سے ہوتا ہے

سیف از سرم گذشت دلم را دو نیم کرد [۷]

تحریک چل پڑی۔ غنی، ناصر علی اور بیدل اسی تحریک کے علمبردار ہیں۔ ان تینوں نے عالم خیال کی بھی سیر کی۔ غنی نئے نئے مضامین کی جستجو میں رہے۔ ناصر علی نے تصوف کے رموز و نکات تلاش کیے اور بیدل نے حقائق و معانی کی جستجو کی۔ جو کچھ ان پر منکشف ہوا اس کے اظہار کے لیے غنی نے امثال، ناصر علی نے اصطلاحات اور بیدل نے جدتِ اسلوب کو وسیلہ بنایا۔ ناصر علی نے اسی کے ساتھ محاوروں کو نہایت عمدہ طریقے سے باندھا۔ انھوں نے ایک کتابی زبان میں اس وقت کے تصورات، صوفیانہ خیالات اور فلسفیانہ نکات کو ادا کیا اور محاورہ کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دیا۔

خیال بندی اور دقت پسندی کی روش وقت کے ادبی تقاضوں کا نتیجہ تھی، انفرادی اپج نہیں تھی۔ اس روش میں بہنے والے غنی، ناصر علی اور بیدل ہی نہیں بلکہ ان سے بیشتر اور قریب تر دور کے عرفی اور ظہوری نے ہندوستان میں اور جلال اسیر اور شوکت بخاری نے ایران میں تخیل کی پیچیدہ اداؤں کو شعر میں باندھا۔ اس دور کے اسلوب شاعری کو سمجھنے کے لیے تذکرہ نتائج الافکار کے مصنف کا بیان قابل توجہ ہے:

"دیگر معاصران ملک قمی، ظہوری و نظیری نیز طرز جدید بر روی کار آوردہ سحر سامری وا نمودند و میرزا جلال اسیر بانی بنیاد خیال بندی گردید و شوکت بخاری آن را بالاتر ساخت و شیخ ناصر علی سرہندی و محمد افضل سرخوش و عبدالقادر بیدل خیال را بمرتبہ اقصیٰ رسانیدند و دست ہمہ را بالغ بدال نیز سید و غنی کشمیری و مرزا صائب در صفت تمثیل بی مثل بر آمدند۔"[۳۰]

لیکن ناصر علی کے اس طرز کی پیروی و تقلید بہت کم لوگ کر سکے۔ کافی شاعروں نے کوشش کی مگر جیسا کہ سرخوش لکھتے ہیں اپنی طرز کو بھی گم کر بیٹھے۔ شیخ محمود حیران کے بارے میں سرخوش لکھتے ہیں:

"می خواست کی بتقلید ناصر علی راہ رود، راہ اصلی خود را ہم گم کردہ بیراہ است"

وشعر لکھتے ہیں کہ شاہ آفرین اور میر غلام علی آزاد بلگرامی اس تقلید میں کامیاب رہے ہیں۔

غزل گوئی: ناصر علی کی غزلوں میں یوں تو اس دور کی تمام مصنوعی آرائشیں ایہام، تمثیل، تلمیح وغیرہ ملتی ہیں۔ لیکن خاص چیز یہ ہے کہ ان کے یہاں خیالات اور زبان کی عجب دلکشی پائی جاتی ہے۔ ان کے یہاں جذبات کی شدت اور احساسات کی لطافت اپنے بے مثل امتزاج سے ایک عجیب عالم پیدا کرتی ہے۔ ان کا محبوب بھی ہے۔ ناصر علی نے غزل کی اس عمارت کو جو جلال اسیر اور دوسرے شاعروں کے ہاتھوں خراب ہو رہی تھی، پھر سے اٹھانے کی کوشش کی۔ انھوں نے جس خلوص اور لگن سے غزل کے احیاء کی کوشش کی، اس کا نتیجہ ضرور نکلا۔ انھوں نے ثابت کر دیا کہ فلسفہ کی پیچیدگی اور تخیل کی گہرائی کے باوجود خلوص اور جذبات کی حرارت سے غزل کا حسن باقی رکھا جا سکتا ہے۔ ناصر علی کے یہاں خیال اور زبان دونوں میں پر خلوص جوش ہے اور یہی ان کے فن کا کمال ہے۔

خصوصیت کلام: تصوف ناصر علی کا محبوب موضوع ہے۔ ان کے اکثر اشعار کی تہ میں تصوف کے نکات ہوتے ہیں۔ فرماتے ہیں:

باصور زادہ عشقیم شاعر نیستیم
یک قلم تصویر معشوق است در دیوان ما

دقت پسندی: ناصر علی معشوق کے خد و خال نمایاں کرنے کے لیے اشارات و کنایات کا پیرایہ اختیار کرتے ہیں اور مثال سے توجیہ پیش کرکے مسائل تصوف کو سمجھانے کی کوشش بھی کی ہے۔ تخیل کے زور سے اشارات و کنایات اکثر بعید از کار اور غیر متناسب ہو گئے ہیں، جس سے دقت آفرینی کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے اور ان کے کلام میں جا بجا یہ کیفیت نظر آتی ہے۔ حالانکہ وہ خود اس کے قائل نہیں، فرماتے ہیں:

سیف خاں را بدقت آفرینی شہرہ کرد
ورنہ شعرے زیر لب خواں شد علی خان ما

اس میں شک نہیں کہ دقت آفرینی ناصر علی کی شاعری کی اہم خصوصیت ہے۔

بلاغت: ان کے اشعار سے معانی آسانی سے اخذ نہیں ہو سکتے۔ ان کا تخیل عام طور پر پیچیدہ ہے اور استعارے بعید از کار و دور از فہم۔ یہی اسلوب شاعری بھی تھا اور اسی کو بیگ بندی سے موسوم کیا جاتا ہے۔ انھیں خود بھی اس کا اعتراف ہے:

محال است اینکہ معنی رم کند از شوخی لفظم
اگر عنقاست دارم از نفس زنجیر در پایش[155]

اس کے باوجود بات جہاں کہیں دل سے نکلی ہے، اثر کر گئی ہے۔ تصوف کے نکات بھی کبھی ایسے سادہ اور بلیغ انداز میں بیان کرتے ہیں کہ بے اختیار داد دینے کو جی چاہتا ہے۔ مثلاً صوفیہ کے نزدیک مسئلۂ آفرینش، ذات حقیقی کی خواہش ظہور ہے۔ بقول ناصر علی:

ذرات جہاں آئینہ جلوۂ یارانہ
یک صید بصد دام شکار است ببینید

ناصر علی نے مکرر اس حقیقت کو ایک رباعی میں عمدہ طریقے سے ادا کیا ہے:

بہ خود پنہاں شدم از جیب آں یکتا شدم پیدا
بہ ساحل غوطہ خوردم از دل دریا شدم پیدا
ز شوق جلوہ در آرایش یکتائی نمی گنجد
دلش آئینہ دارد ہوس پیدا شدم پیدا

مضمون بندی: ناصر علی نے جہاں تخیل میں الجھاؤ پیدا کرکے دقیق مضامین پیش کیے ہیں، وہاں انھوں نے تخیل کی مستقیم پرواز سے بھی کام لیا ہے۔ مندرجہ ذیل شعر جس میں انسان کی کم ظرفی اور عرفان خداوندی کی فراوانی کا ذکر ہے، مضمون بندی کا اعلیٰ نمونہ ہے:

تو چوں ساقی شوی در تنگ ظرفی نمی ماند
بقدر بحر باشد وسعت آغوش ساحل ها

مجذوب ہوں تو گم کردہ ... جب ذات حق ساقی بن جائے اور شراب
[illegible] جائے تو رنگ وفا کا نشہ کیا ہو گا ... ساحل اسی کے [illegible]
[illegible] پیچ [illegible] مطلب یہ ہے کہ اس قدر ہے کہ خدا تعالیٰ [illegible] جائے
[illegible] اس کی جتنی قدر زیادہ ہو گی دل کی وسعت خداوند تعالیٰ کی [illegible] اسی
قدر بڑھتی جائے گی۔

تخیل: اب یہ ہم ہے ان تجربات کے بیان کا جو مشاہدہ، تفکر یا تخیل کی وجہ سے
حاصل ہوں اور تخیل فکر کی مدد سے مشاہدہ کو رنگین بنا کر موثر صورت
میں پیش کرتا ہے [illegible] رہے [illegible] مشاہدہ [illegible]
[illegible] ہو جاتا ہے۔ ناصر علی کے یہاں [illegible] زیادہ
[illegible] جب تخیل اصطلاح [illegible] میں الجھ جاتا ہے۔ اور
[illegible] حاصل نہیں ہوتا ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں:

[illegible] شب بہ سینہ حسرت [illegible]

[illegible] گر حرف کو [illegible]

[illegible] بادہ [illegible] گردد

[illegible] خندہ زخم [illegible]

[illegible] باشد

[illegible] از خاک [illegible]

جدتِ ادا و ندرتِ بیان

ناصر علی [illegible] ترکیب [illegible] جدت پیدا کرتے ہیں اکثر [illegible]
[illegible] کرتے ہیں [illegible] کا [illegible] ہے۔

[illegible] و زیا [illegible] [illegible] کہ [illegible]

موسیٰ کہاں [illegible] کی ترکیب حضرت موسیٰ کے واقعہ طور سے اخذ کی گئی ہے۔
[illegible] منصور [illegible] کے یہ حقانی [illegible] کا سبق دیتا ہے۔ ناصر علی اس جیسی کی تعریف
میں ایک نیا انداز پیدا کرتے ہیں:

زینہ منصوری خواہی ز ہستی پاک شو

زد بیان بام گردوں ساز چوب دار را

اسی طرح دوست کے یاد سے محو ہو جانے کو کس عمدہ طریقے سے ادا کیا ہے
کہ [illegible] مصرع یاد کی [illegible] میں کھٹکے [illegible] یاد آتے ہے

[illegible] یادم [illegible] یادت نمی آیم ہنوز

مصرع در جیب از خاطر فراموشم توام

اخلاقیات: حقیقت یہ ہے کہ تصوف اور اخلاق کے ڈانڈے ایک مقام پر
مل جاتے ہیں ایک صوفی مسلم اخلاق بھی ہوتا ہے۔ ناصر علی نے
[illegible] کے [illegible] کو بھی اسی وجہ سے تصوف کی عینک سے دیکھا۔ وہ اقتدار جس کا
تعلق براہ راست تصوف کے عقائد یا عواطف سے تھا ان پر تبصرہ کیا مثلاً [illegible]
تنظیم فقرا، ترک [illegible] قناعت، فقر و استغنا [illegible] ناصر علی
جہاں کہیں حقیقت [illegible] ان کی توجہ کا مرکز صرف اسی قسم کی انسانی عادات ہوتی
ہیں اور ان کے پیش کرنے کا طریقہ صائب کے تتبع میں شاعرانہ توضیح سے ہے۔ نمونے
کے طور پر چند اشعار ملاحظہ ہوں:

تنظیم فقرا:

ہر کہ تنظیم فقیراں کرد سلطاں می شود

بادشاہی را [illegible] است در ایوان ما

بادشاہی صورت دل رائے پاکان کردی است
برکہ خاک پائے نیکاں شد شود خاقان ما ۱۰۳

انکسار:

اظہار خاطر دانا ست اظہار عجز کردن
صفا پذیرد از آئینہ چوں جوہر شود پیدا ۱۰۴

تواضع:

در تواضع می تواں کردن مسخر عالمے
خاتم دست سلیمانی ہمیں پشت دوتا است ۱۰۵

مروّت

نیست آئین وفا خون مروت ریختن
غیرتم بر خویش می لرزد کہ دشمن آشنا است

صلح جوئی:

در دل روشن ضمیراں دشمنی را بار نیست
سینہ را پاک از کدورت کن کہ جوشن می شود ۱۰۶

تحمل:

عزت ارباب معنی نیست از نام پدر
بے نیاز از بحر گردد قطرہ چوں گوہر شود ۱۰۷

صفائی قلب:

جہاں رنگ بہ زنگ گیرد چو دل روشن شود
صبح نورانی بود دود چراغ آفتاب ۱۰۸

www.mujaddidway.com

مندرجہ ذیل رباعی مطبوعہ دیوان میں شامل نہیں ہے:

چوں می گذرد عمر بہ درویشی بہ
چوں رزق مقدر است کم کوشی بہ
چوں رسم جہاں است نمد پوشی بہ
چوں گفتہ نویسند خاموشی بہ ۱۰۹

راسخ سرہندی

میر محمد زماں راسخ میر خاندان کے مشہور شاعر تھے۔ وہ میر مراد کے بیٹے اور میر عماد کے پوتے تھے۔ میر مراد کا انتقال میر عماد کی زندگی میں ہی ہو گیا تھا[۱۱۰]۔ وہ شاہجہاں کی ملازمت میں تھے اور پنج صدی منصب رکھتے تھے۔ بعد میں انھوں نے ملازمت ترک کر دی اور سرہند میں گوشہ نشینی کی زندگی بسر کی[۱۱۱]۔ وہ عماد نگر میں جو انھوں نے آباد کیا تھا، دفن ہوئے۔ میر عماد خواجہ معصومؒ کے مرید تھے[۱۱۲]۔ راسخ اپنا سلسلہ سرہند کے ایک معزز سید میر سید کلال سے بتاتے ہیں[۱۱۳]۔ ان کے اجداد اصل میں عراق عجم سے تعلق رکھتے تھے[۱۱۴]۔ راسخ تقریباً ۱۰۷۰ھ میں سرہند میں پیدا ہوئے اور وہیں تعلیم حاصل کی[۱۱۵] اور شاعری میں اپنے چچا میر محمد حسین ثاقب سے رہنمائی حاصل کی۔ ثاقب خود اپنے زمانے کے اچھے اور صاحب دیوان شاعر تھے[۱۱۶]۔

اپنے ہمعصر شعراء کی طرح راسخ نے بھی درباری زندگی اختیار کی اور شہزادہ محمد اعظم شاہ جو اورنگ زیب کے تیسرے بیٹے تھے کی ملازمت میں اس کی فوج میں شامل ہو گئے۔ انھیں ہفت صدی منصب ملا۔ اور وہ شہزادہ کے نزدیکی اور معتمد مصاحبین میں شامل ہو گئے[۱۱۷]۔ گجرات میں قیام کے دوران راسخ دیگر شعراء بیدل، حاجی اسلم کشمیری، حکیم ثبت، حسین شہرت وغیرہ کی صحبتوں میں شامل رہتے[۱۱۸]۔ وہ صرف ایک اچھے سپاہی

بہ درک تنگی اندوہ عشرت جہاں نمی ارزد

بہ تشویش خلل ہائے نعمت دنیا نمی ارزد

سب شعرا نے اس کی تعریف کی لیکن راسخ نے پہلے مصرع میں لفظ تنگی کو کاوش سے بدل دیا اور واقعتاً شعر بہت بلند ہو گیا۔ خوشگو ایک اور واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے درج ذیل شعر

جامۂ صبر بہ بالای جنوں تنگ آمد

آنچہ از دست بر آمد بگریبان کردیم

میں عادل خاں عادل نے دخل دیتے ہوئے کہا کہ "جامہ بر اندام تنگ می آید نہ بر بالا چہ بالا بمعنی سراپا است"۔ راسخ نے جواب میں مولانا ہاتفی کا یہ شعر جو تیمور نامہ میں ہے پیش کر دیا اس کا مصرع ہے۔

نہ بر قامت ترک شد جامہ تنگ

راسخ کے شاگردوں میں اس دور کے ممتاز شعرا شامل تھے۔ ان میں غنیمت، ارادت خاں واضح، سرخوش، محمد علی رایج، میر غازی شہید اور مرزا عبد اللہ وفا قابل ذکر ہیں۔ راسخ کے خاندان میں شعر و ادب کا کافی چرچا تھا۔ خود ان کے چچا میر ممتاز حسین منتخب شاعر کی استادانہ حیثیت کے مالک تھے۔ ان کے ایک اور چچا میر شرف الدین حسین بھی شاعر تھے راسخ کے لڑکے میر معصوم وجدان بھی اپنے زمانے کے مشہور شاعر تھے۔ جنھوں نے ایک ضخیم دیوان جو قصیدہ اور مثنوی کے علاوہ غزل کے بیس ہزار اشعار پر مشتمل تھا چھوڑا۔ ان کے پوتے میر شمس الدین ستہ کی بھی شاعری میں شہرت تھی۔ راسخ کے بھانجے میر غازی شہید بھی اچھے شاعر تھے۔ تذکرہ نویسان شاعری میں راسخ کی مسلم استادانہ حیثیت اور ان کے وسیع علم اور تجربے کے معترف ہیں۔ ان کے اشعار ایران تک پہنچے اور طاہر نصر آبادی نے اپنے تذکرہ میں ان کو جگہ دی۔

بلکہ اچھے شاعر بھی شمار ہوتے تھے۔ وہ شاعری کے اصول و قواعد سے بخوبی واقف تھے چنانچہ انھوں نے اپنے استاد ناصر علی کے اشعار کا پر زور دلائل کے ساتھ دفاع کیا۔ وہ ذاتی دشمنی کی وجہ سے اپنی شاعری پر تنقید پسند نہیں کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انھوں نے یہ شعر پڑھا

بہ ہر جا یا تمام و گوشہ خلوت رنشستم

بہ یک تم شمع باندازۂ کاشانۂ خویش

شعرا نے اعتراض کیا کہ "شمع ریختن" کوئی محاورہ نہیں ہے۔ راسخ اس قدر ملول ہوئے کہ انھوں نے شعرا کی ملاقات ترک کر دی۔ لیکن خوشگو نے ملاقات ترک کرنے کی دوسری وجہ بتائی ہے اور وہ زیادہ قرین قیاس ہے۔ خوشگو کا بیان ہے کہ شہزادہ اعظم کے پاس ایک خوبصورت بنگالی لڑکا تھا جو اسے بہت عزیز تھا۔ ایک رات راسخ اس لڑکے کی خواب گاہ میں گھس گئے اور اس کے ساتھ غالباً کچھ نا شائستہ حرکت کی۔ جب شہزادے کو اس معاملے کی اطلاع ہوئی تو اس نے راسخ کو ملازمت سے برطرف کر دیا۔ اس کے بعد راسخ لاہور میں نواب مکرم خاں سے وابستہ ہو گئے۔ مکرم خاں نے ان کے بیٹے کی تنخواہ کے علاوہ تین سو روپے وظیفہ مقرر کر دیا۔ لیکن راسخ وہاں بھی زیادہ دن نہ رہ سکے۔ اور سرہند آکر گوشہ نشینی اختیار کر لی جہاں ۱۱۰۷ھ/۱۶۹۵ء میں ان کا انتقال ہوا۔ سرخوش نے قطعہ تاریخ وفات لکھا

محمد زمان راسخ خوش خیال

دریغا بجان آفرین جان سپرد

چو تاریخ خوش دل ز عقل خواست

فرو گفت با دل کہ راسخ بمرد

راسخ کا شمار اپنے دور کے ممتاز شعرا میں ہوتا تھا۔ سرخوش نے ان کے ذوق سلیم کا ایک واقعہ نقل کیا ہے۔ سرخوش نے جب یہ شعر کہا۔

راسخ نے ایک دیوان اور مثنوی یادگار چھوڑی۔ ان کے دیوان کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ انھوں نے اپنے شاگرد واضح کے کلیات کا ایک انتخاب بھی مرتب کیا تھا۔ اور اس کا مقدمہ لکھا تھا۔ راسخ ان تین سو ستر شاعروں میں ہیں جن کے انتخاب کیے ہوئے اشعار کو سرخوش نے اپنے تذکرہ میں نقل کیا ہے۔"[204]

راسخ کی مثنوی مطبوعہ شکل میں ہے۔ تذکروں اور قلمی نسخوں میں یہ مختلف ناموں سے موسوم ہے۔[205] خوشگو لکھتے ہیں کہ راسخ نے یہ مثنوی داود وزیر کے نام سے لکھی مگر عنوان اختراع کے مصنف لکھتے ہیں کہ راسخ نے ایک مثنوی لکھی اور اس کا نام جوہر داد رکھا۔

ترا شمشاد ای از جنس فرہاد
نسیم نسخہ ای از داود بیداد[206]

چنانچہ انھوں نے اپنی مثنوی کو کوئی نام نہیں دیا۔ تذکرہ نویسوں نے مثنوی کے مضمون سے اندازے سے مختلف نام دے دیے ہیں۔

راسخ کی مطبوعہ مثنوی پانچ مثنویوں پر مشتمل ہے جو حیدرآباد میں طبع ہوئی۔ آغاز میں ایک مقدمہ ہے:

"بحمد اللہ کہ این نسخہ اکسیر سراپا تاثیر گنجینہ کرامت و مجلہ صحیفہ رموز و نیاز تصنیف لطیف ہمایون طبع مرحوم میر سید محمد زمان راسخ . . . . در حیدرآباد و طبع گردید . . .

بامحنت این و بد نہا را سخت
لنی اش دیوانہا را محنت

ہر مصرع او معرفت و مرد محمد الاست و ہر اشارہ او نشتر زن رگ جانست استعارات لطیف و تشبیہات نادر و ظریف بایں پایہ در ہیچ سخن بنظر نیامدہ . . . ."[207]

مثنوی اس شعر سے شروع ہوتی ہے۔

ز لطف ای صبح آہ بر خیز
نسیم کوی بسم اللہ بر خیز

اس کے بعد یہ مختلف عنوانوں (۲۵) حصوں میں تقسیم ہو گئی ہے۔ ذیل میں چند ذیلی عنوانات درج کیے جاتے ہیں۔

توحید، توحید دوم، مناجات، نامہ، سیدان از کتب خانہ عشق، جواب نامہ ...، مناجات دوم، فی نعت النبی صلعم، مقالہ دل، حکایت تمہیدی شیشہ آتش، حکایت تمہیدی، حکایت تمہیدی، رجوع ز خیال بوصال، حکایت شمع و پروانہ، حکایت درویش وغیرہ۔

مطبوعہ نسخہ کے صفحہ ۳۰ پر شیخ معشوق طوسی کی حکایت ہے۔ اہل شریعت کے ایک گروہ کو شیخ طوسی سے ملنے کا اتفاق ہوا

گروہی پاک دینی نیک کردار
براہ شرع ہر یک گرم رفتار[208]

ہمارے جسم پر گوشت کا نام نہ تھا اور نہ کوئی کپڑا اس کے بدن پر تھا۔ بچے اس کے اوپر پتھر پھینک رہے تھے اور وہ:

زبس در یاد معشوق آرمیدہ
ز رخ معشوق را در خویش دیدہ
بہ تخت غم سزا وار عروسی
خدای شاہ خود معشوق طوسی[209]

شیخ اس گروہ کے احترام میں کھڑے ہو گئے۔ ان لوگوں نے ان سے کہا کہ اپنے مذہب کے احکام سے ... ہیں:

نماز از واجبات دین پرستیست
گرامی گوہر دامان ہستیست
نماز عاشقی با بی نمازی
نمازی شو نمازی شو نمازی[210]

شیخ نے جواب دیا:

بگفت ای زمرۂ اسلام کیشان
نہ پیچم گردن از فرمان جانان

ولی الحمد را دروی نخوانم — نماز و مناب شکر او زبانم [۲۱۲]

ان لوگوں نے اصرار کیا کہ الحمد کے بغیر نماز مکمل نہیں،

درین مکتب کہ بنیاد وشش نماز است

بجز الحمد طاعت ناجواز است [۲۱۳]

بہت اصرار پر اس درویش ہوسی نے وضو کیا اور نماز کے لیے کھڑے ہو گئے۔ جب انھوں نے الحمد پڑھی اور ایاک تک پہنچے تو ان کے ہر بن مو سے خون نکلنے لگا:

چو آمد از زبان ایاک بیرون

ز ہر مویش روان شد چشمہ خون

بجنبیں رنج یار وفا کیشش

برون افتاد رنگ ہستی خویش [۲۱۴]

انھوں نے یہ اشعار کہے کہ:

بخود روزے محبت را بجستم — نمیدانم کہ آخر بار گفتم [۲۱۵]

اور انتقال کر گئے:

بخاک افتاد خونیں پیکر او — چکید از الف حسرت ساغر او [۲۱۶]

اس کے بعد ایک اور داستان دو درویشوں کی شروع ہوتی ہے جو آپس میں گہرے دوست تھے۔

مثنوی نیز کے صفحہ ۵۸ سے سید علی قوام الدین اور کو فردوں سے ان کی جنگ کی داستان شروع ہوتی ہے جس میں ان کے والد مارے جاتے ہیں اور آخر کار وہ دنیا کو ترک کر کے فقیری اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ داستان اس طرح شروع ہوتی ہے:

جنوں آموز قانون حکایت — فراخی از قلم تا روایت

کہ شہری بود شمع خانہ بند — شراب شیشہ و پیالہ بند [۲۱۷]

اس شہر پر حاکم ایک انصاف پرور سید تھا۔ اس کا ایک بیٹا تھا جس کا نام میر قوام الدین علی تھا۔

سیادت بیع بخت ارجمندش — قوام الدین علی نام بلندش [۲۱۸]

اچانک اس شہر پر دشمن نے حملہ کر دیا:

بناگہ بانگ زد کوس خرابی

شکست آمد بہ مینای شرابی

عیاں شد فوج دشمن از چپ و راست

ز داماں قیامت گرد برخاست [۲۱۹]

شہزادہ ابھی کم عمر تھا لیکن اصرار کر کے اس نے میدان جنگ میں جانے کی اجازت لے لی وہاں اسے فتح ہوئی مگر واپسی میں اسے دشمن کے ایک سپاہی نے زخمی کر دیا۔ بادشاہ نے اس غصے میں زبردست حملہ کر دیا مگر وہ میدان جنگ میں مارا گیا۔

پدر را زین تماشا آتش در آویخت

گل از شوخی چہ بیدل فرو ریخت [۲۲۰]

شہزادہ باپ کی لاش کو دیکھ کر تڑپ اٹھا اور آخر ترک دنیا کر کے فقیری اختیار کر لی۔

جہاں را دیدہ عبرت نظر کرد

بصیرت چشمک ز نقشہ کرد

وداع خانماں و دوستاں کرد

دبستاں را ورق ریزہ خزاں کرد [۲۲۱]

شہزادہ کے دوست دوسرے شہر میں تھے اور شہزادہ ادھر پریشان تھا۔ دو شخص نے ایک نوجوان کو اس کی تلاش میں بھیجا وہ آدمی کچھ عرصہ شہزادہ کے ساتھ رہا۔ جب وہ واپس

آیا تو شہزادے نے دوستوں کے نام، اس درخت کے نام جس کے نیچے وہ کھیلا کرتا تھا اور اس تالاب کے نام جہاں وہ نہایا کرتا تھا پیغامات بھیجے۔

بجو گذری از ما سلامی | دل افشاں بدہ عرض پیامی
کہ ای شیخ [illegible] عالم خراب است

چو طوفان شد کہ دل تا [illegible] آب است

زعہد [illegible] یاد باد | ز دور جام [illegible] یاد باد ۳۳

اس قاصد نے درخت کو شہزادہ کا پیغام سنایا تو:

[illegible] سر [illegible]

[illegible] دل [illegible] شد قامت [illegible]

[illegible] رفت [illegible]

پریشان [illegible] خورشید با خاک ۳۴

تالاب نے جب شہزادہ کا پیغام سنا تو وہ تین مرتبہ کنارے تک لبریز ہو گیا اور قاصد کے پیر دھو دیا۔

[illegible] دوست [illegible] | [illegible] ۳۵

پھر دوستوں نے [illegible] کر قاصد کو گھیر لیا۔

حکایت کے خاتمہ پر یہ شعر ہیں:

بیا ساقی [illegible] | [illegible] سلام است
[illegible] | [illegible] فریاد ۳۶

سنہ [illegible] ایک اور داستان شروع ہوتی ہے۔

"ختم قصہ در جو شاہد او در فرہاد"

مقالہ جنون اور جواب [illegible] کے بعد شاعر [illegible] ۹۵

۱۱۱۔ [illegible] کے حوالے سے دختر بادشاہ ترکستان و شیخ حسن نوری کی داستان بیان کرتا ہے۔ بادشاہ نے اعلان کیا کہ جو میری لڑکی کو تسخیر کرنے کا دعویٰ کرے گا اس کی شادی اس سے کر دوں گا، اگر وہ ایسا نہ کر سکا تو اس کا سر قلم کر دوں گا۔

کہ ہر کس این پری را کرد تسخیر | کشید این لعل را در سلک تدبیر
کنم تسلیم عقد [illegible] گوہر او | کنم [illegible] افسر او
وگرنہ تیغ فرق [illegible] او

[illegible] خاک و خون [illegible] او

شیخ حسن نوری تک بھی یہ بات پہنچی کہ اس طرح بے گناہ آدمی مارے جا رہے ہیں۔ وہ بھی لڑکی سے ملنے چلے اور وہاں پہنچ کر تنہائی پر سورۂ [illegible] میں تلاوت شروع کر دی۔ لڑکی ان کی خوش الحانی سے بہت متاثر ہوئی اور ان سے اس طرح ہم کلام ہوئی:

[illegible] خوشنوای گل فروشش

[illegible] خون بہای صد [illegible]

[illegible] دیگر چہ می گوید [illegible]

[illegible] چہ می خواہد [illegible] ۳۷

شیخ حسن نوری کی ترغیب سے وہ شہزادی مسلمان ہو گئی اور ان کے ساتھ حج کی زیارت کو چلی۔ وہ ایک دریا پر پہنچے جس کو عبور کرنا مشکل تھا۔ اچانک لوگوں نے دیکھا:

کہ استقبال بیت اللہ کرم کرد | [illegible] کعبہ [illegible] حرم کرد ۳۸
بہ طوف کعبہ [illegible] | [illegible] نقطہ چون [illegible]

[illegible] کا اصل کمال ان حکایتوں میں نہیں بلکہ ان کے انداز بیان میں ہے۔ خان آرزو فرماتے ہیں: "این مثنوی بسیار رنگین است" ۳۹ [illegible]

کا بیان ہے کہ "زبان ناصر علی ورزیدہ لیکن مغزی کہ کلام ناصر علی دارد کو ندارد" ۲۳۰ اس میں شک نہیں کہ راسخ کا انداز دقیق ہے اور ان کا انداز بیان ناصر علی سے ملتا جلتا ہے مگر یہ امر مسلم ہے کہ ناصر علی کی مثنوی اس سے بدرجہا بہتر ہے مگر راسخ کی مثنوی بھی اپنی دلکشی اور خوبی ہے۔ پروفیسر انصاری اپنی کتاب "فارسی ادب بعہد اورنگ زیب" میں لکھتے ہیں: راسخ کے انداز بیان کی پختگی و ترکیب کی جدت و جذبات کی شدت اور فقرہ حسن و فا ان کی مثنوی کی بنیادی خوبیاں ہیں۔ مثنوی کا ابتدائی حصہ خصوصاً نہایت اہم ہے جہاں شاعر نے حمد و مناجات میں بہت پر اثر شعر کہے ہیں۔ ۲۳۱ مثلاً

به نام آنکه دل دیوانهٔ اوست — دم مجنون اره کاشانهٔ اوست
نبش شنیده و صبح جلوه گسته — حریم شش جهت تنگ گشت
نمکینش جنس عشق آفریده — لبیش روح در آتش دمیده
زسر تا سجده طاعت خریده — ز بر پیمانه پیمائی کشیده ۲۳۲

مناجات کے یہ اشعار راسخ کی خدا سے بھی محبت کی عکاسی کرتے ہیں:

پیالهٔ راسخ حسرت انجام — پریشان محشر شوریده ایام
بجام عمر در مستی بسر شد — گلی چیدی کز بستان بی ثمر شد
مروت ده که دین و دنیا مراست — بجو دنیا که بنیادش خراب است ۲۳۳

ان اشعار کا حسن نئی ترکیبوں، بندشوں اور استعاروں کے روپ میں اور نکھر جاتا ہے۔ یہاں راسخ ناصر علی کے قریب آجاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ راسخ کے ان اشعار میں زبان کی چاشنی بھی ہے اور مغزیت بھی۔

به حیرت خانهٔ جولان جمال است

دل آئینه فانوس خیال است

بدن تمثال گوهر نهال است — نمی در ظلمت چاک کتان است ۲۳۴

چند منتخب اشعار سے عرفی کی یاد تازہ ہو جاتی ہے:

بیا ای عمر ساغر پرستان — به عشق ای پیمانه دستان
به صبا ای که در دل زند موج — به گلزار ای که در دل زند موج
بنظم سر این کیف برید — به سودای صد عجب از دیده ۲۳۵

راسخ کا دیوان کسی شکل میں بھی دستیاب نہیں لیکن تذکرہ نویسوں نے ان کے منتخب اشعار کافی تعداد میں نقل کیے ہیں جن سے ان کی شاعری کا معیار متعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ان اشعار میں راسخ نے جو عجیب و غریب استعارے استعمال کیے ہیں وہ اپنی جدت اور شگفتگی کی بنا پر فارسی ادب میں ہمیشہ اپنا مخصوص مقام پائیں گے مثلاً مجنون وحدت ناز، از سر سجده فریدن، محشر شوریده ایام، خامه در بغل زر اشیدن، گل عشرت، استغنا و مونقگان وغیرہ۔ حکمت و روشنی میں راسخ کی شاعری افکار کی پختگی اور عبارت کا ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں درج ذیل ہیں:

جائے صبر بالای جنون تنگ آمد
آنچه از دست برآمد جگر پیاله کردیم

گر بجودی تا تاج بسم الله بابو تراب
کو کلاه جبا نکرد بر سر ام الکتاب ۲۳۶

از زبان شعله بشنو گفتگوی سوختن
برق بیتابی است راسخ مصرع دیوان ما

بهشت عاشقان باشد شباهنگام نومیدی
کشودم چشم حسرت خونبهای خوابیشتن گشتم ۲۳۷

اثر بنازد عاشق ز اضطراب خود است
چو برق جوهر تیغم ز پیچ و تاب خود است

www.mujaddidway.com

کامیاب ہے اگرچہ ان کا مرتبہ [illegible] لیکن حضرت کے کلام سے ناصر علی وارد [illegible] اس میں شک نہیں کہ راسخ کا انداز دقیق ہے اور ان کا انداز بیان ناصر علی سے ملتا جلتا ہے مگر یہ امر مسلم ہے کہ ناصر علی کی مثنوی ان سے بدرجہا بہتر ہے مگر راسخ کی غزلوں میں پختگی اور خوبی ہے۔ پروفیسر فضل الحق اپنی کتاب "فارسی ادب بعہد اورنگزیب" میں لکھتے ہیں: راسخ کے انداز بیان کی پختگی، ترکیب کی جدت، جذبات کی شدت اور [illegible] مثنوی کی بنیادی خوبیاں ہیں۔ [illegible] ابتدائی حصہ خصوصاً نہایت اہم ہے جہاں شاعر نے حمد و مناجات میں بہت پر اثر [illegible] ہیں۔ ۲۳۲ مثلاً

به نام آنکه دل دیوانهٔ اوست	دم مجنون زده کاشانهٔ اوست
بعشقش [illegible]	[illegible]
خروشش [illegible] عشق آفریده	لبیش [illegible] آتش رسیده
زسر تا پا همه طاعت فریده	ز بر پیاده پیمانی کشیده ۲۳۳

مناجات کے اشعار میں راسخ خدا سے محبت کی دعا کرتے ہیں:

پیاده راسخ حسرت انجام	پریشان خاطر شوریده ایام
بیاد عمر [illegible] مستی بسر شد	[illegible] عمر شد
[illegible]	[illegible] ۲۳۴

ان اشعار کا حسن ان کی ترکیبوں، بندشوں اور استعاروں کے روپ میں [illegible] نظر آتا ہے یہاں راسخ ناصر علی کے قریب آجاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ راسخ کے ان اشعار میں [illegible] چاشنی بھی ہے اور [illegible] بھی۔

بہ حیرت خانہ جولان جمال است

دل آئینہ فانوس خیال است

[illegible]	[illegible] ۲۳۵

چند منتخب اشعار سے [illegible] کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔

بپا [illegible] مسافر پرستان	به حق [illegible] مستان
به صهبائی که در دل [illegible] موج	به گلزاری که در دل [illegible] موج
[illegible] کف برید	به سودائی [illegible] ۲۳۵

راسخ کا دیوان کسی شکل میں بھی دستیاب نہیں بلکہ تذکرہ نویسوں نے ان کے منتخب اشعار کافی تعداد میں نقل کیے ہیں جن سے ان کی شاعری کا صحیح تعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ان اشعار میں راسخ نے جو عجیب و غریب استعارے استعمال کیے ہیں وہ اپنی جدت اور شگفتگی کی بنا پر فارسی ادب میں ہمیشہ اپنا مخصوص مقام پائیں گے [illegible] زسر تا پا [illegible] پریشان خاطر شوریده ایام [illegible] راسخ کی شاعری [illegible] پختگی اور [illegible] مسلم ہے۔ چند شعر [illegible] درج ذیل ہیں:

جانے صبر [illegible] جنون تنگ آمد

آنچه از دست برآمد [illegible] کردیم

از [illegible] بسم الله [illegible] بوتراب

[illegible] ۲۳۶

از زبان [illegible] گفتگوی سوختن

برق [illegible] راسخ [illegible]

بہشت عاشقان باشد [illegible]

گشودم چشم حسرت [illegible] گشتم ۲۳۷

اثر بالہ عاشق ز اضطراب خود است

[illegible] خود است

رنگ شفق [illegible] گرم رفت

قلم [illegible] پا [illegible] رکاب خود است

رسید شور قیامت ز تربت فرہاد

چو سیل [illegible] سنگ پای آورده ام

[illegible] کشیده

[illegible] رسیده

دل [illegible] مشوق است

[illegible] تماشا [illegible]

[illegible] بجا [illegible]

صدای سیل [illegible] فرہاد

[illegible] سر [illegible]

چرا [illegible] ہستی [illegible]

دل [illegible] جمعیت [illegible]

[illegible] جا ہستی

[illegible] ہستی

[illegible] مکتوب [illegible] ہستی

تمام تذکرہ نویسان [illegible] کی شخصیت اور شاعری کو قدر و منزلت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور متفقہ طور پر ان کو [illegible] ممتاز شاعر تسلیم کرتے ہیں۔

میر غلام علی آزاد بلگرامی ید بیضا میں لکھتے ہیں:

"شاعری است [illegible]"

[illegible] لکھتے ہیں:

"[illegible] سرخوش [illegible]"

[illegible] کرتے ہیں۔

"[illegible]"

[illegible] ہیں۔

سرخوش کلمات الشعرا میں [illegible] کرتے ہیں:

"[illegible]"

[illegible] لکھتے ہیں:

"[illegible]"

شیر خان لودی مرأة الخیال میں لکھتے ہیں:

"[illegible]"

محمد افضل سرخوش

مشہور تذکرہ نگار [illegible] محمد افضل سرخوش [illegible] کشمیر میں پیدا ہوئے۔ [illegible] شیر خان لودی لکھتا ہے کہ [illegible]

اور میر جملہ بیگ دو سال کی عمر کے تھے۔[۴۹] بعد میں یہ بجا رہ معروف چار سال کے تھے ان کی
والدہ کا انتقال ہو گیا۔ بعد میں بعض نے ان کا سال وفات "فی جنت عالیہ" سے نکالا[۵۰]
جس سے ۱۰۸۰ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس وقت وہ چار سال کے تھے۔ لہٰذا تاریخ ولادت
۱۰۷۶ھ کی تصدیق ہو جاتی ہے۔

سرخوش اپنے والد کی وفات کے سلسلے میں سرہند آ گئے تھے۔ وہیں انھوں نے
ناصر علی کی صحبت کی جو ان کے مخلص دوست تھے، شعر و شاعری کا آغاز کیا۔ اس ضمن میں
وہ لکھتے ہیں:

"ناصر علی را بیاد قدیم فقیر بود ... الغرض دو سالہ بجا باعث محبت گردیدم
وصحبت بہ الیتیم"[۵۱]

نواب عبدالرشید مصنف تذکرہ شعرای پنجاب بھی اس کو سرہند کا شمار کرتے ہیں اور
لکھتے ہیں:

"سرخوش مدتی در آن جا بود۔ سرہند وقت تحصیلات فرصت یافت و در
وطن خود جان شیر ذوق [illegible] شعری [illegible] در آن [illegible] شعر
آغاز کرد"[۵۲]

محمد [illegible] کے انتقال کے بعد ان کے بچے [illegible] شاہی ملازمت میں آ گئے۔ سرخوش
نواب سعد اللہ خان [illegible] کے یہاں ملازمت کی۔ ان کے انتقال کے بعد وہ اور ان کے بھائی
[illegible] کی ملازمت میں آ گئے۔[۵۳] اس وقت ان کا منصب [illegible] تھا اور وہ
کارخانجات کے نگراں تھے۔[۵۴] [illegible] میں ان کو حسن [illegible] میں شرف
ملاقات حاصل کیا جس کی تاریخ انھوں نے "اشرف عدالت" سے نکالی۔[۵۵] لیکن اس سے
قبل بھی ان کی مالی حالت بہتر تھی [illegible] میں وہ دہلی میں [illegible]
[illegible] تھے۔ [illegible] میں انھوں نے ایک مسجد تعمیر کرائی۔

دو سال بعد اس میں ایک [illegible] قطعہ [illegible]

چوں گشت ز افضل ایزد عزوجل
آراستہ این مسجد پر زیب و محل
اندیشہ ز جمیع سال تاریخش خواست
دل گفت کہ مسجد محمد افضل[۵۶]

دہلی میں سرخوش خلد جات کے ناظم بھی رہے اور چونکہ سعد اللہ خان [illegible] میں مقیم تھے۔
انھوں نے اپنے مکان کے دروازہ پر لکھ رکھا تھا:

"اگر بیائی در باز است و اگر نیائی حق بی نیاز است"[۵۷]

اورنگ زیب کی وفات کے بعد وہ بڑھاپے کے سبب گوشہ نشین ہو گئے۔ ان کی
بینائی بہت کمزور ہو چکی تھی اور وہ لکھنے پڑھنے سے معذور ہو گئے تھے۔[۵۸]
"بعد از فوت آن پادشاہ مغفور [illegible]"

ان کے بڑھاپے کا ایک دلسوز واقعہ سراج الدین علی خان آرزو نے بیان کیا ہے:

"فقیر در اوائل سلطنت محمد فرخ سیر در خدمت او (سرخوش) رسیدہ
چون [illegible] بصارت در آن وقت مرحوم سرخوش عاری شدہ بود دیوان
خود را بفقیر داد [illegible] پسر خود [illegible] فقیر [illegible] بعد قرات
اشعار از فقیر در خواست جمیع [illegible] بغایت محظوظ شدہ و بسر و پیشانی
من بوسہ داد"[۵۹]

وفات:

سرخوش کا انتقال دہلی میں محرم [illegible] میں [illegible] سال
کی عمر میں ہوا اور قدم شریف میں دفن کیا گیا۔[۶۰] اس وقت کے شعرا
نے ان کا ماتم کیا اور مرثیے و تاریخی قطعات لکھے۔

[illegible] حقیقت نے "افضل" [illegible] اور [illegible] نے تاریخ وفات

www.mujaddidway.com

آہ عارف پاک سے تاریخ نکالی۔ خوشگو لکھتا ہے:

بالجملہ سلخ محرم ۱۱۲۳ھ در حالت بیماری این رباعی فکر کردہ بدست میاں فضل اللہ نوشتہ داد وگفت کہ بر کفن من بخط خوش بنویسید:

سرخوش کار از فضل و کرم است

از معصیت و سیہ کاری چہ غم است

رخشیدن برق بین و جوشش باراں

رحمت چہ فزوں غضب چہ بیش و کم است

بعد از اں سر بطرف یاراں نمود و فرمود کہ چوں من بجہان دیگر بروم از من سوال نمایند کہ سرخوش از جہاں چہ آوردی؟ جواب دہم این رباعی تحفہ آوردہ ام اگر بخشید بہتر والا شعر فہمی عالم بالا معلوم شد۔ ۲۶۳

سرخوش کی شادی محمد ہاشم کی لڑکی سے ہوئی تھی جو شاعر اور ایک اچھے خوشنویس تھے۔ سرخوش کے دو لڑکے تھے۔ بڑے لڑکے فیض اللہ خوش رقم، سرخوش کی زندگی میں ہی انتقال کر گئے۔ دوسرے لڑکے فضل اللہ نوشتہ اور بعد میں بیدار تخلص ۱۰۴۲ھ / ۱۶۳۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۱۳۰ھ / ۱۷۰۰ء میں انتقال کیا۔ وہ اچھے شاعر اور خوشنویس تھے۔ ۲۶۴

دلی میں سرخوش کا حلقہ احباب خاصا وسیع تھا اور ان میں سے اکثر کے ساتھ ان کی بے تکلفی تھی۔ دلی میں سرخوش ایک صوفی مرزا نظام الدین طالع سے بیعت تھے۔ اور انھیں نظام الدین اولیا کہتے تھے۔ ۲۶۵ ایک دوسرے صوفی شاہ جلال تھے۔ ان کے انتقال کے بعد سرخوش کو ان کا خلیفہ مقرر کیا گیا۔ یہ ۱۱۰۵ھ / ۱۷۰۰ء کا واقعہ ہے۔ سرخوش کو خود بھی اپنے تصوف پر ناز تھا۔ اس ضمن میں خوشگو نے سرخوش کی یہ رباعی نقل کی ہے:

چہ اندر تحقیق کسی آگاہ — ابن عربی اول شان دراقواہ

پس مولوی و صحابی و ملا شاہ — ہمچو سرخوش غریب اللہ اللہ ۲۶۶

سرخوش زندہ دل اور پر نشاط شخصیت کے مالک تھے۔ لاہور میں جب وہ اپنے دوست میر معز کے ساتھ مقیم تھے ان کو ایک عورت سے عشق ہو گیا لیکن جب لشکر شاہی نے دہلی کی طرف کوچ کیا تو ان کو اس سے جدا ہونا پڑا۔ اسی اثر کے تحت درج ذیل رباعی کہی ہے

اشکی کہ مرا ز چشم نم دیدہ برفت

لخت دل من بود کہ غلطیدہ برفت

در ہجر تو این نکتہ مرا شد معلوم

کز دل برود ہر آنچہ از دیدہ برفت ۲۶۷

دوستوں اور امرائے عصر سے ان کے اچھے مراسم تھے۔ ناصر علی سے ان کی بچپن کی دوستی تھی۔ میر معز فطرت بھی ان کے دوست تھے اور دونوں ایک دوسرے کے جواب میں اشعار کہتے تھے۔ میر معز سرخوش کا بہت احترام اور قدر کرتے تھے۔

"... فقیر بہ نیاز سرخوش میرفت، و درس علم عربی را موقوف داشت کہ امروز با سرخوش علم عرفان صحبت تصوف و شعر میداریم" اور بر مقدمہ تحسین با میکردند و در بہر انصاف میدادند ..... از راہ قدر دانی میفرمودند کہ در جند کہ آمدہ ام بیش سہ شاعر دیدم، غنی و ناصر علی و سرخوش۔ ۲۶۸

کلمات الشعرا میں سرخوش نے جن امرا سے اپنے تعلق کا ذکر کیا ہے ان میں ہمت خاں، عاقل خاں رازی، بختاور خاں، شیخ سعد اللہ، گوہر آرا بیگم کے نام نظر آتے ہیں۔ ناصر علی اور میر معز سے ان کے نزدیکی تعلقات تھے۔ بیدل سے البتہ ان کے تعلقات کشیدہ رہے اور اکثر شاعرانہ مقابلے اور ادبی معرکے بھی رہے۔ دونوں ایک دوسرے کے جواب میں اشعار اور رباعیاں کہتے تھے۔ بیدل کو درج ذیل رباعی پر بڑا فخر تھا:

www.mujaddidway.com

www.mujaddidway.com

سرِ نیاز خم کیا۔ انھوں نے اپنا دستِ مبارک میری کمر پر رکھا اور کہا "سرخوش! اپنے زمانے میں شاعروں میں تمھارا کوئی ہمسر نہ ہوگا۔"[۶۵]

ابتدا میں وہ منعم ملک شیرازی اور ملا بجود جامی کو اپنا کلام دکھاتے تھے۔ سرخوش تخلص بجود کا دیا ہوا ہے۔ بعد میں وہ حکیم مرزا محمد علی ماہر کے باقاعدہ شاگرد ہوئے۔ ان کے بارے میں سرخوش اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں:

"فقیر در جوانی مدتی شعر را در خدمتش گذرانیده اصلاح گرفته و نیز بیگوید روزی . . . در مجلس شعر خوانی فقیر این مطلع [illegible] برخواندم

کہ قوام دیدہ زاہد جام صہبا بشکند

می پرد رنگم حبابی گر بدریا بشکند

بعد صاحبان سخن زبان آفرین و تحسین گشودند۔ حکیم صاحب تا نصف شب این مطلع بر زبان داشت و می گفت سبحان اللہ در ہند مردی پیدا شود کہ چنین شعر گوید"[۶۶]

محمد علی ماہر ان کو شاگرد سے زیادہ دوست سمجھتے تھے۔ موسوی خان فطرت اگرچہ ان کے استاد نہیں تھے لیکن سرخوش استاد کی طرح ان کا احترام کرتے تھے۔

خداداد صلاحیت شعر گوئی اور اساتذہ کی تربیت نے سرخوش کو بہت جلد ایک مقبول شاعر بنا دیا۔ ان کے دوستوں کی فہرست میں اس دور کے کئی مشہور شاعر تھے۔ وہ ایک معروف شاعر تھے۔ ناصر علی، فطرت، بجود، ملا سعید رازی ان کے نزدیکی حلقہ احباب میں تھے۔ انھوں نے استاد کی حیثیت حاصل کی اور شعر گوئی میں وہ حکم چند بہار، محمد یوسف یتیم، ابراہیم [illegible]، حافظ محمد جمال تلاش، شیخ سعد اللہ گلشن، عبد الرحیم [illegible] اور خوشگو کے کلام پر اصلاح دیتے تھے۔

ایک مرتبہ ایک صوفی میرزا محمد خلیل نے سرخوش سے کہا کہ تمھیں دونوں خوبیاں حاصل ہیں۔ تم ایک صوفی بھی ہو اور ایک شاعر بھی۔

قرنہا باید کہ تا یک کودکی از راہِ عقل

عارف کامل شود یا شاعر شیریں سخن[۶۷]

میرزا بیدل سے ان کے تعلقات اگرچہ کشیدہ رہتے تھے اور دونوں میں شاعرانہ چشمک رہتی تھی۔ مگر بیدل ان کو نئے خیالات کا حامل شاعر تسلیم کرتے ہیں:

"شاعری عبارت از معنی تازہ یافتن است۔ بگو صاحب تلاش مضمون یاب در عہد تو کجا است"[۶۸]

سرخوش ایک پرگو شاعر تھے۔ ان کی تصانیف کی فہرست خاصی طویل ہے لیکن بیشتر تصانیف ان کے لڑکوں کی لاپرواہی کی وجہ سے ضائع ہو گئیں۔[۶۹] ان کی تصانیف کی فہرست درج ذیل ہے۔

۱۔ دیوان: خوشگو کے بیان کے مطابق ان کا دیوان ... ۵۰ ہزار اشعار پر مشتمل تھا۔ یہ دو دیوان تھے۔ ایک کلاسیکی طرز پر اور دوسرا جدید طرز پر۔ ان میں غزلیں، قصیدے، رباعیاں، چھ مثنویاں اور متفرق اشعار تھے۔[۷۰] سرخوش نے اپنے اشعار کا انتخاب کر کے ایک دیوان مرتب کیا اور اس پر مقدمہ لکھا۔ وہ لکھتے ہیں کہ ان کا انتخاب ناصر علی اور فطرت کے دیوان کی طرح مختصر ہے اور یہ تمام اشعار ممتاز شعرا کے پسندیدہ ہیں۔ وہ مزید بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے اپنا دیوان بیدل کی خدمت میں پیش کیا۔ دوست و [illegible] کے غیر معیاری اور [illegible] اشعار نکال دیے اور موجودہ دیوان ان کی منظوری کے بعد منظر عام پر آیا ہے۔ یہ دیوان جس کا نام "منتخب گلدستہ معانی" ہے ۱۱۰۳ھ/۱۶۹۲ء میں مکمل ہوا۔ "ہمہ انتخاب" اس کی تاریخ ہے۔ سرخوش کہتے ہیں کہ اس دیوان سے مزید انتخاب ایک احمقانہ فعل ہوگا۔ سرخوش کے ایک دیوان کا جس کا نام منتخب کلیات سرخوش ہے۔ ایک نثری دیباچہ بھی ہے جس کا اقتباس درج ذیل ہے۔

"ہذا آئین سعادت نامہ سرمدی کو مسمی بہ نور محمدی است و مشتمل بر حمد و نعت

منقبت ...... بہار باغ شعر و دیوانی است رنگین و پر رنگین بوستانی است
پر از گلہای معنی گر زبیب دیباچہ اش نور محمدی است و زینت خوانش
صلوات نامہ سرمدی[۱۳۶]

مندرجہ بالا اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کسی دوسرے دیوان کا مقدمہ ہے جس میں اشعار کی رونق کے بیان کیا ہے کہ سرخوش نے دو دیوان مرتب کیے تھے لہٰذا ممکن ہے کہ یہ مقدمہ دیوان غزلیات کے بجائے کلیات کا ہو جو دیباچہ کے بعد غزلیات ، رباعیات اور مثنوی کا انتخاب ہے۔

۲۔ نورِ علی نور : یہ مولانا روم کی مثنوی کے تتبع میں ایک مثنوی ہے جو اس شعر سے شروع ہوتی ہے :

شیشۂ از عقل حکایت میکند   قرۂ ساقی روایت میکند[۱۳۷]

۳۔ حسن و عشق : یہ ایک رومانی نظم ہے جس میں سسی پنوں کی محبت کی داستان ہے جو اس شعر سے شروع ہوتی ہے :

ای سرخوش در دم فرو دوں کی — تکرار ہر قوم سر گلوں کی[۱۳۸]

۴۔ ساقی نامہ : یہ بہت نخاں کے لیے لکھا گیا تھا
۵۔ قضا و قدر[۱۳۹] ۶۔ مثنوی در بیان چند داستان[۱۴۰]
۷۔ مثنوی در تعریف تماشا : یہ بھی بہت نخاں کے لیے لکھی گئی
۸۔ ظفر نامہ شاہ عالم یا جنگ نامہ محمد اعظم[۱۴۱]
۹۔ سوانح : در تتبع شاہ جامی (نثر و نظم)[۱۴۲]
۱۰۔ ترتیب دیوان ناصر علی (در نثر)[۱۴۳]
۱۱۔ بوعلی و سرخوش در بیان ہوش[۱۴۴]
۱۲۔ منظوری کے طرز پر اپنے دیوان پر مقدمہ[۱۴۵]

۳۔ کلمات الشعراء

سرخوش اپنے عہد کے متوسط شعرا میں تھے۔ کلمات میں جا بجا انہوں نے اپنی شاعری کی برتری ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ ناصر علی کے بیان میں وہ بڑی مسرت سے کہتا ہے :

"من بیفا نخ ہر گاہ در دیوان خود تحریر میکنم ، ایشان معنی یابی تازہ می یابم کہ شعری دیگر برای یک مصرع عاجز آمدہ گی پابند اما ہیچ کس خریدار نیست بلکہ گوشۂ چشم ہم نمی نگرد :

پو شمل در پردہ بودم کس خریداری نشد — سرخوش از جلوہ تم با خوش سودا بازگشت

یک بیت در تعریف معنی یابی خود گفتہ ام " فی الواقع چنین است :

سرخوش از جلوم تحسنہ معنی جستہ ای ، بعد از این ہر کس کہ گوید شعر مضمون از من است

حقیقت یہ ہے کہ اس ادعا اور تعلی کے باوجود سرخوش کی شاعری کی نسبت ان کا تذکرہ زیادہ مشہور ہوا اور جس کی وجہ سے آج بھی ان کا نام تحقیق والوں میں زندہ ہے۔ کلمات الشعرا مشہور تذکرہ ہے۔ جو ان چند شعرا کے احوال پر مشتمل ہے جو جہانگیر کے عہد سے اور نگزیب کے عہد تک تھے۔ تذکرہ کے نام سے تاریخ ترتیب ۱۰۹۳ / ۱۶۸۲ء برآمد ہوتی ہے لیکن غالباً یہ تذکرہ شروع کرنے کی تاریخ رہی ہوگی کیونکہ سرخوش ۱۱۲۴ھ تک زندہ رہے اور ۱۱۰۸ھ / ۱۷۰۰ء کے بعد وہ تک اس میں اضافہ کرتے رہے کیونکہ اسی سال میں وہ تخت خان عالی کو شاہ عالم کی تاریخ لکھتے ہوئے بتاتے ہیں۔[۱۴۶] اس کے علاوہ ۱۱۰۸ھ میں ناصر علی کی وفات ۱۱۰۸ھ میں کہی گئی ۱۱۱۵ھ میں اپنے بھتیجے اسد اللہ کی ولادت کا ذکر کرتے ہیں۔ کلمات کے ایک مخطوطے سے بھی اس بات کی تصدیق ہوتی ہے۔

"از دو قیتگی بر تسوید این نسخہ توجہ بود از آن بعد تا سی و دو و دوست

خود نگاشته مرتب ساخته ام به مسوده رہا یاران از غایت شوق بلا رفت
درو بے نظر ثانی از دست بدست نقل گرفته بردند و جا بجا شهرت داده
اگرچه مقصود حاصل گشت اما در کثرت عبارات تغیر و تبدل واقع گشته
واشعار بعضی عزیزان داخل شده رفت۔ کوتاہ که این نسخه ناسخ جمیع مسوده ہا
است هر که ساقی دارد بشوید و این را بجان برابر دارد"۔۳۰۰

اس کے بعد سرخوش اجازت دیتا ہے کہ کوئی اس تذکرہ میں اپنے معاصرین کے حالات اور اشعار کا اضافہ کر سکتا ہے۔ غالباً اسی بنا پر کلمات کے مختلف نسخوں میں شعرا کے تراجم اور اشعار مختلف ہیں۔ بعض جگہ حالات میں بھی تضاد ملتا ہے۔ مثلاً عام مخطوطات میں گیلانی رازی کے حالات میں لکھا ہے "چند تصنیف بی مزہ دیگر هم دارد" لیکن ایک مخطوطہ میں ان کی بہت تعریف کی ہے اور تصانیف کا ذکر کر کے کہتے ہیں "ورا بجا داد سخنوری داده نوازش دیرگاہ دارد"۳۰۱ اسی بنا پر بیجز اور احمد علی سندیلوی نے کلمات پر سخت نکتہ چینی کی ہے۳۰۲

کلمات کے مطبوعہ نسخہ میں شعرا کا ذکر حروف تہجی کی ترتیب سے ہے پہلا شاعر ابو علی (وفات [illegible]) اور آخری شاعر میر یحییٰ کاشی (وفات [illegible]) ہے۔ تذکرہ حمد و نعت سے شروع ہوتا ہے اس کے بعد چند پیراگراف میں اس کتاب کے لکھنے کی غرض بتائی گئی ہے۔

"... بخاطر رسید کہ ... پیشتر بتالیف و ترتیب تذکرہ شعرا پرداخته اند احوال
و اشعار ... کردہ تا بہ سخنوران عہد خویش رسانیدہ اند۔ اکثر تواریخ و تذکرہ
... . لہٰذا شمہ از احوال و اقوال سخن سنجان
عہد ... موافق حروف تہجی بقید قلم در آورده به کلمات الشعرا
موسوم گردانیده ... نام برآورده ....

داخل اهل سخن نیست به پیش دانا   هر که ناموش نبود در کلمات الشعرا۳۰۳

سرخوش نے اس تذکرہ میں ان مآخذ کا ذکر نہیں کیا جہاں سے انھوں نے اپنے پیشرو شعرا کے حالات لیے ہیں۔ بعض شعرا کے ضمن میں ان کا بیان مختصر اور غیر اطمینان بخش ہے مشہور شاعر غنیمت اور بیدل کا ذکر بہت مختصر ہے اور ناکافی ہے۔ بیدل کی سوانح پر ایک لفظ بھی نہیں لکھا۔

مخزن الغرائب اور سفینہ بیجز کے مصنفین نے اسی بنا پر اس پر سخت تنقید کی ہے۔

احمد علی سندیلوی لکھتے ہیں:

"تذکرہ موسوم بہ کلمات الشعرا نوشتہ و در آن اغلاط و گزاف بسیار بہم یافت
خود را بالا زدہ در شعر میرزا صائب و میرزا فصیحی ہراتی و بر چند شعرای متقدمین گرفته و دخل
تصرف نمودہ ..... ابو طالب کلیم و حکیم حاذق را بجو کرده .... چون از زبان
دانش بہرہ اور حیران بود کسی جرأت آن نداشت کہ بادی در افتد و دخل او بر غلط معلوم
است ...... اکثر اساتذہ را در ... از صواب ... گرفته"۳۰۴

سرخوش نے اپنے حالات ایک جگہ نہیں دیے ہیں بلکہ ساری کتاب میں بکھرے ہوئے ہیں اور ان میں خودستائی پر زیادہ زور ہے وہ ہر معروف شاعر کے تتبع میں کہے ہوئے اپنے شعر نقل کرتے ہیں بعض اوقات اپنی برتری خود ثابت کرتے ہیں اور بعض اوقات قارئین پر فیصلہ چھوڑ دیتے ہیں۔ دوسرے شعرا کے جو اشعار نقل کیے ہیں وہ عام طور پر تاریخ، فطرت اور مآثر کی بیاضوں سے لیے ہیں۔ چند ایرانی شعرا جو ہندوستان نہیں آئے لیکن ان کی شہرت کی وجہ سے ان کو تذکرہ میں شامل کیا گیا ہے مثلاً طاہر وحید۳۰۵ اور میر حیدر شہرہ۳۰۶

مطبوعہ نسخہ میں ۱۹۹ شاعروں کا بیان ہے جو میر یحییٰ کاشی پر ختم ہوتا ہے۔ ریو لکھتا ہے کہ اس کے مخطوطہ میں دو سو شعرا کا ذکر ہے اور اسی جلد کی بعد کی کاپی میں

www.mujaddidiway.com

سعدی، حافظ، خسرو، کمال خجندی، حسن دہلوی اور قاسم انور کا بھی ذکر ہے جو ایک کتاب "انتخاب تذکرۃ الشعرا" سے لیا گیا ہے۔

کلمات الشعرا مختصر خاتمے کے ساتھ ختم ہوتا ہے جس میں کتاب کی اہمیت اور ستائش ہے۔ اس پر وہ لکھتے ہیں۔

"اگرچہ شعر در عالم بسیار اند و سخنوران بے حد و شمار اما فقیر بر احوال ایشاں عزیزان اطلاع یافتہ" [307]

جب کہ تذکرہ کے آغاز میں وہ کہتے ہیں کہ جن کا نام اس تذکرہ میں شامل نہیں وہ دل تنگی میں داخل نہیں یہ اس تضاد کی ایک اور مثال ہے جو اس میں جا بجا ملتا ہے۔ آخر میں کچھ قطعات تاریخ ہیں جن میں سے بہت سے سرخوش کے کہے ہوئے ہیں۔

تاریخ گوئی میں سرخوش کو خاص ملکہ حاصل تھا۔ راسخ، ناصر علی، محمد علی ماہر، میر معز وغیرہ بہت سی شخصیتوں کی تاریخ وفات نہایت لطیف پیرایہ میں بیان کی ہے۔ یہ سب اور ان کے علاوہ بہت سی تاریخیں کلمات الشعرا میں درج ہیں۔

کلمات الشعرا کی اہمیت کے متعلق صرف اتنا کہنا ہی کافی ہے کہ یہ اپنی قسم کا واحد تذکرہ ہے جو اس زمانے کے شعرا کے حالات سے روشناس کراتا ہے جبکہ یہ طبقہ کس مپرسی کے عالم میں تھا۔ کلمات الشعرا کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ عالمگیر کے زمانہ میں شعر گوئی کو دربار کی سرپرستی اور تشویق حاصل نہ تھی اور قدر دانوں کی کمی تھی لیکن اس زمانہ میں بھی اچھے شاعروں کی کمی نہ تھی۔

میر محمد احسن ایجاد سرہندی

میر محمد احسن ایجاد سید نور اللہ بن مبارک غزنوی کی اولاد میں تھے [308] جو شمس الدین التمش کے عہد میں آکر دہلی میں مقیم ہوئے۔ ان کے اجداد بعد میں دہلی سے سامانہ ہجرت کر گئے جو سرہند کے تحت تھا۔ ایجاد یہیں پیدا ہوئے اور تعلیم حاصل کی۔ [309] مگر وہ عام طور پر سرہندی کہلاتے ہیں۔ [310] ایجاد نے پہلے نوازش خاں رومی کی مصاحبت اختیار کی۔ [311] میر محمد حسین ناجی بھی اسی امیر سے متعلق تھے۔ ایجاد ایک شعر میں اپنے مربی کی تعریف اس طرح کرتے ہیں۔

بہ ملک بی نیازی می کند ایجاد ما شاہی

کہ از فیض نوازش خان بود تاج و کلاہ [312]

بعد میں ایجاد شہزادہ محمد اعظم کی فوج میں آگئے اور گجرات چلے گئے۔ جہاں وہ بیدل، شاہ گلشن، حاجی اسلم سالم، راسخ اور دوسرے شعرا کی صحبت میں رہے۔ [313] شاید انہوں نے بیدل سے بھی اصلاح لی اور "ایجاد" تخلص بھی بیدل کا عطا کیا ہوا ہے۔ [314] بعد میں غالباً شہزادہ اعظم کے انتقال کے بعد ۱۱۱۹ھ میں محمد ماہ خیر اندیش خاں کمبوہ فوجدار اٹاوہ سے متوسل ہو گئے۔ [315]

ایجاد کی اصل ترقی کا زمانہ اورنگزیب کی وفات کے بعد شروع ہوتا ہے۔ بہادر شاہ اول کے عہد میں وہ نظام الملک آصف جاہ کے نمائندہ کی حیثیت سے شہزادہ عظیم الشان کے دربار میں رہتے تھے۔ [316] ایک قصیدہ میں جو کسی شکایت پر مشتمل تھا ایجاد شہزادہ کو اس طرح خطاب کرتے ہیں۔

شاہ دین پرور عظیم الشان ز روی معدلت

این ستمگر بی ایجاد دست و پا خواہد شکست [317]

www.mujaddidway.com

www.mujaddidway.com

اسی دربار میں ان کو سہ صدی منصب ملا ہوا تھا[318]

فرخ سیر نے انھیں معنی یاب خاں کا لقب عطا کیا اور درباری مورخ کی حیثیت سے شاہی تاریخ فرخ سیر نامہ لکھنے پر مامور ہوئے۔[319] ایجاد جو کچھ لکھتے تھے بروز بادشاہ کی خدمت میں پیش کر دیتے تھے اور اس کی منظوری کے بعد کتاب میں شامل کرتے تھے۔ اکثر انھیں ایک ہزار روپے اور خلعت ملتا تھا۔[320] ایجاد نے تقریباً [illegible] میں اکبرآباد میں وفات پائی۔[321] ایجاد اپنے دور کی معروف درباری شخصیتوں میں تھے شاہی مورخ ہونے کے بعد ان کی حیثیت اور مرتبہ اور بھی بلند ہو گیا۔ اور بیشتر امرا سے ان کے قریبی تعلقات ہو گئے ان میں فرخ سیر کے وزیر اعظم قطب الملک سید عبداللہ بھی شامل تھے۔ قطب الملک نے فرخ سیر کے اواخر میں ۱۱۲۹ھ/۱۷۱۷ء میں جب ایک جشن "وشنی مہتابی" کا اہتمام کیا تو ایجاد نے ایک تہنیتی قطعہ پیش کیا۔ جس کے چند اشعار درج ذیل ہیں۔

آفتاب جہان دولت و جاہ — کہ از و آسمان بود بہ حساب

داد ترتیب بزم مہتابی — از برای تمدید قدس جناب

خواند ایجاد بہر تاریخش — مجلس ماہتاب عالمتاب[322]

ایجاد کی تصانیف میں ایک دیوان اور فرخ سیر نامہ ہے جو فرخ سیر کے عہد کی تاریخ مرصع نثر میں ہے۔

دیوان

خوشگو کا بیان ہے کہ ایجاد نے ایک ضخیم دیوان مرتب کیا تھا جو تمام اصناف سخن غزل، قصیدہ، رباعی، مثنوی پر مشتمل تھا۔[323] لیکن موجودہ دیوان میں صرف غزلیات اور رباعیات ہے اور ایک نثری دیباچہ ہے جو شاعر نے خود لکھا ہے۔[324]

ایجاد شاعری میں ناصر علی کے شاگرد تھے۔ انھوں نے بیدل سے بھی اصلاح لی تھی۔ لیکن درج ذیل شعر سے بیدل کے لیے کسی غیر معمولی ستائش کا اظہار نہیں ہوتا ہے

صوبۂ بیدل دل ایجاد را آگاہ ساخت

آبروی شبنم ما ساخت بیجا ریختند[325]

ناصر علی کے لیے ان کے دل میں خاص عقیدت تھی اور انکا اثر ایجاد پر گہرا تھا جو مثال شاعر کی خوبصورت خیال و بیان کے لیے اپنے استاد کی طرف تھی اور وہ اس کے لیے ممنون کرم تھے۔

علی تا قبلۂ ایجاد شد در صورت و معنی — برہمن می پرستد، شیخ می جوید دل ما را[326]

مرا سرمایۂ ایجاد معنی با علی باشد — کہ دارد زیر گردون میر سامانی کہ دارم[327]

وہ ناصر علی کے اور اپنے وطن سرہند کے سفر کی آرزو میں رہتے تھے۔

عنان گردانی ایجاد یکسر سوی سرہند است

خداوندا نگردد باز سر راہ تا نمیرم[328]

ناصر علی کے تتبع اور نزدیکی تعلق کا اثر ہے کہ ایجاد کی غزلوں میں بھی وہی گہرائی اور گیرائی ہے جو ناصر علی کا طرۂ امتیاز ہے۔

ناصر علی اور بیدل کے علاوہ اور بھی متعدد شعرا تھے جن کے طرز سے ایجاد متاثر تھے اور جن کی غزلوں پر انھوں نے غزلیں کہی ہیں۔ ان میں قطرت موسوی، حاجی اسلم سالم، صائب، شاکر، تسلیم اور شوکت اہم ہیں اور ان کے اشعار کو انھوں نے اپنی غزل میں کہا ہے۔

موسوی را این غزل ایجاد اوج فکر بود

جلوہ کردی کہ مہتاب از کنار یار ریخت[329]

این غزل را سالم از ایجاد رنگین تر نوشت

صفحۂ مہتاب مسطر از شکست رنگ بود[330]

کہ بلاک سخن ما ہم ایجاد کہ گفت

آب در دیدہ بعد خون جگر گردانم[331]

[illegible]

غزل اور شنیدنی وارد [illegible]

[illegible]

فرخ سیر نامہ : [illegible] فرخ سیر [illegible] ولادت سے [illegible]

ایک اور منظوم [illegible] فتوحات آصفی یا شاہنامہ [illegible]

[illegible]

میں رہتے تھے (۳۴۶)

نظم و نثر میں ایجاد کے طرز نگارش کی اس کے سوانح نگاروں نے تعریف کی ہے وہ خوشگو اور بیان ہے۔

"نثر به فصاحت و بلاغت تمام نوشته، انشا بطرز خاص می نگارد (۳۴۴)"

محمد افضل سرخوش کلمات الشعرا میں لکھتے ہیں۔

"در خوش خیالی و نازک بندی یگانهٔ زمانه، اصحاب نظم را با تلاش غزلهای طرح را بقدرت و سامان تمام میگوید و نثر را بطرز خاص نو دی نگارد (۳۴۵)"

سعادت یار خاں رنگین سرہندی

سعادت یار خاں رنگین کو عموماً محض اردو کا شاعر خیال کیا جاتا ہے لیکن ان کا فارسی کلام اور تصنیفات بھی اسی قدر اہمیت کی حامل ہیں۔ فارسی نظم و نثر کی وجہ سے ان کا شمار فارسی کے ممتاز شعرا میں ہوتا ہے۔ ان کے والد طہماس بیگ خاں ۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹-۴۰ء میں سات سال کی عمر میں نادر شاہ کی فوج کے ساتھ ہندوستان آئے۔ غالباً ان کے دادا نادر شاہ کی فوج میں ملازم ہوں گے۔ طہماس بیگ دہلی میں یتیم ہو گئے ان کو ہفت ہزاری منصب اور معتمد جنگ کا خطاب ملا۔ انہوں نے اس قدر دولت حاصل کر لی کہ ان کی اولاد کو بھی عیش و آرام سے گزرا (۳۵۰)۔

رنگین کی ولادت ۱۱۶۹ھ/۱۷۵۵-۵۶ء میں سرہند میں ہوئی (۳۵۱)۔ وہ خود کہتے ہیں "زسرہند ہستی والد قدم بود" (۳۵۲) ۱۲۱۷ھ/۱۸۰۲-۰۳ء میں ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ رنگین کی عمر اس وقت ۴۷ سال تھی (۳۵۳)۔ ان کے تین بھائی اور بھی تھے۔ رنگین کی اولاد میں تین لڑکے اور دو لڑکیاں تھیں۔

رنگین نے فنی تربیت اپنے والد سے حاصل کی اور شہزادے کے انچارج کی حیثیت سے

لکھنؤ میں شہزادہ سلیمان شکوہ سے وابستہ ہو گئے۔ لکھنؤ میں نو سال کے قیام کے بعد وہ پہلے بنگال اور پھر گوالیار گئے جہاں وہ خاندان سندھیا کے ملازم رہے اور کوچ سے جھانسی تک کے وسیع علاقے کے انچارج بنائے گئے۔ یہاں ان کو نواب کا خطاب بھی ملا اور انہوں نے عیش و عشرت کی زندگی گزاری (۳۵۵)۔ یہاں چھ سال کی ملازمت کے بعد وہ لکھنؤ اور بعد میں باندہ میں مقیم ہوئے۔ باندہ میں وہ نواب باندہ کے ایک مصاحب شمشیر جنگ سے وابستہ ہو گئے اور طویل عرصہ تک وہاں رہے (۳۵۶)۔

۱۲۵۱ھ/۱۸۳۵-۳۶ء میں ۸۱ سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا (۳۵۷)۔ رنگین ایک رنگین طبع شخص تھے۔ وہ بہت سے فنون میں ماہر تھے اور ہر قسم کے لوگوں "شرفا" اور "وزرا، شعرا" حتیٰ کہ کرتب دکھانے والوں سے بھی ان کے تعلقات تھے۔ اس آخری زمرہ والوں سے تعلقات کا اثر ان کی شاعری پر بھی پڑا (۳۵۸)۔ رنگین بہت سی زبانوں میں ماہر تھے اور اردو فارسی کے علاوہ پنجابی، برج، گجراتی، مراٹھی، پشتو، عربی اور ترکی میں شعر کہنے کی صلاحیت اور قدرت رکھتے تھے (۳۵۹)۔ دوسرا کوئی شاعر اس ضمن میں ان کا ہم پلہ نہیں تھا۔ انہوں نے پندرہ سال کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا تھا جیسا کہ وہ خود کہتے رہے ہیں:

زدل از رسی پانزده سالگی   سوئے شعر شد رغبت طبع من
چو شد بودت ... نظم   کشیدم بسی درد و رنج و محن (۳۶۰)

رنگین بنیادی طور پر اردو کے شاعر تھے لیکن فارسی اس وقت بھی ادبی زبان تھی اور ہر شاعر و ادیب فارسی میں لکھنے کو اپنے لیے باعث فخر سمجھتا تھا۔ رنگین ایک پرگو شاعر تھے۔ فارسی میں ان کی درج ذیل تصانیف ہیں۔

تصنیفات:

۱۔ حدیقۂ رنگین۔ یہ فارسی دیوان ہے اور ان کے مجموعہ کلام "نورتن" کا پہلا جز ہے۔ انہوں نے اس کو "نیرنگِ رنگین" کا نام دیا ہے۔ یہ دیوان ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۵-۸۶ء میں مکمل

www.mujaddidway.com

ہوا۔ ۳۶۱ بعد میں انہوں نے چند نثری تصانیف اس میں شامل کیں اور ۱۲۳۹ھ/۱۸۲۴ء اس کا سال تکمیل قرار پایا۔

چو شد باغ دیوان ہم ای دوستاں — تر و تازہ از نظم چو بوستاں
ہزار و دو صد سال وی بود و شش — ملقب من از خود تن اگر دمش ۳۶۲

دیوان کی پہلی غزل کا مطلع ہے:

شنیدم ساقی کوثر توئی آں قبلۂ دلہا
دم آبی کرم کن تشنہ ای حلال مشکلہا ۳۶۳

اسی غزل کے چند شعر ملاحظہ ہوں:

بجز ہجر تو دیگر غم مبادا — بجز عشق تو ہمدم مبادا
شنیدم از طبیبان محبت — کہ اصلا نیست پایان محبت
چو آفت بادگر آمد بر سر من — فدائے عشق و قربان محبت
بخواں یک چند شعر نغز دیگر — توی رنگین غزل خوان محبت ۳۶۴

غزلیات کے علاوہ اس دیوان میں پانچ مخمس، دو مربع، دو مستزاد اور چند رباعیاں و قطعات ہیں۔ اسی مجموعہ میں ایک خاص طرز کی ایک غزل ہے جسے وہ اپنی ایجاد بتاتے ہیں اور "غزل خود بطور ایجاد" اس کا عنوان رکھا ہے۔ اس غزل کا ایک بند ملاحظہ ہو:

صد ظلم از حد فزوں کردی — سرگشتہ دشت جنوں کردی
چوں بودم دلخوں چوں کردی — ای عشق مرا مجنوں کردی
برلالہ رخاں مفتوں کردی ۳۶۵

اس زمانہ کی اردو شاعری میں تصوف کو اس کا صحیح مقام حاصل نہیں تھا اس لیے رنگین کی اردو شاعری میں تصوف کی چاشنی بہت کم ملتی ہے مگر فارسی کلام میں ان کی توجہ تصوف کی طرف زیادہ مبذول نظر آتی ہے۔ چند ذیلی اشعار ملاحظہ ہوں:

کلمہ توحید ای خالق گواہ ذات تست — زاں کہ تو در پردۂ انکار و اقرار آمدی
صاحب خانہ توی ہر مسجد و بتخانہ را — ای کہ صد رہ در دل بت پرست و ترسا آمدی
ہست دایم در دم از دل آہ ہا تعطو — در کلام از بس ز لطف تو دگر بار آمدی ۳۶۶

(خمسۂ رنگین کا چوتھا حصہ) رنگین کا دوسرا کارنامہ ایک مثنوی ہے جو

مثنوی: مولانا روم کی مثنوی کے طرز پر لکھی گئی ہے۔ اس کے موضوعات روحانی تزکیہ، اخلاقی اصلاح اور ثقافتی ترقی ہیں۔ یہ حمد اور نعت کے ساتھ شروع ہوتی ہے:

تو کریمی و رحیمی ای خدا — تو دل رنجور را ہستی دوا
روشنی نور ایماں کن عطا — باز دار از ظلمت جہل و خطا
یا الہ العالمین رب الجلیل — برتری و بہتری از قال و قیل
قطرہ را گوہر نمودی در صدف — بر فلک انجم کشیدی صف بصف
تو عطا کردی شکر در نے شکر — تا کسی را می خورانی کی شکر ۳۶۷

حمد و نعت و خلفائے کبار کی تعریف کے بعد مثنوی شروع ہوتی ہے۔ اس میں ۳۰ داستانیں ہیں۔ چند داستانوں کے عنوانات درج ذیل ہیں۔

حکایت در بیان ملاقات لیلیٰ با مجنوں کوہستانی در بیان مقام عرفان
حکایت در بیان احوال دہقان ضرب المثل برای انسان
حکایت در بیان تعلیم یافتن عالم با میرزا از درویش روشن ضمیر

مثنوی میں چھ سو شعر ہیں جو دس دن میں مکمل ہوئے جیسا کہ وہ کہتے ہیں:

شعر در دہ روز شد شش صد بیاں
از برای خاطر شمشیر خاں ۳۶۸

یہ ۱۲۴۳ھ/۱۸۲۷-۲۸ء اور ۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲-۳۳ء کے درمیان کسی سال میں مکمل ہوئی — رنگین مثنوی کہنے میں ماہر تھے اور انہوں نے سات مختلف

وزن میں سات مثنویاں لکھی ہیں۔[٣٦٩]

۳۔ مجالس رنگین: یہ ایک نثری مجموعہ ہے جس میں رنگین نے شعرا اور دوسرے لوگوں سے اپنی ملاقاتوں کا ذکر کیا ہے۔ رنگین نے شمالی اور مشرقی ہندوستان میں بہت زیادہ سیر و سیاحت کی تھی اور ہر قسم کے لوگوں سے ان کی ملاقات رہی تھی۔ رنگین نے ان ملاقاتوں کے ضمن میں پیش آنے والے چند دلچسپ واقعات کا بھی ذکر کیا ہے۔ مجالس رنگین اپنی قسم کی پہلی کتاب ہے جو رنگین نے لکھی ہے۔ اس سے رنگین کی زندگی کے چند ذاتی واقعات کا بھی پتہ چلتا ہے۔ اسی کتاب سے پتہ چلتا ہے کہ شاعری میں حاتم ان کے استاد تھے۔

"از پنجاہ سال معمول حضرت شاہ حاتم کہ حاتم تخلص می‌فرمودند در شعر استاد بندہ بودند، مدام چہار گھڑی روز باقی ماندہ در تکیہ شاہ تسلیم شاہ کہ زیر قلعہ مبارک بادشاہی است تا شام نشستہ می ماندند"[٣٧٠]

مجالس رنگین کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ رنگین کو اپنی برتری کا احساس تھا جس کا اظہار دوسروں کو اصلاح اور مشورے دینے میں ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے استاد حاتم کو بھی نہیں بخشا اور ان کے اشعار میں بھی ترمیم و اصلاح کی جیسا کہ مجلس اول میں بیان کیا گیا ہے۔

۴۔ اخبار رنگین: رنگین کی تحریروں سے ان کی شاعری اور زندگی کے بارے میں کثرت سے داخلی شواہد ملتے ہیں۔ اخبار رنگین بھی اسی قسم کی تصنیف ہے۔ اس میں ۱۰۹ ایسے واقعات کا ذکر ہے جن سے ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے۔ بعض واقعات سے اس زمانہ کے ماحول اور عقائد و خیالات کا پتہ چلتا ہے۔ ہر قصہ کے آخر میں اردو اور فارسی کے اشعار ہیں۔ سعدی کے قطعات[٣٧١] کثرت سے نقل کیے ہیں۔ ان واقعات اور قصوں سے ہمیں ان کے لڑکے اختر یار خاں

کتاب اگرچہ ترجمہ ہے لیکن اس قدر مکمل اور جامع ہے کہ خود ایک علاحدہ مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی صحیح تاریخ تکمیل معلوم نہیں۔ ۱۰۷۳ھ میں یہ اختتام کے قریب تھی لیکن اس میں بعد کے سالوں میں بھی مصنف نے اصلاح و ترمیم جاری رکھی۔

سیف خاں نے یہ کتاب اورنگ زیب کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے لکھی تھی مگر مصنف کو یہ سعادت نہیں ملی اور کتاب انتساب سے محروم رہ گئی۔

راگ درپن کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ سیف خاں خود موسیقی کے استاد اور موسیقاروں کے سرپرست تھے۔ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ میں نے مختلف راگوں کو ملا کر

چند نئے راگ نکالے ہیں۔ دوسری جگہ لکھتے ہیں میں نے ان ہی صفحوں میں ان سازندوں کا ذکر کیا ہے جن کے ساتھ سنگیت میں میں نے خود حصہ لیا ہے یا جو اورنگ زیب کے عہد میں موجود تھے۔" ان کے شوق کا یہ عالم تھا کہ انھوں نے اس کتاب کی تکمیل میں ہزاروں روپے خرچ کر دیے۔"

جیسا کہ پہلے ذکر ہوا راگ درپن مان کتوہل کی بنیاد پر ایک مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی اہمیت اس اعتبار سے بھی مسلّم ہے کہ اصل مان کتوہل کے وجود کا علم نہیں۔ اس میں بہت سے ایسی باتوں کا ضمنی طور پر ذکر آگیا ہے جو تاریخ موسیقی کی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتی ہیں۔

راگ درپن دس ابواب پر مشتمل ہے۔

۱. کتاب کی تصنیف کے بارے میں	۲. راگ
۳. مخصوص راگ کے لیے موسم کا تعین	۴. سور
۵. آلات موسیقی اور ایک رسالہ	۶. مغنی کے نقائص
۷. گلا اور آواز	۸. مکمل استاد کی شناخت
۹. سازندہ کی شناخت	۱۰. معاصر موسیقار اور مغنیوں کے بارے میں

۲. رسالہ رقص ہندی: سیف خاں نے ہندوستان کے مختلف رقص اور ان کی ترقی کے بارے میں یہ مفصل رسالہ لکھا۔"

۳. مکتوبات سیف خاں: سیف خاں نے مختلف امرا اور افسروں کو بہت سے خطوط لکھے اس مجموعہ میں ... صفحات ہیں اور یہ نامکمل ہے۔"

۴. نسخہ عیش افزا: یہ رسالہ اورنگ زیب کو معنون کرنے کے لیے لکھا گیا تھا اس میں سیف خاں نے اپنے

اور ماسے کے متعلق بھی بتایا ہے۔

سیف خاں کو شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی اور وہ مخلص خان بخشی کے شاگرد تھے۔ خوشگو نے ان کا یہ شعر نقل کیا ہے:

یار احوال دل از من پرسید
غنچہ لالہ بدستش دادم ۹۳

وہ شعرا کی سرپرستی بھی کرتے تھے۔ ناصر علی ان سے اس قدر محبت کرتے تھے کہ انھوں نے پانچ ہزار روپے کا انعام جو خان جہاں بہادر کوکلتاش نے پیش کیا تھا، لینے سے انکار کر دیا اور کہا:

"بآں بزرگ (سیف خاں) می باشم ہر گاہ گرسنہ میشوم از مطبخ شوربا میرسد" ۹۴

ناصر علی نے سیف خاں کی تعریف میں پر زور اشعار کہے ہیں:

گفتگوی طوطی از آئینہ می خیزد علی
گر نباشد سیف خاں مارا نفس در کار نیست ۹۵

ای خان وفا نواز و دشمن پرداز
وی سیف تو صبح فتح را خندہ ناز
خواہم کہ چو آفتاب تاباں باشد
در ہر گرہ سال تو صد عمر دراز ۹۶

سیف خاں کے انتقال پر انھوں نے ایک پر درد مرثیہ لکھا:

سیف از سرم گذشت دل من دو نیم شد ۹۷

شیخ عبدالحق سجاول سرہندی: عبدالحق یا عبدالخالق سجاول گیارھویں صدی ہجری میں سرہند میں پیدا ہوئے

وہ عربی و فارسی کے عالم، شیخ معصوم سرہندی کے شاگرد اور اورنگ زیب کے مداح تھے۔ "مقامات معصومی" کے مصنف نے لکھا ہے کہ ان کا آبائی گاؤں سرہند سے چھ سات میل کے فاصلہ پر سوانده کے نام سے مشہور تھا۔ شیخ عبدالحق مجددیہ خاندان کے کئی بزرگوں کے استاد بھی رہے۔ ان کا انتقال سرہند میں ہوا اور خواجہ معصوم کے مقبرے کے قریب دفن ہوئے۔

شیخ عبدالحق کا ایک خاص کام شرح الوقایہ از عبداللہ بن مسعود (وفات ۷۴۷ھ ـ ۱۳۴۶ء) کا فارسی میں ترجمہ اور تفسیر ہے۔ حنفی مسلک سے متعلق اسلامی قوانین پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں ایک معروف کتاب ہدایۃ المبتدی ہے جو شیخ برہان الدین علی المرغینانی (وفات ۵۹۳ھ ـ ۱۱۹۷ء) کی تصنیف ہے۔ انھوں نے خود ہدایۃ الفروع کے نام سے اس کی تفسیر لکھی جو بہت زیادہ مقبول ہوئی۔ اس کے بعد ملی اور بھی بہت سی تفسیریں لکھی گئیں۔ اسلامی قانون شریعت کو اور ہدایہ کو سمجھنے میں مدد دینے کے لیے امام برہان الشریعت محمود بن عبداللہ بن مسعود نے وقایہ یا وقایۃ الروایہ تصنیف کی اور اس کی تفسیر عبداللہ بن مسعود نے لکھی۔ یہ شرح وقایہ بہت مقبول ہوئی اور ہندوستانی مدارس میں کثرت سے نصاب میں شامل کی گئی۔

مسائل شرح وقایہ:

شرح وقایہ کا فارسی ترجمہ اور تفسیر عبدالحق سجاول سرہندی کا کارنامہ ہے۔ سرورق پر متن تصانیف ابراہیم بن محمد بن ابراہیم حلبی تحریر ہے۔ انھوں نے حضرت خواجہ معصوم کی رہنمائی میں اس ترجمہ کو ۱۰۶۰ھ ـ ۱۶۵۰ء میں مکمل کر کے اورنگ زیب کے نام معنون کیا۔ یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔ حمد و سلام کے بعد مصنف کتاب کے آغاز میں خواجہ معصوم سے اپنے تعلق کا اظہار کرتا ہے:

"بعد ہذا میگوید احقر عباد اللہ الغنی عبدالحق سجاول سرہندی کہ از ایام

اور سا کے متعلق بھی بتایا ہے۔

سیف خاں کو شعر و شاعری سے بھی دلچسپی تھی اور وہ فقص خاں تخلص کرتے تھے۔ تذکرہ نگاروں نے ان کا یہ شعر نقل کیا ہے:

یار احوال دل از من نپرسید

غنچہ نالہ بدستش دادم

وہ شعراء کی سرپرستی بھی کرتے تھے۔ ناصر علی [illegible] بہت کرتے تھے کہ انھوں نے پانچ ہزار روپیہ کا انعام جو خان جہاں بہادر کوکلتاش نے پیش کیا تھا لینے سے انکار کر دیا اور کہا:

"یاں بزرگ سیف خاں کی باشم ہر گاہ از [illegible] مستغنی شدہ باشم"

ناصر علی نے سیف خاں کی تعریف میں چند اشعار کہے ہیں:

گفتگوئی تو می از آتیش [illegible]

گر نباشد سیف خاں ما را نفس در کار نیست

ای فلک وفا تو از [illegible] پرواز

دل سیف تو صبح فتح را باختہ ناز

تو ہم گر چہ آفتاب تاباں باشد

در ہر گرہ سال تو صد عمر دراز

سیف خاں کے انتقال پر انھوں نے ایک پر درد مرثیہ لکھا:

سیف از سرم گذشت دل من دو نیم شد

شیخ عبد الحق سجاول سرہندی:

عبد الحق یا عبد الخالق سجاول گیارہویں صدی ہجری میں سرہند میں پیدا ہوئے

وہ عربی و فارسی کے عالم، شیخ معصوم سرہندی کے شاگرد اور [illegible] تھے۔ مقامات معصومی کے مصنف نے لکھا ہے کہ [illegible] سجاول سیل کے [illegible] کے نام سے مشہور تھا۔ شیخ عبد الحق [illegible] کے استاد بھی ہے ان کا انتقال سرہند میں ہوا اور خواجہ معصوم [illegible]

شیخ عبد الحق کا ایک خاص کام شرح وقایہ از عبد اللہ بن مسعود (وفات ۷۴۷ھ [illegible]) کا فارسی میں ترجمہ و تفسیر ہے۔ [illegible] سے متعلق [illegible] کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں ایک معروف کتاب ہدایہ [illegible] علی المرغینانی (وفات ۵۹۳ھ / ۱۱۹۷ء) کی تصنیف ہے۔ انھوں نے خود [illegible] کے نام سے اس کی تفسیر لکھی جو بہت مقبول ہوئی [illegible] اسلامی قانون شریعت کو [illegible] الشریعۃ محمود بن عبد اللہ بن مسعود نے وقایہ [illegible] تصنیف کی۔ [illegible] تفسیر عبد اللہ بن مسعود نے لکھی۔ یہ شرح وقایہ بہت مقبول ہوئی [illegible] بکثرت سے نصاب میں شامل کی گئی۔

مسائل شرح وقایہ:

شرح وقایہ کی ترتیب و تفسیر عبد الحق سجاول سرہندی کا [illegible] پر [illegible] تصانیف ابراہیم بن محمد بن ابراہیم حلبی [illegible] ہے۔ انھوں نے حضرت خواجہ معصوم کی رہنمائی میں اس ترتیب کو [illegible] میں مکمل کر کے [illegible] کے نام سے معنون کیا۔ یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔ [illegible] کے بعد مصنف کتاب کے آغاز میں خواجہ معصوم سے اپنے تعلق کا اظہار کرتا ہے:

"بعد بذا میگوید احقر عباد اللہ الغنی عبد الحق سجاول سرہندی کہ [illegible]

www.mujaddidway.com

[illegible]

کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الحج،
کتاب النکاح وغیرہ۔

[illegible]

[illegible]

۲- شرح ہدایہ :-

[illegible]

شیخ فضل اللہ سرہندی

[illegible]

حکیم محمد عابد سرہندی :-

[illegible]

شیخ غلام محی الدین سرہندی

[illegible]

www.mujaddidway.com

[illegible]

کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الحج،

کتاب النکاح وغیرہ۔

[illegible]

[illegible]

شرح ہدایہ

[illegible]

شیخ فضل اللہ سرہندی

[illegible]

حکیم محمد عابد سرہندی

[illegible]

شیخ غلام محی الدین سرہندی

[illegible]

www.mujaddidway.com

زمانہ میں جو بریلی کا حاکم تھا، سرہند سے بریلی ہجرت کر کے چلے گئے۔" ان کی تصانیف میں قرآن شریف کی منظوم تفسیر ۱۰ پارہ تک ہے۔

شیخ قطب الدین سرہندی: شیخ محدث قطب الدین حنفی نقشبندی سرہندی فقہ و حدیث کے زبردست عالم تھے۔ شیخ محمد زبیر بن عابد علی سرہندی سے تحصیل علم کیا اور عرصہ تک ان کے ساتھ رہے۔ ۱۱۷۳ھ میں حجاز شریف لے گئے، فریضہ حج ادا کیا اور مقامات مقدسہ کی زیارت کی اور مدینہ میں رحلت فرمائی۔ ان کی تصانیف میں "ولب الزبیر" اور "ذکر و اشغال" شامل ہیں۔

باب سوم

حواشی

۱۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۱۱

۲۔ سٹوری جلد ۱، ص ۵۱۳؛ ریو جلد ۳، ص ۱۰۱۱؛ پروفیسر ایشتیاق احمد، ص ۷۰ لکھتے ہیں کہ ان کے پاس جو قلمی نسخہ ہے وہ سلطان سید محمد کے عہد ۸۳۸ھ/۱۴۳۴ء میں اچانک ختم ہو جاتا ہے، جو غالباً درست نہیں ہے۔

۳۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۰۲

۴۔ ایلیٹ جلد ۴، ص ۶

۵۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۴

۶۔ ایلیٹ جلد ۴ ص ۶

۷۔ مبارک شاہی ص ۴

۸۔ ایضاً ص ۱۹۴ — ۲۳۵

۹۔ طبقات اکبری جلد ۱، ص ۵ (انگریزی ترجمہ، مقدمہ)

۱۰۔ منتخب التواریخ جلد ۱، ص ۱۰ (انگریزی ترجمہ)

۱۱۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۲۲

۱۲۔ شیخ فرید بخاری اکبر و جہانگیر کے عہد کے معزز امیر تھے بہت سی جنگوں میں حصہ لیا جہانگیر کے زمانہ میں ان کو پنج ہزاری کا منصب اور میر بخشی الملک کا عہدہ اور مرتضیٰ خاں کا لقب ملا۔ ان کا انتقال ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں ہوا۔ وہ زبدۃ التواریخ کے مصنف شیخ نور الحق کے بھی سرپرست تھے۔

زمانہ میں جو بریلی کا عالم تھا، سرہند سے بریلی ہجرت کر کے چلے گئے۔[۲۳] ان کی تصانیف میں قرآن شریف کی منظوم تفسیر، دس پارہ تک ہے۔

شیخ قطب الدین سرہندی: شیخ محدث قطب الدین حنفی نقشبندی سرہندی فقہ و حدیث کے زبردست عالم تھے۔ شیخ محمد یحییٰ بن عابد علی سرہندی سے تحصیل علم کیا اور عرصہ تک ان کے ساتھ رہے۔ ۱۲۳۳ھ میں حجاز شریف گئے، فریضہ حج ادا کیا اور مقامات مقدسہ کی زیارت کی اور وہیں رحلت فرمائی۔ ان کی تصانیف میں 'وہاب العزیز' اور 'ذکر و اشغال' شامل ہیں۔[۲۴]

باب سوم

حواشی

۱۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۱۱

۲۔ اسٹوری جلد ۱، ص ۵۴۲، ریو جلد ۳، ص ۱۰۱۰۔ پروفیسر ہیئت خلیقہ، ص ۱۰ لکھتے ہیں کہ ان کے پاس جو قلمی نسخہ ہے وہ سلطان سید محمد کے عہد ۸۳۸ھ/۱۴۳۴ء میں ختم ہوتا ہے جو غالباً درست ترجمہ ہے۔

۳۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۰۲

۴۔ ایضاً جلد ۲، ص ۶

۵۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۴

۶۔ ایضاً جلد ۲ ص ۹

۷۔ مبارک شاہی ص ۴

۸۔ ایضاً ص ۱۹۲–۲۳۵

۹۔ طبقات اکبری جلد ۱، ص ۵ (انگریزی ترجمہ، مقدمہ)

۱۰۔ منتخب التواریخ جلد ۱، ص ۱۰ (انگریزی ترجمہ)

۱۱۔ تاریخ مبارک شاہی ص ۲۲۲

۱۲۔ شیخ فرید بخاری اکبر و جہانگیر کے عہد کے سربرآوردہ امیر تھے۔ بہت سی معرکوں میں حصہ لیا۔ جہانگیر کے زمانہ میں ان کو پنج ہزاری کا منصب اور بخشی الملک کا عہدہ اور مرتضیٰ خاں کا لقب ملا۔ ان کا انتقال ۱۰۲۵ھ مطابق ۱۶۱۶ء میں ہوا۔ وہ حضرت مجدد الف ثانی کے معتقد اور شیخ ... کے سرپرست تھے۔

۱۳۔ مدارالافاضل جلد ۱، ص ۲۲۶

۱۴۔ قرآن شریف کی ایک آیت "انبت اللہ نباتاً حسنا" کی طرف اشارہ ہے۔

۱۵۔ مدارالافاضل ص ۱ (مقدمہ)

۱۶۔ ایضاً ص ۲ (مقدمہ)

۱۷۔ مدارالافاضل ص ۲۲۹، منتخب التواریخ جلد ۲، ص ۳۹۲-۳۹۳ (انگریزی ترجمہ)

۱۸۔ ایضاً ص ۲۰

۱۹۔ ایضاً ص ۴۲

۲۰۔ ایضاً ص ۵۵

۲۱۔ ایضاً ص ۳۶۵

۲۲۔ مدارالافاضل (مقدمہ) ص ۲-۳

۲۳۔ ایچے جلد ۱۱ پارٹ ۱ ص ۱۳۶ نمبر ۷۰، ۱۵۰۵، ۱۵۰۳

۲۴۔ مدارالافاضل جلد ۱، ص ۴

۲۵۔ ایضاً ص ۴

۲۶۔ ایضاً ص ۵ (مقدمہ)

۲۷۔ بانکی پور جلد ۵ ص ۲۰ نمبر ۴۰۵

۲۷ الف۔ تاریخ نویسی فارسی در ہند و پاکستان ص ۱۰، پر اسکو انڈیا آفس ش ۹۰۶ کے حوالے سے تاریخ اکبر شاہی لکھا ہے۔

۲۸۔ ایلیٹ جلد ۶، ص ۱۱۶

۲۹۔ ایچے جلد ۱۱ پارٹ ۱، ص ۱۳

۲۹ الف۔ ایضاً ص ۱۳

۳۰۔ ببلوگرافی آف مغل انڈیا ص ۴۹

۳۰ الف۔ تاریخ نویسی فارسی ص ۱۰۹

۳۱۔ اسٹوری جلد ۱ پارٹ ۱ ص ۵۲۰-۵۴۰ نے اس کو تذکرۃ الواقعات کے نام سے لکھا ہے۔

۳۲۔ ریو جلد ۳ ص ۹۲۶

۳۳۔ ریو جلد ۳ ص ۹۲۸، ۱۰۴۷؛ ایچے جلد ۱ پارٹ ۱، ص ۹۹

۳۴۔ ببلوگرافی آف مغل انڈیا ص ۱۰۷ نمبر ۲۰۲

۳۵۔ زبدۃ التواریخ، محمد غوری سے جہانگیر کے عہد تک ہندوستان کی تاریخ ہے۔

۳۶۔ گلزار ابرار ورق ۱۰۹، نزہت الخواطر جلد ۴ ص ۵

۳۷۔ منتخب التواریخ جلد ۲ ص ۵۱ (انگریزی ترجمہ)

۳۸۔ ایضاً جلد ۲ ص ۹۱-۱۹۰ (انگریزی ترجمہ)

۳۹۔ ایضاً جلد ۲ ص ۲۱۲ (انگریزی ترجمہ)

۴۰۔ گلزار ابرار کا مصنف (ورق ۱۰۹) لکھتا ہے کہ چونکہ وہ بادشاہ کے حکم کے بغیر گجرات سے آگیا تھا اس لیے اس کو قلعہ بھکر بھیج دیا گیا۔

۴۱۔ منتخب التواریخ جلد ۲ ص ۲۰۵-۲۰۶ (انگریزی ترجمہ)

۴۲۔ ایضاً جلد ۲ ص ۲۰۶

۴۳۔ اتھروید ہندوؤں کی چار مقدس کتابوں میں سے ایک ہے۔ منتخب جلد ۲ ص ۲۱۲ ابوالفضل نے آئین اکبری میں لکھا ہے کہ حاجی ابراہیم سرہندی نے تنہا اتھروید کا ترجمہ کیا آئین اکبری جلد ۱، ص ۱۰۵ (انگریزی ترجمہ) بلاخمین

۴۴۔ منتخب التواریخ جلد ۲ ص ۳۲۰ (انگریزی ترجمہ)

۴۵۔ غلزائیوں اور خلجیوں کا خاندان، یہ قبیلہ ہندوستان، افغانستان کے درمیان تجارت کرتا تھا۔

۴۶۔ منتخب التواریخ جلد ۱ ص ۹۔۵۰۸۔ سید محمد جونپور کے رہنے والے تھے۔ ۸۴۷ھ/۱۴۴۳ء کو پیدا ہوئے۔ تقویٰ و طہارت میں ان کا کوئی ہم پلہ نہ تھا۔ وہ ہمیشہ روزے سے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ انھوں نے ایک آواز سنی اور اپنے مہدی ہونے کا اعلان کر دیا۔ ان کے چند مخلصین نے ان کو غلط سمجھا اور ان کی غلط ترجمانی کی۔ مہدیوں کا ایک فرقہ پیدا ہو گیا۔ ان کا انتقال ۹۱۱ھ/۰۶۔۱۵۰۵ء میں ہوا۔

۴۷۔ شیخ علائی بیانہ کے پیرزادوں میں سے تھے وہ ایک عالم اور زبردست مقرر تھے۔ اپنی دلیلوں سے بہت سے علما کو خاموش کر دیتے تھے۔ وہ شیخ نیازی کے مرید ہو گئے اور اپنا مسلک چھوڑ کر مہدویت اختیار کر لی ملا عبد اللہ سلطان پوری کا لگے دشمن تھے۔ انھوں نے اسلام شاہ کو اکسایا، جو شیخ کا معتقد تھا۔ نتیجہ میں ان کو مار مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ (تذکرہ اردو ص ۸۱)

۴۸۔ منتخب التواریخ جلد ۱ ص ۵۰۹

۴۹۔ ایضاً جلد ۱ ص ۲۰۔۵۱۹

۵۰۔ ایضاً جلد ۳ ص ۳۰۲

۵۱۔ ایضاً جلد ۳ ص ۵۔۶۰۴

۵۲۔ ایضاً جلد ۳ ص ۷۷

۵۳۔ رود کوثر ص ۳۵۴

۵۴۔ زبدۃ المقامات (اردو ترجمہ) ص ۲۲۷ میں تحریر ہے کہ ان کا انتقال ۱۰۰۷ھ میں ۸۰ سال کی عمر میں ہوا لہٰذا سال ولادت ۹۲۷ ہوا۔

۵۵۔ چشتی سلسلہ کے ایک بزرگ صوفی، ۵۹۰ھ میں وفات پائی۔

۵۶۔ دسویں صدی ہجری کے ایک مقدس صوفی و بزرگ تھے۔

۵۷۔ سید علی قوام چشتی سلسلہ سے تھے اور جونپور میں شیخ بہاء الدین کے مرید تھے۔ ۹۵۰ھ

میں وفات پائی (زبدۃ المقامات ص ۱۱۷)

۵۸۔ زبدۃ المقامات ص ۱۱۸ (اردو ترجمہ)

۵۹۔ ایضاً ص ۱۲۷

۶۰۔ امام ربانی ص ۳۹

۶۱۔ گلزار ابرار ورق ۲۲۳ (علی گڑھ)

۶۲۔ زبدۃ المقامات ص ۱۸۔۱۱۷ (فارسی)

۶۳۔ نزہت الخواطر جلد ۴ ص ۴۴

۶۴۔ اس آیت سے ۱۰۰۴ ہجری برآمد ہوتا ہے جو سواطع الالہام کا سالِ تکمیل ہے۔ منتخب التواریخ کے مترجم نے سہواً اس آیت سے ۱۰۰۹ھ برآمد کیا ہے جو غلط ہے (منتخب جلد ۳ ص ۴۰۷ (انگریزی)

۶۵۔ ریاض الشعرا نمبر ۳۰۲، ۵

۶۶۔ نزہت الخواطر جلد ۴ ص ۱۹۸

۶۷۔ اسٹوری جلد ۱ پارٹ ۱ ص ۵۶۰، بوڈلین پارٹ ۱ ص ۳۸۹، ۱۲۲۱ء قلمی نسخہ نمبر ۱۳۲)

۶۸۔ نزہت الخواطر، جلد ۵ ص ۳۹۱-۳۹۶ نے ان کا پورا نام اس طرح لکھا ہے "امیر کبیر محمود بن احمد سرہندی سیف الدین بن فخر الدین مشہور بہ نواب سیف خاں"

۶۹۔ ماثر الامرا جلد ۲ ص ۴۸۱

۷۰۔ ایضاً جلد ۲ ص ۴۸۲

۷۱۔ ایضاً جلد ۲ ص ۴۸۴

۷۲۔ ایضاً جلد ۲ ص ۴۸۵

۷۳۔ بوڈلین نمبر ۱۸۴۴

۷۴۔ راگ درپن (ب) ورق ۱۵

٧٥۔ رسالۂ دریچہ ورق ٣

٧٦۔ رسالۂ دریچہ ص ٩١

٧٧۔ رسالۂ دریچہ ص ١٢٥ (ہندی ترجمہ)

٧٨۔ ایضاً ص ٥٢ - ١٥٠

٧٩۔ صبح گلشن ص ٢١٥

٨٠۔ قلمی نسخہ نمبر ١٠١/٣٠٢ ریحان کلکشن، علی گڑھ (اس کو انشائی نواب سیف خاں) کے نام سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ سیف خاں کے خطوط کا ایک اور قلمی نسخہ مجموعہ منشآت کے نام سے پنجاب یونیورسٹی میں ہے (ببلوگرافی آف مغل انڈیا نمبر ٥١٩ ص ١٠٧)

٨١۔ قلمی نسخہ سرگودھا (ببلوگرافی آف مغل انڈیا صفحہ ٩ نمبر ١٨٧)

٨٢۔ مخلص خاں ایران سے آئے تھے اور اورنگ زیب کے عہد میں تن بخشی کے عہدے پر مامور ہوئے۔ بہادر شاہ اول کے عہد میں انتقال ہوا (خوشگو ص ٩٩)

٨٣۔ خوشگو ص ٩٩ صبح گلشن ص ٢١٥

٨٤۔ کلمات الشعرا ص ١٢٨

٨٥۔ دیوان ناصر علی ص ٢٩

٨٦۔ ایضاً ص ١١٠

٨٧۔ صبح گلشن ص ٢١٥

٨٨-٨٩۔ بمبئی کیٹلاگ ص ٢٢٣ ایوانوف ص ٥٠٧ نے عبدالحق اور ایتھے جلد ١ پارٹ ٢ ص ١٣٩٥ نے عبدالخالق لکھا ہے۔ ایوانوف (ص ٥٠٧) نے سجاول ایتھے نے سکاول اور طبہاول لکھا ہے مگر صحیح عبدالخالق سجاول ہے جیسا کہ کتاب کے مقدمہ سے ظاہر ہے۔

٩٠۔ ایتھے پارٹ ٢ ص ١٣٩٥۔ شیخ معصوم کا انتقال ١٠٧٩ھ میں ہوا۔

٩١۔ پنجاب لائبریری کیٹلاگ ص ٥٠، ایتھے جلد ١ پارٹ ٢ ص ١٣٩٥

٩٢۔ مقامات معصومی ورق ٢١٢

٩٣۔ مقدمہ مسائل شرح وقایہ ص ٢-٣

٩٤۔ مسائل شرح وقایہ ص ٣

٩٥۔ ایتھے جلد ١، پارٹ ٢ ص ١٣٩٥، ایوانوف ص ٥٠٥ نمبر ١٠٣١

٩٦۔ ایتھے نمبر ١٥٩٣

٩٧۔ نزہت الخواطر جلد ٦ ص ٢٢٣

٩٨۔ ایضاً جلد ٦ ص ٢٢٠ - ٢٢٤

٩٩۔ ایضاً جلد ٦ ص ٢١٠

١٠٠۔ ایضاً جلد ٦ ص ٢٢٣

www.mujaddidway.com

باب چہارم

خاندان و سلسلۂ مجددیہ

صوفیا کے کئی سلسلے بامرورِ زمانہ وجود میں آئے جن میں سے کئی سلسلے بہت زیادہ مشہور ہوئے اور اب تک موجود ہیں۔ بہت سے غیر معروف سلسلے منقطع ہو گئے۔ ہر سلسلے کے قواعد و ضوابط اور طریقِ اشغال و اذکار جداگانہ ہیں۔ ان سلسلوں سے مزید شاخیں نکلی ہیں۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ کے زمانے میں صوفیا کے تین سلسلے مشہور و موجود تھے: عدویہ سلسلہ، قادریہ سلسلہ اور رفاعیہ سلسلہ۔ عدویہ سلسلہ شیخ عدی بن مسافر الاموی (وفات ۵۵۷ھ) کی طرف منسوب ہے۔ قادریہ سلسلے کے بانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (وفات ۵۶۱ھ) ہیں۔ سلسلۂ رفاعیہ شیخ احمد رفاعی (۵۰۰ھ ۔ ۵۷۸ھ) کی طرف منسوب ہے۔

اس کے علاوہ اور بھی سلسلے مثلاً سلسلۂ یونسیہ، بداویہ تھے۔ سہروردیہ سلسلے کے بانی شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردیؒ (۵۳۹ھ ۔ ۶۳۲ھ) ہیں۔ سلسلۂ چشتیہ کے بانی خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ (وفات ۶۳۳ھ) ہیں۔ ہندوستان کے نامور اور مشہور بزرگوں میں مثلاً شیخ فرید الدین شکر گنجؒ (وفات ۶۶۴ھ) خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ (وفات ۶۳۳ھ) حضرت شیخ نظام الدین اولیاؒ (وفات ۷۲۵ھ) قاضی حمید الدین ناگوریؒ (وفات ۷۰۰ھ) امیر خسرو دہلوی (وفات ۷۲۵ھ) شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ (وفات ۷۵۷ھ) شیخ علاء الدین [illegible] شیخ سلیم چشتیؒ وغیرہ سب ہی سلسلۂ عالیہ سے وابستہ ہیں۔ ہندوستان کے مغل بادشاہوں کو اس سلسلے سے خاص عقیدت رہی ہے۔[1]

سلسلۂ نقشبندیہ: اس سلسلے کے بانی خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ (وفات ۷۹۱ھ) ہیں۔ اس سلسلے کے صوفی حضرات ذکرِ خفی کرتے ہیں۔ ان کے ذکر و فکر کا ایک خاص ضابطہ ہے جو دوسرے سلسلوں سے ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ اتباعِ سنت اور اجتناب بدعت اس سلسلے کا خاص شعار ہے۔ اس سلسلے کے ماننے والوں کا دعویٰ ہے کہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ کے طریقہ پر ظاہراً و باطناً قائم ہیں۔

طریقۂ نقشبندیہ کے خصائص میں سے ایک چیز یہ ہے کہ اس طریقہ کے بزرگوں نے احوال کو احکام شریعہ کے تابع کیا ہے اور احوال و معارف کو احکام شریعہ کا خادم بنایا ہے۔ یہ سماع و رقص کو پسند نہیں کرتے اور ذکر جہر کی طرف توجہ نہیں کرتے۔[2]

حضرت مجددؒ کے والد محترم مخدوم عبدالاحدؒ[3] شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے صاحبزادے شیخ رکن الدین کے ممتاز خلیفہ اور صاحب علم بزرگ تھے اور چشتیہ قادریہ سلسلے سے تعلق رکھتے تھے۔ حضرت مجدد چشتیہ اور قادریہ سلسلے میں ان کے مرید ہوئے۔ نقشبندیہ سلسلے کے فروغ سے پہلے قادریہ سلسلے کو دوسرے قدیم سلسلوں پر امتیاز حاصل تھا اور اسی کی وجہ سے علما مثلاً شیخ علی متقیؒ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس سلسلے میں بیعت کی۔

چشتی، سہروردی اور قادری سلسلوں کی تمام روایات گوشۂ تنہائی میں یادِ خدا کرنے کی تھیں۔ لیکن مسلمانوں میں دگرگوں صورت حال کی دسویں صدی ہجری میں جو بدعات اور دین میں فساد کا بازار گرم تھا اور جس طرح ان اہل [illegible] کار روائیوں کو شاہی سرپرستی حاصل تھی اس کا تقاضا تھا کہ صوفیا گوشۂ تنہائی سے نکل کر ارباب اقتدار سے ربط و ضبط پیدا کریں اور خرابیوں کی اصلاح کریں۔ صوفیا میں اس طریقہ کار کے سب سے بڑے ترجمان نقشبندی حضرات تھے۔ ہندوستان میں جس بزرگ نے اس اصول پر سب سے پہلے کثرت سے عمل کیا اور ہندوستان میں نقشبندی سلسلے کی مستحکم بنیاد رکھی وہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ (۹۷۱ھ ۔ ۱۰۱۲ھ) تھے۔ جن کے حلقۂ عقیدت میں حضرت مجدد الف ثانیؒ اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی جیسی شخصیات

داخل ہوئیں۔ ان کے علاوہ دربار شاہی کے متعدد امیر بھی آپ کے مرید ہوئے۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ نے طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کی بنیاد رکھی جو تمام ہندوستانی طریقوں میں شریعت سے قریب ترین ہے۔ ہندوستان میں اسلام پر شروع سے تصوف کا رنگ اس قدر چڑھا ہوا تھا کہ کوئی شخص صوفیانہ سلسلہ میں داخل ہوئے بغیر اسلام کی برکات سے مستفید ہونے کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ ایسی حالت میں اسلام کی بڑی خدمت یہ تھی کہ ایسے صوفیانہ سلسلے کو ترقی دی جائے جو بعض دوسرے سلسلوں کی طرح شرع سے آزاد نہ ہو۔ حضرت مجددؒ نے ایسے طریقہ کی اشاعت کی جس میں شریعت کی پیروی پر بہت زیادہ زور ہے۔ اس طریقے میں اتباع سنت سنیہ اور اجتناب بدعت نا مرضیہ پر جو کمال اہتمام ہے نقشبندیہ مجددیہ سلسلے میں اتباع شریعت اور ترویج سنت کا جوش دوسرے سلسلوں سے زیادہ ہے۔ نہ اس میں چلہ کشی کی ضرورت ہے نہ ذکر بالجہر کی اجازت ہے نہ سماع با مزامیر ہے۔ نہ قبوں پر روشنی نہ غلاف و چادر اندازی، نہ سجدہ تعظیمی، نہ پیروں کی قدم بوسی کا حکم، نہ مرید عورتوں کی بے پردگی۔ آپ نے طریقت کا وہ سلسلہ اختیار کیا جس میں احکام شرعی کا سب سے زیادہ پاس تھا اور اس سلسلہ کو ترقی دی بلکہ طریقت کے مقابلے میں شریعت کی اہمیت واضح کر دی۔ شرع کی حمایت اور ترجمانی کے علاوہ آپ نے رد بدعت اور اسلام کے عام احیاء پر بہت زور دیا اور مکتوبات کے ذریعہ بدعت کے دین میں شامل ہونے کے نقصانات کو واضح کیا۔

جو اثرات حضرت مجدد الف ثانیؒ کی بدولت ہندوستان میں مرتب ہوئے وہ ہندوستان کی سرحدوں سے نکل کر باقی عالم اسلام تک پہنچے۔ خواجہ باقی باللہؒ کے خلیفہ شیخ تاج الدین سنبھلی نقشبندیہ طریقہ سلسلے کو لے کر حجاز پہنچے۔ اس سلسلے میں جمالی رنگ زیادہ نمایاں تھا اور اصل زور تزکیہ نفس اور اصلاح حال پر تھا۔ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ میں جلالی شان غالب تھی اس کا طریق کار احیائی تھا اور اس کی اشاعت

کا ایک اہم ذریعہ حضرت مجدد اور ان کے صاحبزادگان خواجہ محمد معصومؒ، خواجہ محمد سعید اور خواجہ سیف الدین کے مکتوبات تھے۔ دوسرا ذریعہ خلفاء و مریدین تھے جنہوں نے ماوراء النہر، روم، شام و عرب تک پہنچ کر اس طریقہ کی ترویج کی۔ خلافت عثمانیہ میں طریقہ مجددیہ کی سب سے زیادہ اشاعت انیسویں صدی میں ہوئی جب حضرت خالد کردیؒ نے دہلی میں رہ کر شاہ غلام علیؒ سے یہ طریقہ اخذ کیا اور واپس جا کر عرب ممالک میں اس کی اشاعت کی اور انہوں نے اہل شرع کی مدد سے طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کو سلطنت کا سب سے با اثر صوفی طریقہ بنا دیا۔

افغانستان کے علاقوں میں تو مجددیہ سلسلہ کو اس سے بھی بڑھ کر فروغ ہوا۔ حضرت مجددؒ کی حیات ہی میں یہ سلسلہ آپ کے خلفاء کے ذریعہ افغانستان پہنچ چکا تھا۔ حضرت خواجہ باقی باللہؒ خود کابل کے رہنے والے تھے اور ماوراء النہر میں تعلیم پائی تھی اس لیے ان کے خلیفہ اعظم حضرت مجدد کے طریقہ کار کی افغانستان اور ترکستان میں اشاعت قدرتی تھی۔ آپ کے بعد آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصومؒ کے ذریعہ اس طریقہ کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ آپ کے عقیدت مند ان علاقوں میں بہت ہیں۔ مثلاً افغانستان کے سب سے بڑے روحانی بزرگ حضرت نور المشائخ اس سلسلے سے متعلق رہے۔

نقشبندیہ مجددیہ سلسلہ کی شاخیں ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں آج بھی پھیلی ہوئی ہیں اور اس سلسلے کی تعلیمات کو ہر خاص و عام تک پہنچا رہی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سلسلے کی تعلیمات اس قدر سادہ اور پاک صاف ہیں کہ ہر دور میں ان کی ضرورت باقی رہے گی۔ ہر دور میں دین میں اور شریعت میں داخل اندازی کی کوششیں کی جاتی رہیں گی۔ لہٰذا ان تعلیمات یعنی اتباع شریعت، رد بدعت، ترویج سنت اور احیائے دین پر زور دینے کی ضرورت محسوس کی جاتی رہے گی۔

شیخ احمد سرہندی:

عارف باللہ الصوفی بے مثل مصلح اعظم شیخ احمد ملقب بہ بدرالدین و کنیت ابوالبرکات ۱۴ شوال ۹۷۱ھ مطابق ۲۶ مئی ۱۵۶۴ء کو سرہند میں متولد ہوئے۔ سال ولادت لفظ "خاشع" سے برآمد ہوتا ہے۔ ان کے والد شیخ عبدالاحد خود ایک عالم اور صوفی تھے ان کے بیان کے مطابق ان کا سلسلہ نسب حضرت عمر فاروقؓ سے ملتا ہے۔ شیخ احمدؒ کے اجداد میں شہاب الدین علی فرخ شاہ فاروقی کابلی غزنہ اور کابل سے ہندوستان آکر آباد ہوئے

کہا جاتا ہے کہ فیروز شاہ تغلق (۷۵۲ھ ۔ ۷۹۰ھ / ۱۳۵۱ء ۔ ۱۳۸۸ء) کے عہد میں ایک مرتبہ شاہی خزانہ اس علاقہ کے جنگلات سے گزر رہا تھا۔ ایک بزرگ بھی اس قافلہ کے ہمراہ تھے جب اس جگہ جہاں اب سرہند آباد ہے، پہنچے تو ان بزرگ نے پیشگوئی کی کہ یہاں ایک بڑا صوفی اور ولی اللہ پیدا ہوگا۔ بادشاہ نے یہ خبر سن کر یہاں ایک شہر آباد کرنے کا حکم دیا اور یہ کام امام رفیع الدینؒ کے سپرد ہوا جو شیخ احمد کے اجداد میں تھے۔ شیخ احمدؒ نے اپنے نام کی نسبت لقب "مجدد الف ثانی" سے زیادہ شہرت پائی۔

ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی اور کم سنی میں ہی قرآن شریف حفظ کر لیا۔ اس کے بعد انہوں نے علم حدیث اور تفسیر کی تکمیل کی۔ بعد ازاں دینی تعلیم کی تکمیل کے لیے مولانا کمال کشمیریؒ کے پاس سیالکوٹ گئے جہاں معقولات کی کتابیں اور حدیث کی سند مولانا یعقوب صرفی کشمیریؒ سے حاصل کی۔ یہ تمام علوم آپ نے ۱۷ سال کی عمر میں حاصل کر لیے سیالکوٹ میں ہی آپ نے علم تفسیر ایک اور ممتاز عالم قاضی بہلول بدخشانی سے پڑھا۔

فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ سرہند واپس تشریف لے آئے اور اپنے والد ماجد کے حضور درس و تدریس میں مشغول ہو گئے کچھ عرصہ بعد آپ آگرہ تشریف لے گئے وہاں بڑے بڑے علماء سے تبادلۂ خیال کا موقع ملا۔ ابوالفضل و فیضی سے آگرہ میں اکثر ملاقات اور علوم فلسفہ پر بحث و مباحثہ رہا۔ ابوالفضل وغیرہ زبردست ملحد تھے فرشتوں کے وجود کے منکر تھے انہوں نے آپ کو اپنا ہم خیال اور ہمنوا بنانے

کی کوشش کی۔ ان ہی مناظروں کی بنا پر آپ نے "اثبات النبوۃ" کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ ابوالفضل اور فیضی آپ کی غیر معمولی ذہانت قابلیت سے بہت متاثر ہوئے ان مجلسوں سے آپ کو یہ فائدہ حاصل ہوا کہ آپ نے اس زمانے کے اصل فتنوں کے مبدء و منشا کا پتہ چلا لیا۔ زبدۃ المقامات میں تحریر ہے کہ ایک مرتبہ ابوالفضل اور شیخ احمدؒ ایک مجلس میں جمع تھے۔ ابوالفضل نے فلسفہ اور اس سے متعلقہ موضوعات پر بحث شروع کر دی اور بہت زیادہ مبالغہ سے کام لیا۔ شیخ احمدؒ نے امام غزالیؒ کے حوالے سے اس کی دلیلوں کو رد کیا۔ ابوالفضل کو غصہ آگیا اور اس نے امام غزالی کے متعلق چند توہین آمیز کلمات کہے۔ شیخ موصوف کو اس پر بہت غصہ آیا اور انہوں نے ابوالفضل کو سرزنش کرتے ہوئے کہا "علماء کی صحبت میں بیٹھنا چاہتے ہو تو زبان کو اس قسم کی لغویات سے قابو میں رکھو" اس کے بعد شیخ احمدؒ کچھ عرصہ تک اس کی مجلس میں نہیں گئے یہاں تک کہ ابوالفضل نے معذرت چاہی۔

اسی طرح ایک مرتبہ عید کے چاند کے متعلق اختلاف تھا۔ اکبر نے بغیر کسی شرعی شہادت کے لوگوں سے روزہ توڑنے اور عید منانے کو کہا۔ اسی دوران شیخ احمدؒ ابوالفضل سے ملنے گئے آپ کے چہرے سے روزہ کے آثار ظاہر تھے۔ ابوالفضل نے شاہی فرمان کی طرف ان کو متوجہ کیا۔ شیخ نے جواب دیا کوئی شرعی شہادت موجود نہیں ہے اور یہ کہ "بادشاہ بی دین است اعتقاد ندارد" ابوالفضل نادم ہو کر رہ گیا مگر پھر بھی اس نے پانی کا پیالہ آپ کے منہ سے لگا دیا لیکن آپ نے ہاتھ جھٹک دیا اور اسی وقت اٹھ کر چلے آئے۔ بعد میں ابوالفضل نے معافی مانگ لی اور پھر آمد و رفت شروع ہو گئی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سواطع الالہام جو فیضی کی مشہور بے نقطہ تفسیر ہے۔ اس میں بھی شیخ احمدؒ کی امداد شریک تھی ایک دن حضرت موجود تھے اور ایک مضمون فیضی کی گرفت میں نہیں آ رہا تھا کہ کس طرح صنعت بے نقطہ میں لکھے۔ اس نے حضرت شیخ احمدؒ سے مدد چاہی۔ آپ کو اس صنعت میں لکھنے کا کوئی پہلے تجربہ نہیں تھا لیکن پھر بھی آپ نے قلم برداشتہ پورا صفحہ اسی صنعت بے نقطہ

www.mujaddidway.com

میں لکھ دیا۔ کہا جاتا ہے کہ تفسیر مذکور کی تکمیل میں حضرت شیخ احمدؒ کا بھی قابل ملاحظہ حصہ اور مدد شامل تھی ۱۷۔ کچھ عرصہ بعد آپ کے والد جن پر آپ کی جدائی شاق گذر رہی تھی۔ آپ کو لینے کے لیے اکبر آباد (آگرہ) گئے اور آپ کو اپنے ہمراہ لے آئے۔ راستہ میں جب تھانیسر پہونچے تو وہاں کے ایک رئیس شیخ سلطانؒ کی صاحبزادی سے آپ کا نکاح پڑھا گیا۔ اس شادی سے آپ کو کافی مال ملا جس سے آپ نے سرہند میں مکانات اور مسجد تعمیر کرائی۔

اس سفر سے واپسی کے بعد آپ اپنے والد کی خدمت میں التزام سے رہنے لگے۔ ان سے چشتیہ اور قادریہ دونوں نسبتیں حاصل کیں۔ لیکن آپ نے موسیقی سے ہمیشہ اجتناب کیا جس کا سننا چشتیہ سلسلہ میں جائز ہے ۱۸۔

ایک مرتبہ آپ شاہ سکندرؒ کی صحبت میں مراقبہ میں بیٹھے تھے شاہ صاحب نے اٹھ کر شاہ کمال کیتھلیؒ کا خرقہ آپ کے کندھوں پر ڈال دیا اور فرمایا کہ ان کو ان کے والد شاہ کمال کی ہدایت تھی کہ یہ روحانی ورثہ شیخ احمدؒ کو پہونچا دوں ۱۹۔

شیخ احمد کو حج کی بہت آرزو تھی لیکن والد کی ضعیف العمری کی وجہ سے وہ ان کو چھوڑ کر نہیں جا سکتے تھے۔ آپ کے والد مخدوم عبدالاحد کا ۱۰۰۷ھ/۹۹-۱۵۹۸ء میں انتقال ہو گیا۔

تب ۱۰۰۸ھ میں آپ حج کے ارادہ سے سرہند سے روانہ ہو کر دہلی پہونچے۔ یہاں وہ اپنے دوست مولانا حسن کشمیری سے ملے جنھوں نے ان کو خواجہ باقی باللہؒ سے ملنے کا مشورہ دیا۔ آپ کو پہلے ہی سے نقشبندیہ نسبت کے حاصل کرنے کی تمنا تھی۔ بے اختیار ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ خواجہ کمال شفقت و عنایت سے پیش آئے اور حج کے بارے میں سن کر فرمایا کہ اگر ایک ہفتہ یا ایک مہینہ یہاں قیام کر لیں تو کوئی مضائقہ نہیں ابھی تین چار دن ہی گذرے تھے کہ آپ کے دل میں مرید ہونے کا شوق پیدا ہوا اور درخواست کی۔ خواجہ صاحبؒ نے بلا تامل ایک خلوت میں بلا کر توجہ فرمائی۔ آپ کا قلب ایک ہی توجہ میں ذاکر ہو گیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں بڑی ترقی اور جمعیت حاصل ہوئی۔ شیخ احمدؒ تین ماہ تک خواجہ

کی صحبت میں رہے اور اس کے بعد وطن واپس تشریف لے گئے ۲۰۔ کچھ عرصہ بعد دوبارہ حضرت خواجہؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ خواجہ صاحب نے ۱۰۰۹ھ/۱۶۰۰ء میں خلافت کی خلعت سے سرفراز فرمایا ۲۱ اور مریدوں کے ایک گروہ کو تربیت کے لیے ان کے ہمراہ کر کے رخصت فرمایا۔ سرہند آکر آپ نے حضرت خواجہ سے تعلق قائم رکھا اور مریدوں کی روحانی ترقی کی آپ کو خبر دیتے رہے ۲۲۔

جب آپ تیسری مرتبہ دہلی تشریف لائے تو حضرت خواجہ باقی باللہؒ قلعہ فیروزی (جہاں آپ کی رہائش تھی) سے کابلی دروازہ تک آپ کے استقبال کے لیے پیادہ تشریف لائے خواجہ باقی باللہ باوجود پیر ہونے کے شیخ احمد سرہندیؒ کے سامنے انتہائی احترام سے بیٹھتے تھے۔ اس تیسری ملاقات میں خواجہ صاحب نے آپ کو عظیم الشان بشارتیں دیں۔ اپنے حلقہ توجہ میں آپ کو سر حلقہ بنا کر بٹھایا اور مریدوں سے فرمایا کہ ان کی موجودگی میں کوئی شخص میری طرف متوجہ نہ ہوا کرے۔ رخصت کرتے وقت فرمایا کہ اب امید حیات بہت کم رہ گئی ہے اور اپنے دونوں صاحبزادوں حضرت خواجہ عبیداللہ اور حضرت خواجہ عبداللہ کو جو اس وقت شیر خوار تھے اپنے سامنے حضرت شیخؒ سے توجہ دلائی اور فرمایا کہ ان کی ماؤں کو بھی غائبانہ توجہ دیجئے۔

دہلی سے آپ سرہند واپس تشریف لے گئے اور ارشاد و ہدایت کے کام میں مشغول ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد حضرت خواجہ باقی باللہؒ کی طرف سے آپ کو لاہور جانے کا حکم ہوا۔ لاہور میں آپ کے فیضان علم اور کمالات کی بہت شہرت ہوئی۔ یہاں کے عمائد علما مولانا جمال الدین تلوی اور مولانا عبدالحکیم سیالکوٹیؒ آپ کے حلقہ ارادت میں شامل ہو گئے۔ آپ کا ابھی لاہور ہی میں قیام تھا کہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے انتقال کی خبر ملی۔ خواجہ صاحبؒ کا انتقال ۲۵ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ/۳۰ نومبر ۱۶۰۳ء کو دہلی میں ہوا۔ آپ لاہور سے سیدھے دہلی روانہ ہوئے۔ یہاں آکر اپنے پیر بھائیوں کے شکستہ دلوں کو مرہم عنایت

سے تسلی و تشفی بخش اور دہلی میں ارشاد و ہدایت کا کام جاری رکھا۔ چند مریدوں کی طرف سے کچھ شکوک و بدگمانیوں کا اظہار ہوا تو آپ نے ان کے شکوک کو دور کرکے ان کو مطمئن کر دیا ۲۴۔

حضرت شیخ احمد سرہندیؒ جب تیسری مرتبہ حضرت خواجہ سے رخصت ہونے لگے تو حضرت خواجہ نے فرمایا جب حضرت خواجہ امکنگیؒ نے مجھے ہندوستان آنے کا حکم دیا تو میں نے خود کو اس لائق نہ پاکر کچھ تردد کا اظہار کیا۔ خواجہ امکنگی نے استخارہ کے لیے فرمایا۔ استخارہ میں ہم نے دیکھا کہ ایک طوطی شاخ پر بیٹھا ہوا ہے اور ہم نے دل میں نیت کی اگر طوطی اس شاخ سے اڑ کر ہمارے ہاتھ پر بیٹھ جائے تو ہمیں اس سفر میں کامیابی ہوگی۔ اسی وقت طوطی اڑ کر ہمارے ہاتھ پر بیٹھ گیا اور ہم نے اپنا آب دہان اس کی منقار میں ڈالا اور اس طوطی نے ہمارے منہ میں شکر ڈالی۔ دوسرے دن جب خواجہ امکنگیؒ سے یہ واقعہ عرض کیا۔ تو آپ نے فرمایا کہ طوطی ہندی پرندہ ہے اور ہندوستان میں تمہاری صحبت سے ایسا شخص پیدا ہوگا جس سے پوری دنیا منور ہوگی اور تمہیں بھی اس سے فیض حاصل ہوگا۔ ۲۵

دوسرا واقعہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ نے بیان فرمایا کہ جب میں ہندوستان آتے ہوئے شہر سرہند پہنچا تو واقعہ میں یہ معلوم ہوا کہ میں ایک قطب کے پڑوس میں اترا ہوں اور اس قطب کا حلیہ بھی مجھے بتا یا گیا۔ صبح کو جس قدر درویش سرہند میں تھے سب سے ملا لیکن وہ حلیہ اور قطب کی صفات کسی میں نہ تھی۔ خیال ہوا اگر شاید آیندہ کوئی ایسا شخص پیدا ہو جب تم کو دیکھا تو تمہارا حلیہ بعینہٖ وہی پایا اور اس منصب کی قابلیت بھی دیکھی۔ نیز حضرت خواجہ نے فرمایا کہ میں نے واقعہ میں دیکھا کہ میں نے سرہند میں ایک بڑی مشعل آفتاب کے مانند روشن کی ہے اور اس کی روشنی لحظہ بلحظہ ترقی کر رہی ہے اور لوگ اس سے چراغ روشن کر رہے ہیں۔ یہ اشارہ بھی تمہاری طرف ہی ہے ۲۶۔

حضرت خواجہ باقی باللہ کو حضرت شیخ احمدؒ کے بیعت ہونے پر بڑا ناز تھا۔ خواجہ صاحب اپنے ایک خط میں حضرت مجدد صاحب کے مراتب کے سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"شیخ احمد نام مردی است از سرہند کثیر العلم وقوی العمل روزی چند فقیر با او نشست و برخاست کردہ عجایب بسیار از روزگار و اوقات او مشاہدہ نمودہ بآن ماند کہ چراغے شود کہ عالمہا از و روشن گردد والحمدللہ تعالیٰ احوال کاملہ او مرا بہ یقین پیوستہ" ۲۷

ایک اور موقعہ پر میر محمد نعمان کو تنبیہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"میاں شیخ احمد آفتابی اند کہ مثل ما ہزاران ستارگان در ضمن ایشان گم است و از کمل اولیای متقدمین خال خالی مثل ایشان گذشتہ باشند" ۲۸

حضرت شیخ احمدؒ بھی خواجہ صاحبؒ کا بہت زیادہ احترام کرتے تھے جیسا کہ ان کے مندرجہ ذیل اقتباس سے ظاہر ہے۔

"بعد حمد و صلوات و تبلیغ دعوات بجناب مخدوم زادہائے کرام می نماید کہ این فقیر از سرتا قدم غرق احسانہائے والد بزرگوار شماست۔ در این طریق سبق الف بے را از ایشان گرفتہ است و دولت اندراج النہایت فی البدایت ببرکت صحبت ایشان حاصل کردہ و سعادت سفر در وطن را بصدقہ خدمت ایشان یافتہ توجہ شریف ایشان در دو نیم ماہ این ناقابل را نسبت نقشبندیہ رسانیدہ و حضور خاص این اکابر را عطا فرمود۔

گر بر تن من زبان شود ہر موے
یک شکر وے از ہزار نتوانم کرد

سہ مرتبہ فقیر بدولت عتبہ بوسی حضرت ایشان مشرف گشت" ۲۹

دہلی میں کچھ عرصہ قیام اور پیر برادران کو تسلی و تشفی دینے کے بعد حضرت شیخ احمدؒ سرہند واپس تشریف لے گئے اور درس و تدریس دعوت و ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ ان کے علم و فضل اور روحانی کمالات کا شہرہ سن کر لوگ کثیر تعداد میں ان کے مرید ہوئے

www.mujaddidway.com

تھے۔ ان میں شاہی امراء و والیات کے حاکم مثلاً صدر جہاں، خان اعظم، خانخاناں، مرتضیٰ خاں بھی شامل تھے۔ یہ سب اکبر کے دربار میں با اثر تھے۔ اسی لیے حضرت شیخ احمدؒ نے ان سے کہا کہ اکبر کو اسلام کے صحیح راستہ پر لانے کی کوشش کریں۔ لیکن ان لوگوں کی تمام تر کوششیں بے نتیجہ ثابت ہوئیں۔ اسی دوران ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء میں اکبر کا انتقال ہوگیا اور تخت شاہی پر جہانگیر جلوہ افروز ہوا۔

اس موقع کو غنیمت سمجھ کر حضرت شیخ احمدؒ نے احیائے اسلام اور تمام بدعات و رسوم قبیحہ کی بیخ کنی کے لیے زبردست جد وجہد شروع کر دی۔ آپ نے ملک کے گوشہ گوشہ میں اپنے خلفاء کو روانہ کیا۔ آپ نے ارکان شاہی کو مکتوب گرامی کے ذریعہ وقت کے اہم تقاضے کی طرف توجہ دلائی۔ لشکر شاہی میں آپ کے نامور خلیفہ شیخ بدیع الدین تلقین و ارشاد میں مشغول تھے اور ہزارہا آدمی ان کے حلقۂ ارادت میں شامل ہو گئے تھے۔ شیخ بدیع الدین کو لشکر شاہی میں آپ نے ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں روانہ فرمایا تھا۔[۳۱]

نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کو ایک مکتوب میں آپ نے تحریر فرمایا:

"بادشاہ کی نسبت جہان کے واسطے ایسی ہے جیسے دل کی نسبت بدن کے ساتھ اگر دل اچھا ہے تو بدن بھی ٹھیک ہے۔ ایسے ہی جہان کی بہتری بادشاہ کی بہتری پر منحصر ہے اور اس کے بگڑنے سے جہان کا بگڑنا وابستہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ گذشتہ زمانہ میں اہل اسلام پر کیا کیا مصائب گذرے ہیں ..... محبوب رب العالمین حضور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ماننے والے ذلیل و خوار تھے اور منکرین باعزت و وقار ..... آج جب دولت اسلام کی ترقی اور بادشاہ اسلام کی تخت نشینی خاص و عام کے کانوں تک پہونچی اہل اسلام نے لازم جانا کہ بادشاہ کے معاون اور مددگار ہوں اور شریعت کے رواج دینے میں اس کی مدد کریں"[۳۳]

عہد اکبری کے آخر میں دربار سے علما کو موقوف کر دیا گیا تھا۔ عہد جہانگیری میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔ حضرت شیخ احمدؒ کی پیہم کوششوں سے جب بادشاہ کے رجحانات میں تبدیلی

ہوئی تو دربار میں چار عالموں کا رکھا جانا منظور ہوا جو بادشاہ کے مشیر کار ہوں اور مسائل شرعیہ بتایا کریں تاکہ بادشاہ خلاف شرع قدم نہ اٹھائے۔ ان علماء کے انتخاب کا حکم شیخ فرید بخاری کو ملا۔ حضرت شیخ احمدؒ کو اس خبر سے بے حد مسرت ہوئی لیکن چونکہ آپ کو معلوم تھا کہ اکبر کو علماء سوء نے بگاڑا تھا اس لیے آپ نے شیخ فرید، صدر جہاں اور دیگر مقربین کو تحریر فرمایا کہ وہ علماء کے انتخاب میں نہایت احتیاط ملحوظ رکھیں۔

شیخ فرید کو ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں :-

"بادشاہ نے اپنی فطری مسلمانی کی تحریک سے آپ کو چار علمائے دیندار کے انتخاب کے لیے فرمایا ہے جن کو شاہی دربار میں شرعی مسائل کے بیان کرنے کے لیے ملازم رکھا جائے تاکہ خلاف شرع کوئی امر صادر نہ ہو۔ اس پر حق تعالیٰ کی حمد بجا لاتا ہوں ...... دور سابق میں علماء سوء نے ہی دنیا کو بلا میں ڈالا تھا ایسا نہ ہو کہ دین کی ترویج کی بجائے تخریب شروع ہو جائے۔ اگر بجائے چار کے ایک ہی عالم کا انتخاب ہو جائے تو بہتر ہے اور اگر ایسا آدمی علمائے ربانی میں سے مل جائے تو کیا کہنا، ایسے لوگوں کی صحبت کبریت احمر ہے"[۳۲]

لالہ بیگ گورنر بہار کو ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں :-

"..... ابتدائے بادشاہی میں ہی اگر مسلمانی کو رواج دے دیا اور مسلمانوں کا سکہ بیٹھ گیا جب تو خیر ہے ورنہ اگر مسلمانوں نے سستی کی تو مسلمانوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا"[۳۴]

صدر جہاں[۳۵]، خان جہاں[۳۶]، شیخ فرید[۳۷] کے نام آپ کے بہت سے مکاتیب ہیں جن میں ان امراء کو توجہ دلائی گئی ہے کہ بادشاہ کے تقرب سے فائدہ اٹھا کر حتی الامکان کوشش کرتے رہیں اور احکام شریعہ کے نفاذ کی طرف بادشاہ کو رغبت دلائیں۔ گذشتہ دور میں دین کو جو شدید نقصان پہونچا آپ نے نہایت پر درد الفاظ میں اس کی عکاسی کی

www.mujaddidway.com

اور اعتقادات کے خاتمے کے لیے کوشش کرنے کے لیے کہا۔ ان مکتوبات کے ذریعہ آپ نے ان امرا کا ذہن اسلامی تعلیمات کی طرف موڑ دیا۔

قلیج خاں گورنر لاہور کو اس ضمن میں ان کی کامیابی پر تحریر فرماتے ہیں۔

" اظہار مسرت و شکر گزاری ایشان می نماید کہ در بلدہ معظمہ لاہور بوجود ایشان بسیاری از احکام شرعیہ درین عصر زمانہ رواجی پیدا کردہ است و تقویت دین و ترویج ملت دران بلدہ حاصل گشتہ است" ۴۸

حضرت مجددؒ ان امرا کو اصلاح کی جانب بار بار متوجہ کرتے رہے چنانچہ ہر امیر کے نام حضرت مجددؒ کے متعدد طویل مکتوبات ہیں۔ ان مکتوبات میں ایک طرف دینی تعلیم کا زور اور دوسری طرف انشا پردازی کا جادو تھا۔ ابوالفضل اور فیضی کی سحر نگاری اور فلسفیانہ موشگافیوں نے الحاد پیدا کیا اس کے برعکس حضرت مجددؒ کے طرز نگارش اور ادبی شہ پاروں سے قرآنی تعلیمات اور وقت کی اہم ضرورت قلوب میں اتر جاتی ہے۔ ان امرا کے نام تمام مکتوبات کا ایک ہی موضوع مشترک تھا جس طرح ہو سکے اس نقصان کی تلافی ہونی چاہیے جو اسلام کو عہد اکبری میں پہنچ چکا ہے۔

حضرت مجددؒ اور ان کے مریدین کی سرگرمیوں نے جہانگیر اور اس کے خوشامدیوں کو خبردار کر دیا۔ جہانگیر کا وزیر آصف خاں حضرت مجددؒ کا سخت دشمن اور مخالف تھا اس نے جب دیکھا کہ حضرت مجددؒ کا اثر روز بروز بڑھ رہا ہے۔ بڑے بڑے اعیان حکومت ان کے حلقۂ ارادت میں شامل ہو رہے ہیں تو وہ جہانگیر کو یہ باور کرانے میں کامیاب ہو گیا کہ شیخ احمد سرہندیؒ نہایت خطرناک اور سرکش انسان ہیں اور حکومت کے باغی ہیں اس کا ثبوت اس نے یہ دیا کہ دربار میں سجدۂ تعظیمی جو اکبر کے زمانے سے چلا آتا ہے اور علما بھی اس کے جواز کا فتوی دے چکے ہیں۔ شیخ احمدؒ نے اس کی حرمت کا فتوی دیدیا ہے۔ آصف خاں نے حضرت مجددؒ کے خلیفہ شیخ بدیع الدین کی لشکر میں سرگرمیوں پر بھی سخت نگرانی شروع کر دی اور لوگوں کو

ان کا مرید ہونے سے منع کیا۔ پایۂ تخت اور سرہند کے درمیان نامہ و پیام کے سلسلہ کو بھی منقطع کر دیا۔ آخرکار شیخ بدیع الدین نے خود سرہند جانے کا فیصلہ کیا جب وہ سرہند پہونچے تو حضرت مجددؒ بلا اجازت ان کے لشکر سے چلے آنے پر ناراض ہوئے ۴۹

دوسری طرف آصف خاں اور دوسرے امرا نے بادشاہ کو بتایا کہ شیخ بدیع الدین کوئی سازش کرنے سرہند گئے ہیں۔ چنانچہ حضرت مجددؒ کی تمام سرگرمیوں، کتابوں اور مکتوبات کی چھان بین کی گئی اسی دوران دفتر اول کے مکتوب ۱۱ کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ علما کو بھی اس خط کے مندرجات کے متعلق اکسایا گیا۔

حضرت مجددؒ نے اس خط میں جو خواجہ باقی باللہؒ کو ۱۰۰۸ھ سے قبل لکھا تھا اپنے مقامات عروج کا ذکر کیا تھا۔ آپ نے اس میں تحریر فرمایا تھا کہ مختلف مقامات کو طے کرتے ہوئے آپ اس مقام پر پہونچے جو حضرت صدیق اکبرؓ کا مقام ہے ...... اور اس مقام کے اوپر سوائے آنحضرت صلعم کے کوئی مقام معلوم نہیں ہوتا .... اس مکتوب پر اعتراض کیا گیا کہ حضرت شیخ احمد سرہندی حضرت ابوبکر صدیق اکبرؓ پر فضیلت کا دعوی کرتے ہیں۔ یہ معاملہ اور بڑھا کر بادشاہ کے گوش گذار کیا گیا۔ چنانچہ جہانگیر نے حضرت مجددؒ کو آگرہ یا دربار طلب کیا۔ حضرت مجددؒ اپنے مخصوص خلفا کے ہمراہ دربار شاہی میں حاضر ہوئے لیکن کوئی خلاف شرع آداب نہ بجالائے جہانگیر نے اس مکتوب کے بارے میں وضاحت طلب کی۔ آپ نے ایسا مدلل جواب دیا کہ جہانگیر اور دوسرے اعیان دولت کی زبان بند ہو گئی۔ آپ نے فرمایا:

" درفرقہ صوفیہ اگر کسی خود را از سگ بہتر داند صوفی نیست چہ جائیکہ خود را از صدیق اکبرؓ افضل داند و این سخن کہ در مکتوب تحریر است ذکر سیر و عروج مقامات سلوک است و این عروج صوفیا در آن مقامات برای ساعتی است۔ چنانچہ در دربار شاہی امرای نامدار شب و روز حاضری باشند و اگر بادشاہ کسی عاجز لشکری را ضرورتاً نزد خود طلب نماید و باو ہمکلام شود

www.mujaddidway.com

در جہاد و بیان جواز عقوبات بعدو بیان شکر کی ازا مراد و خدا [illegible]

قولہ شدہ [illegible] عہد [illegible] حامیان ساختہ است ۔

جب یہ امر بروئے کار آ گیا تو آصف خاں نے جہانگیر سے کہا کہ یہ سجدۂ تعظیمی نہیں بجا لاتے جو آپ سے سجدۂ تعظیمی کے لیے کہا جاتا ہے۔ آپ نے اس سے اتفاق نہیں کیا اور فرمایا کہ سجدہ بجز خدائے تعالیٰ کسی کو روا نہیں ہے۔ شہزادہ خرم (شاہجہاں) نے افضل خاں اور مفتی عبدالرحمٰن کو بھیجا کہ آپ کو سجدہ کے لیے آمادہ کریں بایں پیغام کہ اگر سجدہ کریں تو وہ آپ کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔ لیکن آپ نے تسلیم نہیں کیا اور فرمایا:

"ایں رخصت است و عزیمت در آں است کہ سجدہ بغیر از خدا نہ کنند"

جہانگیر نے ۱۰۲۸ھ میں آپ کو قلعہ گوالیار میں قید کرنے کا حکم دیا۔ اس کا جہانگیر نے تزک جہانگیری میں چودھویں سال جلوس کے واقعات میں کسی قدر تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

"دریں ایام (۱۰۲۸ھ) بعرض رسید [illegible] (۱۰۲۸ھ)

شیادے بہ شیخ احمد نام در سرہند دام تزویر و سالوس فروچیدہ بسیارے از ظاہر پرستان بے معنی را صید خود کردہ و بہر شہرے و دیارے یکے را از مریدان خود کہ آں را خلیفہ نامد و دکان آرائی و معرفت فروشی و مردم فریبی از دیگراں پختہ تر داند خلیفہ نام نہادہ فرستادہ و مزخرفاتے کہ بمریدان و معتقدان خود نوشتہ کتابے فراہم آوردہ و مکتوبات نام کردہ .... از آں جملہ در مکتوبی نوشتہ کہ در اثنائے سلوک گذارم بمقام ذی النورین افتاد ۔ مقامے دیدم بسیار عالی و خوش ازاں مقام گذشتم بمقام فاروق رسیدم و از مقام فاروق بمقام صدیق عبور نمودم و ہر یک را تعریفے در خور آں نوشتہ و ازانجا بمقام محبوبیت واصل شدم .... بس منور و ملون دیدم منعکس گشتہ

جا بمرتبت رجوع نمودم و دیگر گستاخی ہا کہ نوشتن آں طول دارد و از ادب دور است ۔ بنا بریں حکم نمودم کہ بدرگاہ عدالت آئین حاضر سازند حسب الحکم بملازمت پیوست و از ہر چہ پرسیدم جواب معقول نتوانست داد با عدم خرد و دانش بغایت مغرور و خود پسند ظاہر شد ۔ صلاح حال او منحصر دراں دیدم کہ چندے در زندان ادب محبوس باشد تا شوریدگی مزاج و آشفتگی دماغش قدرے تسکین پذیرد و شورش عوام نیز فرو نشیند ۔ لاجرم بانی رائے سنگھ دلن حوالہ شد کہ در قلعہ گوالیار مقید دارد ۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ جہانگیر نے تزک جہانگیری میں حضرت مجدد کے سجدہ تعظیمی بجا لانے کے سلسلہ میں کوئی ذکر نہیں کیا ہے بلکہ مکتوب [illegible] کو بنیاد بنا کر حضرت کو گوالیار میں مقید کرنے کا حکم دیا۔

خیال ہے کہ جہانگیر نے حضرت مجدد کی [illegible] کو بھی ضبط کرنے کا حکم دیا تھا۔ حضرت مجدد نے خواجہ محمد معصوم کو ایک مکتوب میں تحریر فرمایا:

"[illegible] و کتب [illegible] است [illegible] وقت [illegible] اگر [illegible] حیات [illegible] یافتہ شد ۔"

[illegible] کے مصنف لکھتے ہیں کہ حضرت مجدد کو سرہند سے طلب کرنے سے قبل جہانگیر نے بعض امراء جیسے خان خاناں، صدر جہاں، خان جہاں، اعظم خاں، مہابت خاں کو دور دراز علاقوں میں بھیج دیا تھا کیونکہ حضرت مجدد کے مرید تھے [illegible] مہابت خاں بہت مشتعل ہوا اس نے [illegible] جہانگیر [illegible] ہندوستان پر [illegible] کہا جاتا ہے کہ [illegible] جہانگیر کو [illegible] جہلم کے کنارے قید کر لیا۔ مہابت خاں اس سے [illegible] حضرت مجدد [illegible]

ہدایت کی کہ بادشاہ کی اطاعت کرو۔ اس پر مہابت خاں نے بادشاہ کو رہا کر دیا۔ اس واقعہ کے فوراً بعد گوالیار سے حضرت مجددؒ کو رہا کر دیا گیا۔"[۴۴]

پروفیسر فرمان روضۃ القیومیہ کے اس بیان کی نفی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضرت مجددؒ کی گرفتاری ۱۰۲۸ھ میں اور رہائی ۱۰۲۹ ہجری میں ہوئی ہے۔ ان دنوں مہابت خاں بنگش کے افغانوں کی سرکوبی میں مشغول تھا۔ اس کو دو سال پہلے وہاں متعین کیا گیا تھا اور جب بادشاہ کشمیر کی سیر کے لیے موضع مالکی میں پہنچا تو مہابت خاں نے کابل سے آکر ساٹھ ہزار کی مالیت کے جواہر اور مرصع آلات نذر کیے اور اس کے بعد بادشاہ نے اسے کابل واپس بھیج دیا۔ یہ وہی زمانہ تھا جب حضرت مجددؒ گوالیار میں قید تھے۔ ہاں یہ بات ضرور صحیح ہے کہ اس کے فوراً بعد حضرت مجددؒ کو گوالیار سے طلب کر لیا گیا۔ ہو سکتا ہے یہ رہائی مہابت کی سفارش پر مبنی ہو۔ مہابت خاں کی بغاوت ۱۰۳۵ھ میں ہوئی جبکہ حضرت مجددؒ کے انتقال کو بھی ایک سال گزر چکا تھا۔ اسی طرح دوسرے امرا کی ادھر ادھر تعیناتی بھی حضرت مجددؒ کی دربار میں طلبی سے کوئی تعلق نہیں رکھتی۔"[۴۵]

حقیقت یہ ہے کہ مہابت خاں کو ۱۰۳۱ھ میں کابل سے واپس آگرہ بلایا گیا تھا۔ مہابت خاں نے شہزادہ خرم کی بغاوت کے دوران شہزادہ پرویز کی معیت میں جو خدمات انجام دی تھیں اور جن کے صلے میں بادشاہ نے خانخاناں سپہ سالار کا خطاب دیا تھا اس تقرب اور روز افزوں اقتدار سے نورجہاں اور آصف خاں کو خطرہ محسوس ہوا چنانچہ مہابت خاں کے داماد خواجہ برخوردار نقشبندی کی بے عزتی کی گئی اور آصف خاں نے مہابت خاں کو دربار میں بلا کر مزید ذلیل کرنا چاہا جس پر مہابت خاں نے کمال دانشمندی کے ساتھ حاضر ہو کر جہلم کے کنارے موقع پا کر جہانگیر کو گرفتار کر کے نظر بند کر دیا اور کابل کے سفر سے واپسی تک نظر بند رکھا اور اسی سال ۱۰۳۵ھ میں نورجہاں کی تدبیر سے اس نظر بندی سے خلاصی پائی۔[۴۶]

حضرت مجددؒ کو ۱۰۲۹ھ/۱۶۲۰ء میں رہا کیا گیا اور یہ بات جہانگیر نے ان کی مرضی پر چھوڑ دی کہ لشکر کے ساتھ رہیں یا اپنے وطن چلے جائیں۔ پندرھویں سال جلوس کے واقعات میں جہانگیر لکھتا ہے:

"دریں تاریخ ۲۰ خورداد سنہ ۱۵ جلوس (۱۰۲۹ھ) شیخ احمد سرہندی را کہ بجہت دوکان آرائی، خود فروشی و بی صرفہ گوئی روزی چند در زندان ادب محبوس بود بحضور طلب داشتہ خلاص ساختم و خلعت و ہزار روپیہ خرچ عنایت نمودہ در رفتن و بودن مختار گردانیدم و از روی انصاف معروض داشت کہ این تنبیہ و تادیب در حقیقت ہدایتی و کفایتی بود نفس الامر اختیار من آنست کہ روزی چند در خدمت بسر بردہ تدارک تقصیرات گذشتہ نمایم۔"[۴۷]

حضرت مجددؒ نے لشکر شاہی کے ساتھ رہنا مناسب سمجھا۔ اس دوران بادشاہ کے ساتھ بھی صحبتیں رہیں۔ چنانچہ خواجہ معصوم اور خواجہ محمد سعید کے نام ایک مکتوب میں آپ فرماتے ہیں:

"احوال و اوضاع فقرای این حدود مستوجب حمد است۔ صحبت ہای عجیب و غریب می گزرند بعنایت اللہ سبحانہ، سر موے دریں گفتگوہای امور دینیہ و اصول اسلامیہ مداہنت راہ نمی یابد و ہماں عبارات کہ در خلوات و در مجالس خاصہ بیان می گردد دریں محفل با توفیق مبارک سبحانہ بیان می نماید اگر یک مجلس را نویسد دفترے باید خصوصاً امشب کہ شب جمعہ و دہم ماہ رمضان بود آن قدر از بعثت انبیا علیہم السلام و از ایمان با آخرت و عذاب و ثواب و از خاتمیت نبوت ختم الرسل و از مجدد مائۃ و سنت تراویح و از بطلان تناسخ . . . بسیار مذکور شد . . . . و مجلس استماع مسموع گردید الحمد للہ سبحانہ کہ بجای ماند و تغیرے ظاہر نمی شود۔ دریں اوقات ملاقات

www.mujaddidway.com

شاید حق را سبحانہ و تعالیٰ مصلحت دیگر مکنون بود . . . دیگر ختم قرآن تا سورہ عنکبوت رسانیدہ ام شب کہ از آں مجلس برگشتہ می آیم بہ تراویح اشتغال می یابم۔"[224]

حقیقت یہ ہے کہ اگرچہ جہانگیر کی تحریر کے مطابق آپ کو اجازت تھی کہ لشکر کے ساتھ رہیں یا سرہند چلے جائیں۔ مگر یہ محض جہانگیر کی سیاست تھی اس نے حضرت مجددؒ کو آخر وقت تک نظر بند رکھا۔ جب بھی وہ لشکر سے جاتے تھے تو رخصت لے کر جاتے تھے۔ اس نظر بندی کے دوران بھی صاحبزادگان بھی ہمراہ رہتے تھے۔ ایک خط سے جو خواجہ حسام الدین کو لکھا ہے، ظاہر ہوتا ہے کہ یہ قید و نظر بندی ہی تھی۔

"احوال و اوضاع فقرای این حدود مستوجب حمد است کہ در صحبت ملا … در منازل تفرقہ نیست۔ فرزندان و دوستان کہ ہمراہ اند۔ اوقات شان جمعیت است و احوال ایشان در ترقی و تزاید عسکر در حق ایشان خانقاہ مشخص است کہ … تموجات لشکریان تمکین نصیب شان است و در عین گرفتاری بادشمنی کہ از لوازم این موطن است گرفتار یک مطلب۔ نہ کس را با ایشان کاری و ایشان را با کسی کاری مع ذالک مطلب الا اعتبار آمدہ … قید گرفتار۔ عجب حکمتی است کہ … در عوض آں بخوبی فرزندان … قید نجات کہ اخلاق ما . . . دوستانند . . . از ہمراہان … باز بحکم … تفرقہ … تا این زمان آفت تفرقہ … در مطلب … باز داشت۔"[225]

لشکر سے واپسی:

حضرت مجددؒ ۱۰۳۲ھ تک لشکر کے ساتھ رہے اور اس کے بعد ان کو سرہند جانے

کی اجازت مل گئی۔ لشکر سے واپسی کی صحیح تاریخ کا تعین حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مندرجہ ذیل بیان سے ہوتا ہے:

"در ذکر ولادت باسعادت حضرت صبغۃ اللہ تاریخ یازدہم جمادی الثانی سنہ ہزار و سی و سہ (۱۰۳۳ھ) در بلدہ دارالارشاد حضرت سرہند در حین حیات حضرت مجدد الف ثانی بہ قرب رحلت ایشان کہ ایشان … بر رفاقت لشکر ظفر پیکر در آں ایام از بلدہ دارالخیر اجمیر بودند … حضرت خواجہ محمد معصوم از غلبہ اشتیاق بواسطہ استقبال نیز بخدمت والد بزرگوار و مرشد عالی مقدار شتافتہ بودند حضرت مجدد بموجب الہام … رخصت بادشاہ حاصل نمودہ متوجہ وطن مالوف شدند کہ … مژدہ مقصود رسانید … حاصل … حضرت …"

چار پانچ ماہ بعد جب نومولود صبغت اللہ پیدا ہوئے تو حضرت مجددؒ اس وقت بھی سرہند ہی میں تھے اور لشکر میں واپس نہیں گئے تھے۔ اس کا مطلب ہے کہ حضرت مجددؒ جمادی الثانی ۱۰۳۳ھ فروری ۱۶۲۴ء میں لشکر سے سرہند واپس آئے۔

جہانگیر کی حضرت مجددؒ کو لشکر کے ہمراہ رکھنے میں مصلحت یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ نہیں چاہتا تھا کہ حضرت مجددؒ عوام کے درمیان رہیں اور کثیر تعداد میں لوگ ان کے حلقہ میں شامل ہوں نیز امراء وغیرہ سے ان کے تعلقات پر نظر رہے۔ حضرت مجددؒ کی امراء سے خط و کتابت کو وہ حکومت کے لیے خطرہ سمجھتا تھا لہٰذا شورش عوام کے خطرہ کو دبانے کے لیے اس نے حضرت مجددؒ کو لشکر کے ہمراہ رکھنا ضروری سمجھا۔ قید سے رہا کرنا اس لیے ضروری تھا کہ امراء مثلاً مہابت خاں اور مرتضیٰ خاں فرید بخاری کی طرف سے اس پر دباؤ پڑ رہا تھا۔ حضرت مجددؒ نے لشکر کے ہمراہ رہنے کا فیصلہ اس نیت سے کیا کہ بادشاہ کے قریب رہ کر اس کے عقائد کی اصلاح اور خیالات کو اسلام کی طرف

www.mujaddidway.com

تعلیمات کی طرف موڑنے کا زیادہ بہتر موقعہ ملے گا۔ اور ان کی اس کوشش کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے۔ چنانچہ تزک جہانگیری کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تین چار سالوں میں جب حضرت مجددؒ لشکر کے ہمراہ تھے، جہانگیر کو ترویج شریعت کا خاص خیال رہتا تھا اور اس کے دل میں مذہب کا بڑا جوش تھا۔ چنانچہ، ہویں سال جلوس میں وہ لکھتا ہے:

"با ہنود پیوند خویشی می کنند۔ دختر می دہند و می گیرند، گرفتن خوب۔ اما دادن! نعوذ باللہ! فرمان شد کہ بعد ازیں چرا موان ایں امر نگردند و ہر کس کہ مرتکب ایں بد عتبا شود او را سیاست کنند۔"[۵۱]

پھر اگلے سال فتح کانگڑہ کے موقعہ پر لکھتا ہے:

"متوجہ سیر قلعہ کانگڑہ شدم و حکم کردم کہ قاضی و میر عدل و دیگر علمائی اسلام کہ در رکاب بودہ، آنچہ شعار اسلام و شرائط دین محمدی است در قلعہ مذکور بعمل آورند۔ بتوفیق ایزد سبحانہ بانگ نماز و خواندن خطبہ و کشتن گاؤ وغیرہ کہ از ابتدائے بنائے ایں قلعہ تا حال نشدہ بود، بہمہ را در حضور خود بعمل آوردم۔ سجدات شکر ایں موہبت عظمیٰ کہ ہیچ پادشاہے توفیق بداں نیافتہ بود بتقدیم رسانیدہ حکم فرمودم کہ مسجد عالی درون قلعہ بنا نہند۔"[۵۲]

یہ امر غیر اغلب نہیں کہ جن علمائے اسلام کی طرف اشارہ ہے ان میں حضرت مجدد بھی ہوں۔

معلوم ہوتا ہے جہانگیر کو حضرت مجددؒ سے عقیدت پیدا ہو گئی تھی اور ان کو لشکر کے ہمراہ رکھنا صرف مصلحتاً تھا، ورنہ وہ ہر طرح ان کی قدر دانی کرتا تھا۔ ان کی رہائی کے تین سال بعد اپنی سالگرہ کے ذکر میں لکھتا ہے:

"بدستور ہر سال خود را بہ طلا و اجناس وزن فرمودہ و وجہ مستحقان مقرر فرمودم۔ از آں جملہ شیخ احمد سرہندی را دو ہزار روپیہ عنایت شد۔"[۵۳]

جب حضرت مجددؒ سرہند واپس تشریف لائے تو لوگ جوق در جوق حلقۂ ارادت میں شامل ہونے لگے۔ آپ نے عمر شریف کا باقی حصہ سرہند میں ہی تصنیف و تالیف اور رشد و ہدایات میں گزارا۔ اپنے مشن کو کامیابی سے پورا کرنے کے بعد ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ مطابق ۱۰ دسمبر ۱۶۲۴ء بروز منگل آپ نے رحلت فرمائی اور سرہند میں ہی اپنے صاحبزادہ حضرت خواجہ محمد صادقؒ کی قبر مبارک کے سامنے مدفون ہوئے۔ انتقال کے وقت آپ کی عمر ۶۳ سال تھی۔[۵۴]

جیسا کہ پہلے تحریر کیا گیا حضرت مجددؒ نے تھانیسر کے شیخ محمد سلطان کی صاحبزادی سے شادی کی اور ان سے سات لڑکے اور تین لڑکیاں ہیں۔ ان میں سے تین صاحبزادے شیخ محمد فرخ، شیخ محمد عیسیٰ، شیخ محمد اشرف زمانہ شیر خوارگی یا بچپن میں انتقال کر گئے۔ باقی چار صاحبزادے حسب ذیل ہیں۔

۱۔ خواجہ محمد صادق:۔ یہ سب سے بڑے صاحبزادے تھے۔ ولادت ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۲ء اور وفات ۹ ربیع الاول ۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء میں ہوئی۔ ولی کامل کے درجہ کو پہنچے۔

۲۔ دوسرے فرزند خواجہ محمد سعیدؒ ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۰۰۵ھ/۹۷-۱۵۹۶ء اور وفات ۱۰۷۰ھ میں ہوئی۔

۳۔ فرزند سوم حضرت خواجہ معصومؒ کی ولادت ۱۰۰۷ھ اور وفات ۱۰۷۹ھ ہے۔

۴۔ فرزند چہارم حضرت خواجہ محمد یحییٰ عرف شاہ جیو کی عمر حضرت مجددؒ کی وفات کے وقت ۹ سال تھی لہٰذا سال پیدائش ۱۰۲۴ھ یا ۱۰۲۵ھ خیال کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے تحصیل علم و تکمیل طریقت بھائیوں سے کی۔

جب خواجہ یحییٰ کم سن تھے۔ ایک صوفی شاہ سکندر نے حضرت مجددؒ سے درخواست کی کہ ایک صاحبزادہ کو انھیں عنایت فرما دیں۔ حضرت مجددؒ نے خواجہ محمد یحییٰ کو پیش کیا۔ شاہ سکندر نے ان کو اپنے سلسلہ میں داخل کر لیا اور ان کو "شاہ" کا لقب دیا۔ ان کی

www.mujaddidway.com

شادی خواجہ باقی باللہؒ کے صاحبزادے خواجہ کلاں کی بیٹی سے ہوئی۔ آپ کی وفات ۱۰۹۷ھ / ۱۶۸۵ء میں ہوئی۔ دینی علوم میں کئی کتابیں آپ نے لکھیں۔

حضرت مجددؒ کی صاحبزادیوں میں سے دو کا انتقال حضرت مجددؒ کی زندگی میں ہی ہو گیا تھا اور ایک صاحبزادی حیات رہیں۔ ۵۵

حضرت مجددؒ کے خلفاء

آپ کے خلفاء کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے جو نہ صرف ہندوستان کے ہر گوشہ میں بلکہ مختلف بیرونی ممالک میں بھی پھیلے ہوئے تھے اور آپ کی تعلیمات کی تبلیغ کر رہے تھے۔ ان سب کا مفصل حال لکھنے کے لیے تو ایک دفتر درکار ہوگا۔ یہاں چند مشہور خلفاء کے اسمائے گرامی درج کیے جاتے ہیں۔

خواجہ میر محمد نعمان، شیخ حمید بنگالی، شیخ نور محمد، شیخ محمد طاہر لاہوری، شیخ بدیع الدین، شیخ مزمل، شیخ طاہر بدخشی، مولانا یار محمد قدیم، شیخ حسن برکی، شیخ عبدالحی، شیخ احمد برکی، مولانا یوسف سمرقندی، خواجہ محمد ہاشم کشمی، ملا عبدالحکیم سیالکوٹی، خواجہ محمد صدیق کشمی، شیخ آدم بنوری، شیخ احمد دیوبندی وغیرہ۔

تصانیف حضرت مجددؒ: حضرت مجددؒ نے تصوف، شریعت و طریقت و دیگر موضوعات پر متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ بعض مکتوبات اس قدر طویل اور مفصل ہیں کہ ایک رسالہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تصانیف مطبوعہ و غیر مطبوعہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱ مکتوبات ۔ ۳ جلد
۲ رسالہ رد شیعیت
۳ رسالہ اثبات النبوۃ

۴ رسالہ تہلیلیہ
۵ رسالہ مبدا و معاد
۶ رسالہ معارف لدنیہ
۷ مکاشفات غیبیہ
۸ تعلیقات بر شرح رباعیات خواجہ باقی باللہؒ ۵۶
۹ رسالہ آداب المریدین ۵۷
۱۰ تعلیقات عوارف ۵۸

مکتوبات: حضرت مجددؒ نے اپنے پیر و مرشد خواجہ باقی باللہؒ کے ارشاد پر مکتوبات لکھنا شروع کیے تھے۔ مکتوبات تین جلدوں پر مشتمل ہیں۔ پہلے دفتر میں ۳۱۳ مکتوبات ہیں جن میں سے پہلے بیس خطوط وہ ہیں جو آپ نے خواجہ باقی باللہؒ کی خدمت میں تحریر کیے اور جن میں معارف سیر و سلوک کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے اسرار و معارف نہایت دقیق ہیں۔ وہ مکتوب جس کی بنا پر دربار جہانگیری میں حضرت مجددؒ کی طلبی ہوئی تھی، اسی دفتر میں ہے۔

دفتر اول کے مرتب خواجہ یار محمد جدید بدخشی طالقانی ہیں جو حضرت مجددؒ کے مرید تھے۔ دوسرے دفتر کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ جب حضرت مجددؒ کے ۳۱۳ مکتوبات جمع ہو چکے تو ارشاد فرمایا کہ ۳۱۳ کا عدد مبارک ہے کیونکہ یہ تعداد پیغمبران مرسل علیہم السلام اور اصحاب بدرؓ کے مطابق ہے اس لیے اس دفتر کو اسی مبارک عدد پر ختم کریں۔ نیز یہ بھی تحریر فرمایا کہ اس کے بعد محمد صادق مرحوم کے وہ تین مکتوبات جو انہوں نے حضرت مجددؒ کی خدمت میں روانہ کیے تھے شامل کیے جائیں لہٰذا ۳۱۳ مکتوبات کے بعد یہ مکتوبات بھی شامل کیے گئے۔ دفتر سوم ۱۰۳۱ھ / ۱۶۲۲ء میں مرتب ہوا۔ خواجہ ہاشم کشمی نے اسے جمع کیا۔ مجموعہ کی تاریخ "معرفۃ الحقائق" سے نکلتی ہے۔ حضرت مجددؒ نے پسند فرمایا اور لکھا کہ اس دفتر کو اسی نام سے موسوم کریں۔ ۵۹

اس دفتر میں ان تین خطوط کے علاوہ دو خواجہ باقیؒ کے نام ہیں۔ ۱۰ خطوط شیخ فرید بخاری، ۱۰ خطوط عبدالرحیم خانخاناں کے نام، ۹ خطوط خواجہ حسام الدین کے نام اور تین خطوط میر فتح اللہ حکیم کے نام ہیں۔ باقی خطوط مختلف امرا جیسے مرزا داراب، صدر جہاں، قلیچ خان، خان اعظم وغیرہ کے نام ہیں۔

ان خطوط میں ان امرا کو تلقین کی گئی ہے کہ وہ نئے بادشاہ کے زمانے میں ترویج دین واصلاح عقاید کی کوشش کریں۔ باقی خطوط اپنے صاحبزادگان، مریدین اور دیگر صوفیا کے نام ہیں جن میں سوالات کے جوابات ہیں یا علمی اور مذہبی مسایل کی توضیح ہے۔ چونکہ مکتوب یازدہم پر اعتراضات شروع ہو گئے تھے، اس لیے اس جلد کے آخر میں کئی خطوط معترضین کی تسلی کے لیے لکھے گئے۔ ایک جامع مکتوب کا خواجہ مرشد زادوں کے نام ہے جس میں اہل سنت والجماعت کے عقاید بیان کیے ہیں۔

دفتر دوم موسوم بہ "نور الخلائق" ہے۔ یہ تاریخی نام ہے جس سے اس دفتر کا سال تالیف ۱۰۲۸ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس دفتر میں ۹۹ مکتوبات ہیں۔ اس دفتر کو اس عدد پر اس لیے ختم کیا گیا کہ یہی تعداد اسمائے حسنیٰ کی ہے۔ یہ دفتر حضرت مجددؒ کے ایک مرید خواجہ عبدالحی نے خواجہ محمد معصوم کے حکم پر ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء میں ترتیب دیا۔ اگرچہ اس دفتر کے مکتوبات کی تعداد کم ہے لیکن یہ مکتوبات نہایت اہم ہیں۔ ایک خط نمبر ۳۶ خواجہ احمد حقی کے نام ۱۹ صفحات پر مشتمل ہے۔ جس میں اہل سنت اور شیعہ حضرات کے خیالات سے بڑی مدلل بحث کی ہے اور اپنے نقطہ نظر کی توضیح کی ہے۔ خط نمبر ۶۷ جو خان جہاں کے نام ہے اس میں اسلامی عقائد کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ خط نمبر ۸۹ بنام خواجہ محمد صادق وحدت الوجود کے نظریے سے متعلق ہے اور ۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

دفتر سوم کے مرتب خواجہ محمد ہاشم کشمی ہیں۔ جنہوں نے اس دفتر کو معرفت الحقائق کے نام سے ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۲ء میں ترتیب دیا۔ اس دفتر کے بارے میں وہ لکھتے ہیں:

"جلد سوم محتوی ست بر صد و چہاردہ مکتوب بر طبق سورۂ قرآنی بعد از تمامی جلد ثالث و دیگری بندہ از آستان بعضی مکاتیب دیگر کہ شروع دفتر چہارم بود بظہور آمدہ بود ہنوز بچہاردہ مکتوب نرسیدہ کہ آن ماہ چہاردہ ...... رو در نقاب مغرب تراب کشید ...... ناچار آن مکتوب را داخل جلد ثالث نمودہ شد" ۸۱۔

خواجہ ہاشم دفتر سوم کے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ محمد نعمان بدخشانی نے دفتر سوم کی ترتیب شروع کی تھی لیکن انھوں نے تیس سے کچھ زیادہ مکتوبات جمع کیے تھے کہ حضرت مجددؒ اور خادمان ...... کے درمیان "مہاجرت صوری" حایل ہو گئی۔ بعد میں خواجہ ہاشم کشمی نے ۱۰۳۱ھ میں ان کو ترتیب دیا۔ تیسری جلد کے مکتوبات کی تعداد جب ۱۱۳ تک پہونچی تو "باقی" کے عدد کی مناسبت سے اس تعداد پر اس دفتر کو ختم کر دیا گیا۔ بعد ازاں ایک خط "مسکۃ الختام" کے طور پر شامل کیا گیا تاکہ تعداد سورۂ قرآنی کے مطابق ۱۱۴ ہو جائے۔

اب سوال یہ ہے کہ دفتر چہارم کے کتنے مکتوبات دفتر سوم میں شامل کیے گئے۔ یہ تعداد یقیناً چودہ نہیں تھی۔ خواجہ ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

"ہنوز بچہاردہ مکتوب نرسیدہ کہ آن ماہ چہاردہ رو در نقاب مغرب تراب کشید" ۸۲

اس کا مطلب ہے کہ تعداد چودہ تک نہیں پہونچی تھی کہ حضرت مجددؒ رحلت فرما گئے۔ مصنف نے چہاردہ کا لفظ محض ماہ چہاردہ کی مناسبت سے لفظی خوبی پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ دفتر چہارم کے جو مکتوبات دفتر سوم میں شامل کیے گئے۔ ان کی تعداد دس ہے۔ لہٰذا دفتر سوم کے مکتوبات کی کل تعداد ۱۲۴ ہوتی ہے۔

اس دفتر کے پہلے تین خط حضرت مجددؒ کی گوالیار میں قید سے قبل لکھے گئے تھے باقی ان کی قید سے رہائی مگر لشکر کی ہمراہی کے دوران لکھے گئے۔

www.mujaddidway.com

اس دفتر میں ان بیس خطوط کے علاوہ دو خواجہ باقیؒ کے نام ہیں۔ ۱۰ خطوط شیخ فرید بخاری، ۸ خطوط عبدالرحیم خان خاناں کے نام، ۵ خطوط خواجہ حسام الدین کے نام اور تین خطوط میر فتح اللہ حکیم کے نام ہیں۔ باقی خطوط مختلف امرا جیسے مرزا داراب، صدر جہاں، قلیچ خان، خان اعظم وغیرہ کے نام ہیں۔

ان خطوط میں ان امرا کو تلقین کی گئی ہے کہ وہ نئے بادشاہ کے زمانے میں ترویج دین واصلاح عقاید کی کوشش کریں۔ باقی خطوط اپنے صاحبزادگان، مریدین اور دیگر صوفیا کے نام ہیں جن میں سوالات کے جوابات ہیں یا علمی اور مذہبی مسائل کی توضیح ہے۔ چونکہ مکتوب یازدہم پر اعتراضات شروع ہو گئے تھے۔ اس لیے اس جلد کے آخر میں کئی خطوط مسترشدین کی تسلی کے لیے لکھے گئے۔ ایک چالیس صفحے کا خط مرشد زادوں کے نام ہے جس میں اہل سنت والجماعت کے عقاید بیان کیے ہیں۔

دفتر دوم موسوم بہ "نور الخلائق" ہے۔ یہ تاریخی نام ہے جس سے اس دفتر کا سال تالیف ۱۰۲۸ھ برآمد ہوتا ہے۔ اس دفتر میں ۹۹ مکتوبات ہیں۔ دس دفتر کو اس عدد پر اس لیے ختم کیا گیا کہ یہی تعداد اسمائے حسنیٰ کی ہے۔ یہ دفتر حضرت مجددؒ کے ایک مرید خواجہ عبدالحی نے خواجہ محمد معصوم کے حکم پر ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء میں ترتیب دیا۔ اگرچہ اس دفتر کے مکتوبات کی تعداد کم ہے لیکن یہ مکتوبات نہایت اہم ہیں۔ ایک خط نمبر ۳۶ خواجہ احمد حقی کے نام ہے جو ۸۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ جس میں اہل سنت اور شیعہ حضرات کے خیالات سے بڑی مدلل بحث کی ہے اور اپنے نقطۂ نظر کی ترجیح کی ہے۔ خط نمبر ۶۷ خان جہاں کے نام ہے اس میں اسلامی عقائد کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ خط نمبر ۴۴ بنام خواجہ محمد صادق وحدت الوجود کے نظریہ سے متعلق ہے اور ۱۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

دفتر سوم کے مرتب خواجہ محمد ہاشم کشمی ہیں جنہوں نے اس دفتر کو "معرفت الحقائق" کے نام سے ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۲ء میں ترتیب دیا۔ اس دفتر کے بارے میں وہ لکھتے ہیں۔

"جلد سوم محتوی ست بر صد و چہار دہ مکتوب بر طبق سورۂ قرآنی بعد از تمامی جلد ثالث و بیضوری بندہ از آستان بعض مکاتیب دیگر کہ شروع دفتر چہارم بود بظہور آمدہ بود و ہنوز بہ چہاردہ مکتوب نرسیدہ کہ آن ماہ چہاردہ .... رو در نقاب مغرب تراب کشید ...... ناچار آن مکتوب را داخل جلد ثالث نمودہ شد" [۸۱]۔

خواجہ ہاشم دفتر سوم کے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ محمد نعمان بدخشانی نے دفتر سوم کی ترتیب شروع کی تھی لیکن انھوں نے تیس سے کچھ زیادہ مکتوبات جمع کیے تھے کہ حضرت مجددؒ اور خادمان ...... کے درمیان "مہاجرت صوری" حائل ہو گئی۔ بعد میں خواجہ ہاشم کشمی نے ۱۰۳۱ھ میں ان کو ترتیب دیا۔ تیسری جلد کے مکتوبات کی تعداد جب ۱۰۳ تک پہونچی تو "باقی" کے عدد کی مناسبت سے اس تعداد پر اس دفتر کو ختم کر دیا گیا۔ بعد ازاں ایک خط "مسک الختام" کے طور پر شامل کیا گیا تاکہ تعداد سورۂ قرآنی کے مطابق ۱۱۴ ہو جائے۔

اب سوال یہ ہے کہ دفتر چہارم کے کتنے مکتوبات دفتر سوم میں شامل کیے گئے۔ یہ تعداد یقیناً چودہ نہیں تھی۔ خواجہ ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

"ہنوز بہ چہاردہ مکتوب نرسیدہ کہ آن ماہ چہاردہ رو در نقاب مغرب تراب کشیدہ" [۸۲]

اس کا مطلب ہے کہ تعداد چودہ تک نہیں پہونچی تھی کہ حضرت مجددؒ رحلت فرما گئے۔ مصنف نے چہاردہ کا لفظ محض ماہ چہاردہ کی مناسبت سے لفظی خوبی پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا ہے۔ دفتر چہارم کے جو مکتوبات دفتر سوم میں شامل کیے گئے۔ ان کی تعداد دس ہے۔ لہٰذا دفتر سوم کے مکتوبات کی کل تعداد ۱۲۴ ہوتی ہے۔

اس دفتر کے پہلے تیس خط حضرت مجددؒ کی گوالیار میں قید سے قبل لکھے گئے تھے باقی ان کی قید سے رہائی کے بعد لشکر کی ہمراہی کے دوران لکھے گئے۔

www.mujaddidway.com

اس دفتر کے موضوعات بھی وہی ہیں جو پہلے اور دوسرے دفتر کے ہیں۔ چند خطوط تاریخی اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ وہ قلعہ گوالیار سے لکھے گئے تھے۔ مثلاً مکتوب ۴۳، ۱۰۶، ۷۶ جو جہانگیر سے متعلق ہیں۔ ان میں اس گفتگو کا ذکر ہے جو حضرت مجدد نے جہانگیر کی مجلس میں کی تھی۔ مکتوب ۱۰۶ خواجہ حسام الدین کے نام ہے۔ مکتوب ۸۰، ۸۲، ۸۳ خواجہ محمد معصوم اور خواجہ محمد سعید کے نام ہیں جن میں شاہی کیمپ کی زندگی کا بیان ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس دفتر میں صرف ایک خط خان جہاں کے نام ہے شاید اس کی وجہ جہانگیر کی طرف سے حضرت مجدد کی امرا کے ساتھ خط و کتابت پر پابندی ہو۔

مکتوبات کی اہمیت:

حضرت مجدد کی دو کرامتیں دنیا کے لیے بڑے فیض کا باعث ہوئی ہیں۔ ایک آپ کے نیک صاحبزادگان جنہوں نے آپ کے بعد آپ کے تبلیغی اور اصلاحی مشن کو جاری رکھا۔ دوسری کرامت جناب مجددؒ کے مکتوبات شریفہ ہیں، جن کے مطالعہ سے آپ کی علمیت، معرفت، خلوص اور شرع کی پابندی کا ایک دلربا سماں، دلکش اور روح پرور منظر آنکھوں کے آگے آجاتا ہے جس سے پڑھنے والا اپنے دل میں ایک سرور اور سوز محسوس کرتا ہے اور اپنے مزاج و افعال میں نمایاں تبدیلی پاتا ہے۔ ان سے حضرت مجددؒ کی ہمہ جہتی شخصیت نمایاں ہوتی ہے۔ یہ مکتوبات حضرت مجددؒ کے علم، معرفت، کمال اور زبان و بیان پر قدرت کا پتہ دیتے ہیں اور اس لحاظ سے فارسی ادب کا بیش قیمت سرمایہ ہیں۔ مکتوبات کے مخاطب آپ کے پیر و مرشد، خلفاء، مریدین، علماء، امراء اور خود بادشاہ جہانگیر بھی ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے لیے الفاظ اور مکتوبات کا مواد اس کی علمی لیاقت، صلاحیت و استعداد کے مطابق ہے۔ آپ نے مکتوبات میں صوفیانہ اصطلاحات کا کثرت سے استعمال کیا ہے جو ایک عام آدمی کی فہم سے باہر ہے لیکن جو مکتوبات طلباء اور دوسرے نوجوانوں کو لکھے گئے ہیں ان میں زبان و بیان نہایت سادہ اور عام فہم ہے۔

بعض مکتوبات کو سمجھنے کے لیے انہیں پڑھنے سے پہلے تصوف اور مذہب کے علاوہ اس دور کی تاریخ سے واقفیت ضروری ہے تاکہ حضرت مجددؒ کی راست بیانی اور علم الغیب کا بھی اندازہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ عہد اکبری اور عہد جہانگیری کے واقعات سے واقفیت مکتوبات کے مطالعہ کی دلچسپی کو بڑھا دیتی ہے۔

مکتوبات کی مقبولیت کی بڑی وجہ گراں قدر مضامین کی نوعیت، تنوع اور صاحب مکتوبات کی علمیت اور روحانی فضیلت ہے تو اس میں حضرت مجددؒ کے دل نشین ہو جانے والے طرز تحریر کو بھی بڑا دخل ہے۔ ان مکتوبات سے ظاہر ہوتا ہے کہ شیخ مجددؒ بڑے بلند پایہ اہل قلم تھے اور لکھتے وقت انشائی خوبیوں پر بھی پوری نظر رکھتے تھے۔ مکتوبات کا ایک اہم حصہ وہ خطوط ہیں جو شاہی امرا کو تحریر کیے گئے جن میں انہیں حکومت کو شریعت کے مطابق چلانے اور اصلاح عقائد کی تلقین کی ہے۔ ان مکتوبات کا طرز تحریر علمی خطوط سے مختلف ہے۔ عالمانہ اصطلاحیں بہت کم ہیں۔ الفاظ پُر وقار مگر زود فہم ہیں لیکن طرز تحریر میں ایک جوش ہے۔ دل سے نکلے ہوئے جذبات اور علمی درد کا اظہار ہے۔ صاحبزادگان کو حالت قید سے جو خطوط لکھے ہیں وہ درد ناک، محبت اور ملائمت و شیریں الفاظ سے بھرے ہوئے ہیں۔

آپ تشریح اور تاثیر کے لیے گاہے گاہے مکتوبات میں کوئی دلچسپ شعر یا مصرع بھی استعمال کر دیتے ہیں جس سے مضمون دلچسپ ہو جاتا ہے اس سے آپ کے شعر و شاعری سے دلچسپی کا بھی اظہار ہوتا ہے۔

من آن خاکم کہ ابر نوبہاری　　کند از لطف بر من قطرہ باری

(مکتوب ۱۰ دفتر اول)

اگر بروید از تن صد زبانم　　چو سبزہ شکر لطفش کے توانم

مصلحت نیست کہ از پردہ برون افتد راز　　ورنہ در مجلس رندان خبری نیست کہ نیست

(مکتوب ۴۴ دفتر اول)

آپ نے مکتوبات بغیر کسی فکر معین کے بے اختیارانہ طور پر تحریر فرمائے ہیں جن میں اسرار و معارف بے اندازہ ان کے قلم سے نکلے ہیں اس سلسلہ میں فرماتے ہیں :

"سبحان اللہ! آن اسرار و معارف کہ ازین تحریر بے اندازہ و بے تکلف تراوش نمودہ اگر بہ مردم سعی بنمایند کہ مثل آنہا بیاورند، معلوم نیست کہ میسر شود ..... مقامات ما بمقتدائی نور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ..... خوبی و آنچہ تفصیل حضرت صدیق"

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا کہ ان مکتوبات کے موضوعات جہاں سادہ اور عام فہم ہیں وہاں ان میں تصوف کے پیچیدہ اسرار و معارف، بدعات اور رسوم قبیحہ سے بھی بحث کی گئی ہے۔ چند موضوعات درج ذیل ہیں : معرکۂ توحید و شرک۔ بندہ را تعین مولی دانستن الحاد است ۸۸ عبدیت و بشریت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۸۹ ہندوستان کے بانی پر وردگار عالم ۹۰ مشابہت شریعت و تصوف ۹۱ شریعت را سہ جزواست علم و عمل و اخلاص ۹۲ تدریس علوم شرعیہ اہم تر از ذکر و فکر می باشد ۹۳ مرتبہ حدیث صحیح بخاری بعد قرآن شریف ۹۴ ادلۂ احکام شرعیہ ۹۵ سیرت رحمۃ للعالمین ۹۶ حقوق و مراتب مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ۹۷ حقوق و مراتب صحابہؓ ۹۸ ترتیب مراتب و ترتیب خلافت ۹۹ مرتبہ احیائی سنت ۱۰۰ اصلاح تصوف خام ۱۰۱ عالم غیر مجتہد در رقص ۱۰۲ نعت خوانی و مولود خوانی ۱۰۳ تردید نظریہ وحدت الوجود ۱۰۴ نظریہ وحدت الشہود ۱۰۴ معرکۂ سنت و بدعت ۱۰۵

حضرت مجددؒ کے مکتوبات نے وقت کے دھارے کا رخ بدل دیا۔ حق کہ مغل بادشاہ شاہ جہاں اور اورنگ زیب بھی ان سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ دوسرے ممالک کے مسلمان بھی مکتوبات کی طرف متوجہ ہوئے۔ علامہ محمد مراد علی نے مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کیا جو دمشق سے شائع ہوا۔ ایک اور عالم نے مکتوبات کی روایات کی تخریج کی جس کا نام ..... ہے۔ حضرت مجددؒ کا مقصد مکتوبات کے ذریعہ حکومت اور معاشرہ میں اصلاح کرنا تھا اس مقصد کے حصول کے ایک اہم تقاضے کو پورا کرنے کے لیے مختلف امراء کو توجہ دلائی۔ اس دور کے مشہور علماء

فریاد حافظ این ہمہ آخر بہرزہ نیست

ہم قصۂ غریب و حدیث عجیب است

(مکتوب ۲۰۳، دفتر اول)

گر بر تن من زبان شود ہر موی یک شکر وی از ہزار نتوان کرد

(مکتوب ۱۲۱، دفتر سوم)

جیسا کہ اس سے قبل بیان کیا گیا کہ یہ مکتوبات قرآن اور حدیث کی تعلیمات کی روشنی میں لکھے گئے۔ ان میں بہت سی صدیوں کی الجھی ہوئی گتھیاں شرع کے مطابق سلجھائی گئیں جو قرآن اور سنت پر مبنی ہونے کی وجہ سے ہر قسم کے مبالغہ سے پاک ہیں۔ حضرت مجددؒ خود وضاحت فرماتے ہیں :-

"این ہمہ علوم کہ ..... تحریر یافت درآن فکرت دیگر تم کہ مقبول و مرضی بودند یا نہ آنگاہ خاموش گشتہ منتظر بشارت و اشارت گشتند۔ فردای آن روز فرمودند کہ دوش ندا در دادند و ظاہر ساختند کہ این ہمہ علوم کہ نوشتہ بلکہ ہر چہ در گفتگوی تو آمدہ ہمہ مقبول و مرضی است کہ اشارت بہ نوشتہ ہا می کردند و می فرمودند چنیں گفتہ ایم در بیان ما است" ۱۰۶

ایک اور مکتوب میں جو خواجہ محمد سعید کو لکھا گیا، حضرت مجددؒ فرماتے ہیں :-

"این معارف کہ مسودہ یافت امید است کہ از الہامات رحمانی باشند کہ اصلاً شائبہ وساوس شیطانی را در آنجا مجال نبود دلیل بر این سخن آنکہ چون و چند قدر این علوم شد وقتی بجناب قدس خداوندی جل سلطانہ گشت ودید کہ ملائکہ ہم جل شانہ و علیہم الصلوٰۃ والسلام از نواحی آن انتقام دفع شیطان می کردند و نگذاشتند کہ در حوالی آن مکان بگردد" ۱۰۵

www.mujaddidway.com

بدعات کو بیان کیا اور اسلام کی پاک و صاف تعلیمات کے رواج پر زور دیا۔

حضرت مجددؒ کے بعض مکتوبات کی تردیدات بھی لکھی گئیں اس کے دو باعث ہوئے۔ ایک یہ کہ آپ کا ایک مرید حسن خاں افغانی آپ سے منحرف ہو کر کچھ مکتوبات کے مسودے لے کر بھاگ گیا اور ان میں تحریف و ترمیم کر کے علماء وقت کے پاس انہیں بھجوایا۔ ان تحریف شدہ مکتوبات کو سامنے رکھ کر بعض لوگوں نے تردید لکھی اسی سلسلہ میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی تردید لکھی لیکن جب انہیں تحریف کا حال معلوم ہوا تو معذرت نامہ لکھا۔ اسی طرح محمد صالح گجراتی نے آپ کے مکتوبات کے رد میں ایک رسالہ "اشتباہ" لکھا اور سید محمد برزنجی مدنی سے بھی رد لکھوایا جس کا نام "ایراد و ابیرزنجی" رکھا۔ یہ ایک بے حقیقت رسالہ تھا مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی نے اس کا مفصل جواب لکھا اور اس کا نام "الکلام المنجی فی رد ایراد البرزنجی" رکھا۔

علامہ شیخ نور الدین محمد بیگ نے آپ کے اصل مکتوبات سے مقابلہ کرنے کے بعد "رد برزنجی" میں ایک رسالہ لکھا۔ سید برزنجی کے رسالہ کا رد مولانا عبدالحی لکھنوی نے بھی لکھا ہے۔ مولانا شاہ غلام علی شاہؒ کے حالات حضرت مرزا مظہر جان جاناں میں لکھا ہے کہ شیخ محمد فرخ نبیرہ حضرت مجددؒ کی بددعا سے سید برزنجی دریا میں ڈوب گیا تھا۔١٠٧

مکتوب یازدہم کی مخالفت:

مکتوبات کے جن مندرجات پر حرف گیری کی گئی ان میں دفتر اول کا مکتوب ١١ بنام خواجہ باقی باللہؒ بھی تھا۔ اس میں حضرت مجددؒ نے اپنے عروج روحانی کا ذکر کیا ہے۔ زیادہ اعتراض ذیل کی عبارت پر تھا۔

"(ترجمہ) دوسری عرض یہ ہے کہ اس مقام کے ملاحظہ کے وقت اور بہت سے مقام ظاہر ہونے نیاز و عاجزی سے توجہ کرنے کے بعد جب اس پہلے مقام سے اوپر کے مقام میں پہنچا تو معلوم ہوا کہ حضرت ذی النورینؓ کا مقام ہے۔۔۔۔

۔۔۔۔ اور اس مقام کے اوپر ایک اور مقام نظر آیا جب اس مقام میں پہنچا

تو معلوم ہوا کہ یہ حضرت فاروقؓ کا مقام ہے اور دوسرے خلفاء کا بھی وہاں عبور واقع ہوا ہے اور اس مقام سے اوپر حضرت صدیق اکبرؓ کا مقام ظاہر ہوا اور میں اس مقام پر بھی پہنچا اور اپنے مشائخ میں حضرت خواجہ نقشبندؒ کو ہر مقام میں اپنے ہمراہ پاتا تھا اور دوسرے خلفاء کو بھی اس مقام میں عبور ہوا ہے سوائے عبور مقام اور مرور اور اثبات کے کچھ فرق نہیں ہے اور اس مقام کے اوپر سوائے آنحضرت صلعم کے اور کوئی مقام نہیں معلوم ہوتا ہے اور حضرت صدیق اکبرؓ کے مقابل ایک اور نہایت نورانی مقام کہ اس جیسا کبھی نظر میں نہ آیا تھا ظاہر ہوا اور وہ مقام اس مقام سے تھوڑا بلند تھا جس طرح صفہ کو سطح زمین سے ذرا بلند بناتے ہیں اور معلوم ہوا کہ وہ مقام محبوبیت کا مقام ہے اور وہ مقام رنگین اور منقش تھا۔ اپنے کو بھی اس مقام کے عکس سے رنگین معلوم کیا۔"

اس مکتوب سے یہ مراد لی گئی کہ آپ خود کو حضرت صدیق اکبرؓ سے بھی افضل سمجھتے ہیں اس اختلاف کی وجہ سے کئی مریدوں مثلاً مرزا فتح اللہ گیلانی وغیرہ بھی ساتھ ہی آپ سے علیحدگی اختیار کر لی۔ آپ نے ایک مفصل مکتوب مرزا فتح اللہ کو لکھا جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

"جو شخص اپنے کو حضرت صدیق اکبرؓ سے افضل جانے اس کا حال دو صورت سے خالی نہیں ہے یا وہ زندیق محض ہے یا جاہل ۔۔۔۔ جو شخص حضرت علیؓ کو حضرت صدیقؓ سے افضل جانے وہ گروہ اہل سنت والجماعت سے نکل جاتا ہے پھر اس شخص کا کیا حال ہے جو اپنے آپ کو افضل جانے ۔۔۔۔"١٠٨

مؤرخین میں سے بہت سے لوگوں خصوصاً حضرت مجددؒ کی یہ تشریح نہیں پہنچی۔ مخالفین نے جو پہلے ہی موقع کے منتظر تھے بادشاہ جہانگیر تک یہ بات پہنچا دی کہ شیخ احمدؒ اپنے کو حضرت صدیق اکبرؓ سے افضل سمجھتے ہیں اور ایسے دعوے کرتے ہیں جس سے کفر لازم آتا ہے۔ جہانگیر نے حاکم سرہند کی معرفت آپ کو بلا کر اس سلسلہ میں تحقیقات حال

www.mujaddidway.com

معلوم کی۔ آپ نے جواب میں فرمایا کہ اگر آپ کسی درانی آدمی کو خدمت کے لیے بلائیں اور اس سے اندر کو درشتی سے سرداری پیش کریں تو یقیناً وہ امرائے عالی کے معاملات کو طے کرکے آپ تک پہنچے گا اور پھر اپنے مقام پر واپس جا کر کھڑا ہو جائے گا۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا مرتبہ ہمارے اعتقاد سے بالا ہو جائے گا۔ اس جواب کو سن کر بادشاہ اس وقت خاموش ہو گیا اور ظاہر خفگی بھی ... مگر تزک جہانگیری میں اس کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ان کے جواب کو معقول نہیں سمجھتا تھا۔

خزینۃ الاصفیاء میں لکھا ہے کہ جہانگیر کے پاس مکتوب یازدہم کے فقرے رجحانات کے سلسلے میں شکایت علماء نے کی تھی اور ان علماء نے حضرت مجددؒ کے قتل کا فتویٰ دے دیا تھا۔

"پس علماء جاہل درباری اعزازی در بار فتوے برقتل شیخ نوشتند" ۱۱۰

حضرت مجددؒ کے مکتوبات ہر سہ دفتر متعدد بار فارسی میں چھپ چکے ہیں اور عوام کے استفادہ کے لیے اردو ترجمے بھی شائع ہوئے ہیں۔ مکتوبات نہ صرف نقشبندیہ مجددیہ سلسلے میں بلکہ تمام علمی و دینی حلقوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

۲۔ رسالہ در ردِّ روافض

یہ رسالہ حضرت مجددؒ کی ابتدائی تصانیف میں سے ہے اور غالباً لاہور کے سفر کے دوران تصنیف ہوا۔ یہ رسالہ دراصل اس رسالے کا جواب ہے جو علمائے شیعہ نے علمائے ماوراء النہر کو اس وقت بھیجا جب عبداللہ ازبک نے ۹۹۶ھ/۱۵۸۸ء میں مشہد کا محاصرہ کر رکھا تھا لیکن اس کی فوری تصنیف کی وجہ یہ تھی کہ ہندوستان میں کئی شیعہ طلباء علمائے مشہد کے مضامین دہراتے اور امراء و سلاطین کی محفلوں میں انہیں بڑے فخر سے بیان کرتے۔ حضرت مجددؒ ان حلقوں میں ان کی تردید کرتے لیکن انہیں خیال ہوا کہ اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ سپرد قلم ہونا چاہیے تاکہ غلط فہمیوں کی گنجائش نہ رہے۔ یہ رسالہ درج ذیل تحریر کے ساتھ

شروع ہوتا ہے۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم .... و اما بعد می گوید بندۂ [illegible] برکت خداوند و احمد [illegible] خادم علماء احمد بن عبدالاحد الفاروقی ..." ۱۱۱

وجہ تصنیف رسالہ تحریر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"چوں از طلبہ شیعہ کہ متردد این حدود بودند بعضی مقدمات متعلقہ بہ سب اصحاب شنیدہ شد و در مجالس امراء و سلاطین این مقالات شہرت می داشتند [illegible] در مجلس [illegible] مشافہہ بعضی مقدمات مذکور [illegible] اطلاع می داد [illegible] اسلام [illegible] می کردہ شورش [illegible] ایشان [illegible] کتابت نمودہ ..... تمام [illegible]" ۱۱۲

اس رسالے میں حضرت مجددؒ نے دونوں فرقوں کے اختلافی مسائل پر بحث کی ہے آخر میں تحریر فرماتے ہیں۔

"بدانکہ در اصحاب کرام [illegible] در میان ایشان [illegible] ...... است طریق اسلم آنست کہ منازعات و اختلافات کہ در میان ایشان واقع شدہ بطریق [illegible] محمول سازد [illegible]" ۱۱۳

اس رسالے کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ نے عربی میں اس کی تعریب کی۔

یہ رسالہ ۱۰۰۰ھ سے قبل کی تصنیف ہے۔

۳۔ اثبات النبوۃ:

یہ رسالہ عربی میں ہے اور خاص طور پر اکبر کے عہد کے بعض علماء و امراء کے عقائد کو

www.mujaddidway.com

معلوم کی۔ آپ نے جواب میں فرمایا کہ "اگر آپ کسی ادنیٰ آدمی کو خدمت کے لیے بلائیں اور اس سے از راہِ نوازش اسراری باتیں کریں تو یقیناً وہ امرائے عالی کے مقامات کو طے کر کے آپ تک پہونچے گا اور پھر اپنے مقام پر واپس جا کر کھڑا ہو جائے گا۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا مرتبہ امرائے عالی سے بالا ہو جائے گا۔" اس جواب کو سن کر بادشاہ اس وقت خاموش ہو گیا اور اظہار خفگی نہ کیا۔ تزک جہانگیری میں اس کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ان کے جواب کو معقول نہیں سمجھتا تھا۔

خزینۃ الاصفیاء میں لکھا ہے کہ جہانگیر کے پاس مکتوب یازدہم کے مندرجات کے سلسلے میں شکایت علماء نے کی تھی اور ان علماء نے حضرت مجددؒ کے قتل کا فتوے دے دیا تھا۔

"پس علماء بجا اوردی امرای دربار فتوے بر قتل شیخ نوشتند" ۱۱

حضرت مجددؒ کے مکتوبات ہر سہ دفتر متعدد بار فارسی میں چھپ چکے ہیں نیز عوام کے استفادہ کے لیے اردو ترجمے بھی شائع ہوئے ہیں۔ مکتوبات نہ صرف نقشبندیہ مجددیہ سلسلے میں بلکہ تمام علمی و دینی حلقوں میں قدر و عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

۲۔ رسالہ در ردِ روافض

یہ رسالہ حضرت مجددؒ کی ابتدائی تصانیف میں ہے اور غالباً لاہور کے سفر کے دوران تصنیف ہوا۔ یہ رسالہ دراصل اس رسالے کا جواب ہے جو علمائے شیعہ نے علمائے ماوراء النہر کو اس وقت بھیجا جب عبداللہ ازبک نے ۹۹۷ھ/۸۹-۱۵۸۸ء میں مشہد کا محاصرہ کر رکھا تھا لیکن اس کی فوری تصنیف کی وجہ یہ تھی کہ ہندوستان میں بھی شیعہ علماء علمائے مشہد کے مضامین دہراتے اور امراء و سلاطین کی مجلسوں میں انھیں بڑے فخر سے بیان کرتے۔ حضرت مجددؒ ان حلقوں میں ان کی تردید کرتے لیکن انھیں خیال ہوا کہ اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ سپرد قلم ہونا چاہیے تاکہ غلط فہمیوں کی گنجائش نہ رہے۔ یہ رسالہ درج ذیل تحریر کے ساتھ

شروع ہوتا ہے۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم .... اما بعد میگوید بندۂ فقیر حقیر است برحمت خداوند واجد محمد خادم علماء احمد بن عبدالاحد الفاروقی ......" ۱۰

وجہ تصنیف رسالہ تحریر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"بعضے از طلبہ شیعہ کہ متردد این حدود بودند رسالہ ای از مقدمات فقہا و سیاسات میخوانند و در مجالس امرا و سلاطین این مقالات شہرت می دادند و این حقیر در مجلس و معرکہ مشافہہ بمقدمات معقول و منقول رد آنہا می کرد و طلبہ این جماعت را اطلاع می داد اما حمیت اسلام و رگ فاروقیم باین قدر رد و الزام کفایت نمی کرد و شورش بیشتر بے کیفیت نیافت و بجا و فاتر تر قرار یافت لاجرم مقاصد ایشان تمامہ در قید کتابت در آید ...... تا نفع عام گردد" ۱۲

اس رسالے میں حضرت مجددؒ نے دونوں فرقوں کے اختلافی مسائل پر بحث کی ہے۔ آخر میں تحریر فرماتے ہیں۔

"بدانکہ در اصحاب کرام در آمدن و در میان ایشان طعن نمودن از کمال بے ادبی ...... است طریق اسلم آنست کہ منازعات و اختلافات کہ در میان ایشان واقع شدہ محمول بر محامل حق سازند و ہمہ ایشان را بنیکی یاد کنند" ۱۳

اس رسالے کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ نے عربی میں اس کی تعبیر لکھی۔

یہ رسالہ ۱۰۰۰ھ سے قبل کی تصنیف ہے۔

۳۔ اثبات النبوۃ:[۱۴]

یہ رسالہ عربی میں ہے اور خاص طور پر اکبر کے عہد کے بعض علماء و امراء کے حضور صلعم

کی نبوت کے متعلق شک و شبہات کو رفع کرنے کے لیے تحریر کیا گیا۔ اس کی تصنیف غالباً ۹۹۸ھ کے قریب ہوئی اور حضرت مجددؒ کی سب سے پہلی تصنیف یہی رسالہ تھا۔ اس میں تمہیدی عبارت کے بعد دو بحثیں ہیں ایک نبوت کے معنی کی تحقیق میں دوسری معجزہ کے بارے میں اس کے بعد ایک طویل مقالہ ہے جس کا پہلا مسلک بعثت اور نبوت کی حقیقت" اور اس کی ضرورت کے بیان میں اور دوسرا "مسلک خاتم الانبیاء" کی نبوت کے اثبات میں ہے دوسرا مقالہ فلاسفہ کی مذمت میں اور ان کے علوم کی ممارست اور ان کی کتابوں کے مطالعہ سے جو ضرر ہوتا ہے اس کے بیان میں ہے۔

تمہیدی صفحات میں اختصار اور جامعیت کے ساتھ عہد اکبری کی مذہبی بے اعتدالیوں کا ذکر ہے جس سے بدایونی کے بیانات کی تائید ہوتی ہے۔ اثبات النبوۃ ایک اہم مسئلے کا ایک نہایت بلند پایہ تجزیہ ہے اس کا موضوع بحث و مناظرے کا ہے لیکن اس میں ایک لفظ بھی اونچے درجے کی علمی ثقاہت و متانت کے خلاف نہیں یا جس سے مخالفین کے ساتھ خوش اخلاقی میں ذرہ بھر کمی محسوس ہو انھوں نے کہیں جذبات کو غالب نہیں آنے دیا۔ اور نہایت بلند علمی و فکری سطح برقرار رکھی ہے۔

یہ رسالہ غالباً ابوالفضل سے ایک بحث سے متاثر ہو کر لکھا گیا لیکن فی الحقیقت اس میں ایک ایسے سوال کہ کیا انسانی رہنمائی کے لیے عقل کافی ہے یا نبوت کی بھی ضرورت ہے؟ کا عالمانہ اور محققانہ جواب ہے جو ہر مذہب کے ماننے والوں کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ اس کا انداز بیان نہایت عالمانہ اور فصیح و بلیغ ہے۔ یہ رسالہ اردو ترجمہ کے ساتھ چھپ چکا ہے مگر نا تمام حالت میں ہے۔

۴۔ رسالہ تہلیلیہ:[115]

عربی زبان میں یہ مختصر رسالہ حضرت مجددؒ نے اپنے والد مخدوم عبدالاحد کے

انتقال کے بعد تصنیف کیا کیونکہ اس میں انھوں نے شیخ والد کا کے ساتھ قدس سرہ لکھا ہے نیز زبدۃ المقامات میں اس کا ذکر ان رسائل کے ضمن میں ہوا ہے جو حضرت خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں حاضری (ربیع الآخر ۱۰۰۸ھ) سے پہلے لکھے گئے اس لیے اس کا زمانہ تصنیف ۱۰۰۷ھ کا آخر یا ۱۰۰۸ھ کا آغاز کہا جا سکتا ہے۔

رسالہ تہلیلیہ میں کلمہ طیبہ کے متعلق مختلف امور سے بحث ہے۔ ابتدا لا کی بحث سے ہوتی ہے۔ اس کے بعد لفظ "اللہ" کی حقیقت اور اس کے اشتقاق کے متعلق نحوی علماء اور مفسرین کے اقوال کی روشنی میں بحث کی ہے۔ پھر لفظ اللہ کے لطائف وحدانیت الٰہی کے دلائل اور کلمہ طیبہ کے فضائل بیان ہوئے ہیں اس کے بعد ایک طویل اندراج میں توحید صوفیا کا ذکر ہے اور اس کے بعد وجود باری کے عین ذات ہونے میں فلاسفوں کے دلائل دیے ہیں اور اس معاملے میں فلاسفہ اور صوفیائے کرام کے اتفاق رائے کا ذکر ہے۔ آخری باب کلمہ طیبہ کے جزو ثانی یعنی رسالت محمدیہ کے متعلق ہے اس میں آنحضرت صلعم کے فضائل، معجزات، اخلاق کریمہ اور اوصاف عظیمہ کا ذکر ہے۔

اثبات النبوت اور رسالہ تہلیلیہ دونوں حضرت مجددؒ کی تصنیف ہیں اور ایک ہی دور کے متعلق ہیں۔ رسالہ تہلیلیہ کے آخری حصہ کا تو موضوع بھی وہی ہے جو اثبات النبوت کے ایک جزو کا ہے۔ دونوں رسالوں میں کئی چیزیں مشترک ہیں لیکن بغور مطالعہ سے ایک لطیف فرق نظر آتا ہے۔ اگرچہ دونوں رسالوں کی علمی سطح بہت بلند ہے لیکن اثبات النبوت میں صوفیانہ رنگ ہلکا ہے اور رسالہ تہلیلیہ میں بہت نمایاں ہے۔ اس امتیاز کی ایک وجہ تو اختلاف مباحث ہے اور دوسری یہ کہ اثبات النبوۃ میں روئے سخن ان لوگوں کی طرف تھا جو عقل کے ترجمان بنتے تھے رسالہ تہلیلیہ عام مسلمانوں کے لیے لکھا گیا اس لیے انداز بیان مختلف اختیار کیا گیا۔ دوسرے رسالے میں صوفیانہ عنصر کی شدت ہے اس سے خیال ہوتا ہے اس کا خاکہ اس زمانے میں تیار ہوا جب تکمیل علوم اور درس و تدریس کے بعد آپ کو والد ماجد

www.mujaddidway.com

کی خدمت میں دوبارہ رہنے کا موقع ملا اور تصوف کی انتہاپسندانہ تصانیف کا گہرا مطالعہ کیا۔

رسالہ تہلیلیہ میں زمرت صوفیائے کبار کی مشہور تصانیف سے طویل اقتباسات ہیں۔ بلکہ صوفیائے کرام اور قطب و اولیاء کے متعلق آپ نے اسی نقطہ نظر کا اظہار کیا ہے جو شیخ کی الٰہیات میں وحی کا تھا۔ رسالہ تہلیلیہ کی تالیف کے بعد حضرت مجددؒ نے سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت کی جس میں شرع کی پابندی ہے۔ برٹش میوزیم کے قلمی نسخہ میں اس کا نام "شرح رسالہ لا الٰہ الا اللہ" دیا ہے۔[۱۱۳] جب کہ اورنگ شاہ دیوانیہ کے قلمی نسخہ میں اس کا نام "رسالہ تحقیق کلمہ طیبہ"[۱۱۴] ہے۔ یہ رسالہ اردو ترجمہ کے ساتھ شائع ہو چکا ہے۔

د۔ معارف لدنیہ:

یہ رسالہ شاید مبدا و معاد سے پہلے لکھا گیا۔[۱۱۵] کیونکہ مبدا و معاد میں اس کا ذکر ہے۔ اس میں علوم الہامی اور معارف لدنی کا بیان ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات کے رموز اور حروف مقطعات قرآنی کے اسرار بیان کئے ہیں۔ شریعت و طریقت کی ہم آہنگی پر زور دیا ہے اور ان نام نہاد صوفیوں کی مذمت کی ہے جو شریعت کے خلاف باتیں کہتے ہیں۔ یہ رسالہ اس عبارت سے شروع ہوتا ہے۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم .... العلوم الالہیہ والمعارف اللدنیہ ... یقول العبد الفقیر الی رحمۃ اللہ الغنی احمد بن عبد الاحد الفاروقی النقشبندی .... فلما بارک الاطراف ... کہ ذات ... شریف است ... و این مجموع علم ذات واجب الوجود است"[۱۱۶]

ان صوفیوں کے متعلق جو حالت سکر میں اسلام کے خلاف الفاظ کا استعمال کرتے تھے حضرت مجددؒ فرماتے ہیں۔

"بعضی از مشائخ کہ انکار وجود صفات واجبی جل شانہ کردہ اند و صفات را عین ذات گفتہ اند بواسطہ آنست کہ ایشان در مرتبہ تجلیات صفاتیہ اند و صفات ایشان را ... ظہور ذات جل سلطانہ ... بعضی از مشائخ ... ."

سکر و غلبہ حال گفتہ اند ہم در رنگ موسیٰ داخل شہود حقیقی است اگرچہ از وصل شاہی متبائن و متفاوت افتادہ است چہ گفتار از اوہام اہل حیرت ... اسلام در راہ اسم ... و امثال این سخنان ... مقام ... گفتہ اند"[۱۲۲]

اسی رسالہ کے قلمی نسخے برٹش میوزیم اور دوسری خانقاہوں میں موجود ہیں نیز یہ رسالہ شائع بھی ہو گیا ہے۔

۶۔ مبدا و معاد:

مبدا و معاد میں حضرت مجددؒ کے خلیفہ خواجہ محمد صدیق بدخشی کشمی نے ان کی بیاض سے بعض عبارتیں جمع کی ہیں۔ مختلف صوفیانہ مسائل کا بیان ہے۔ حضرت مجددؒ نے اپنی بیعت، جذبہ، سیر و سلوک، آداب طریقت اور اولیاء کے کمالات، حقیقت کعبہ اور حقیقت قرآن پر اظہار خیال کیا ہے۔ دقیق معانی اور اسرار کی بدولت اس رسالے کا مقام نہایت بلند ہے۔

رسالے کے آخر میں خواجہ محمد صدیق نے اس کی تاریخ تکمیل ۱۰۱۹ھ درج کی ہے۔[۱۲۳] چند عنوانات درج ذیل ہیں۔

۱۔ ... جذب و سلوک ۲۔ عروج و نزول ... ۳۔ ... حضرت نقشبند ۳۔ ... ۴۔ دستگیری حضرت غوث الاعظم ۵۔ در سیر کمالات ۶۔ عالم صغیر و کبیر

حضرت مجددؒ اپنے عالی مقام کے متعلق فرماتے ہیں:

"در اول حال ... بودم ... طواف ... ملائک کرام ...۔"[۱۲۴]

اپنے پیر و مرشد کے لئے ان کے دل میں بہت احترام تھا اور وہ ان کی صحبت کو نہایت

عزیز رکھتے تھے۔ فرماتے ہیں:

"ما چہار کس بودیم در ملازمت خواجہ خود کہ پیش مردم درمیان سائر یاران امتیاز داشتیم. این حقیر بیقین میداند کہ نفس این صحبت و اجتماع مانند این تربیت و ارشاد بعد از زمان آنحضرت علیہ و علی آلہ الصلوات ہرگز بوجود نیامدہ است" ۱۲۳

۷۔ مکاشفات غیبیہ:

یہ رسالہ حضرت مجددؒ کی رحلت کے بعد مختلف موضوعات سے متعلق آپ کی یادداشتوں سے ترتیب دیا گیا۔ اس کے مرتب خواجہ معصومؒ اس کے آغاز میں لکھتے ہیں:

"مسودہ ہائی کہ در سال یک ہزار و پنجاہ و یک [illegible] ورقی چند از مسودات [illegible] یافت ..... امام ربانی مجدد الف ثانی [illegible] دوستان بہ بیت [illegible] تا حال حقوق گشتہ [illegible] اسرار غریبہ و دقائق معارف سنیہ مقامات [illegible] عبارت دلکش [illegible] صورت [illegible] اکثر آن [illegible] بود، دران [illegible] جمع و ترتیب کردہ شد." ۱۲۴

ایک اور موقع پر وہ فرماتے ہیں کہ بیت سے متعلق بعض اور موضوعات پہلے ہی جو آپ کے مکتوبات وغیرہ میں بیان ہو چکے ہیں لیکن اس رسالے میں ہر [illegible] بیان نہایت شدت پائی جاتی ہے۔ ۱۲۵

اس رسالے کے آغاز میں مجدد [illegible] کے بارے میں اس کے بعد مختلف [illegible] کو بیعت کے بارے میں سے متعلق امور ہیں۔ مکاشفات و [illegible] ہیں جو صوفیا اپنے مریدوں کی [illegible] کے لیے بتاتے ہیں۔

"مکاشفہ [illegible] دریافت و [illegible] حضرت خواجہ [illegible]

تمود کہ موسم تمام [illegible] حضرت عالیہ [illegible] اکابر [illegible] خواجہ محمد باقی [illegible] احوال عالی [illegible] تعلیم شیخ [illegible] حضور خواجہ [illegible] گشتند [illegible] و در آنجا استسلام کہ [illegible] حاصل کردند ..... [illegible] خلعت ارشاد بان [illegible] گشتہ" ۱۲۶

مرتب آخر میں کہتا ہے کہ اس رسالے کی ترتیب کے بعد اس کو حضرت مجددؒ کی [illegible] شدہ چالیس ۴۰ حدیثیں ملیں جو اس کے آخر میں شامل کر دی گئیں۔

۸۔ تعلیقات بر شرح رباعیات خواجہ محمد باقیؒ

خواجہ باقی باللہؒ حضرت مجددؒ کے پیر و مرشد تھے۔ آپ شعر بھی کہتے تھے اور تصوف کے موضوعات پر کافی رباعیاں آپ کی یادگار ہیں۔ حضرت خواجہؒ نے خود ہی ان کی شرح بھی لکھی تھی۔ حضرت مجددؒ نے اس شرح پر مزید حاشیے لکھے۔ یہ رباعیات وحدت وجود [illegible] کے دقیق مسئلے سے متعلق ہیں اور حضرت مجددؒ نے ان کی وضاحت اپنے [illegible] خواجہؒ کے بعد کے خیالات کی روشنی میں کی ہے۔

یہ رسالہ اس تحریر کے ساتھ شروع ہوتا ہے:

[illegible] ..... اما بعد تسوید [illegible] مسودہ است در شرح بعض از رباعیات [illegible] استاذ ..... شیخ محمد باقی النقشبندی [illegible] و اسرار [illegible] تسوید [illegible] ۱۲۸

رباعی اول:
سبحان اللہ [illegible] ماندہ تصور و حیران خیال
اللہ [illegible] و از سر [illegible] حالا [illegible] ۱۲۹

رباعیات کے بعد رسالہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے مکتوبات سے وابستہ ہو گیا ہے، ۵ سوال و جواب کی شکل میں ہیں۔ یہ رسالہ [illegible] رباعیات کے [illegible] بھی جاتا ہے:

آنچہ فضائل پناہی شیخ عبدالحق کہ از خلفاء حضرت خواجہ ماست نقل کردند کہ حضرت خواجہ قبل از ایام مرض می فرمودند کہ ما را بیقین معلوم شد کہ توحید کوچہ تنگ است شاہراہ دیگر است این قسم توحید اسلامی تمامی توحید است۔

ان تصانیف کے علاوہ دو اور رسالے رسالہ آداب المریدین اور تعلیقات عوارف حضرت مجددؒ سے منسوب ہیں مگر ان کا ذکر کسی تذکرہ میں نہیں ملتا۔ صرف حضرت مجددؒ کے خاص سوانح نگار بدرالدین ابراہیم سرہندی نے حضرات القدس میں اور خواجہ محمد ہاشم کشمی نے زبدۃ المقامات میں ان کا ذکر کیا ہے۔

بدرالدین ابراہیم سرہندی نے حضرات القدس میں دو اور رسالوں کا ذکر کیا ہے۔ ایک رسالہ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے ارشاد پر نقشبندی صوفیا کے بارے میں لکھا گیا تھا جو نامکمل رہا اور حضرت خواجہؒ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو انہوں نے اس پر مسرت کا اظہار فرمایا۔ دوسرا رسالہ احکام اسلامی سے متعلق دوستوں کی درخواست پر تحریر کیا۔

حضرات القدس (اردو ترجمہ) کے ناشر نے مقدمہ میں لکھا ہے کہ حضرت مجددؒ کے مندرجہ ذیل رسالے اس کو ملے ہیں جو اردو میں ترجمہ کئے جا رہے ہیں۔ یہ رسالے حسب ذیل ہیں:

۱۔ رسالہ تحقیق نبوت

۲۔ رسالہ تعین و لاتعین

۳۔ رسالہ مشہود العالمین یا رسالہ مسئلہ وحدت الوجود

حقیقت یہ ہے کہ حضرت مجددؒ کے مکتوبات میں سے بعض اس قدر طویل ہیں کہ اگر ان کو علیحدہ کر کے مرتب کیا جائے تو ایک خاص موضوع پر ایک رسالہ تیار ہو سکتا ہے۔ لہٰذا ممکن ہے مندرجہ بالا مولفہ رسالے بھی یہ طویل مکتوبات علیحدہ کر کے رسالوں کی شکل میں ترتیب دے دیئے گئے ہوں۔

حضرت مجددؒ کی خدمات: معاشرہ کی اصلاح کے لیے حضرت مجددؒ کی کوششیں اظہر من الشمس ہیں۔ معاشرہ

صرف اکبری لحاظ کا نہ تھا بلکہ اطراف ملک میں جو حقیقی مشکلات سے مسلمان دوچار تھے ان کی طرف توجہ حضرت مجددؒ نے ہی دلائی۔ امراء اور اکبری سلطنت کو ان کی ذمہ داریاں یاد دلائیں اور شریعت کے احکام کی بجا آوری اور دین اسلام کو بدعات اور سیئات سے پاک و صاف کرنے پر زور دیا۔

حضرت مجددؒ کی ایک اہم خدمت یہ ہے کہ آپ نے اس سلسلہ تصوف کی ترویج کی جو ہندوستانی طریقوں میں شریعت سے زیادہ قریب ہے۔ اس طریقے کے تمام اصول و فروع میں اتباع سنت سنیہ اور اجتناب بدعت نامرضیہ بدرجہ کمال ہے۔ نہ اس میں چلہ کشی کی ضرورت نہ ذکر بالجہر کی اجازت ہے نہ سماع نہ قبور پر چادر چڑھانا نہ عورتوں کا ہجوم نہ سجدہ تعظیمی نہ بوسہ دینا نہ مریدوں کو پیروں کی قدم بوسی کا حکم ہے۔

آپ نے طریقت کا وہ سلسلہ رائج کیا جس میں احکام شرعی کا سب سے زیادہ پاس تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ ایک قابل عالم شیخ طریقت تھے جو تصوف کو احکام شرعی کی حدود میں لے آئے۔

آپ نے عقیدۂ وحدت الوجود کی نئی توجیہ کی اور وحدت الشہود کا نظریہ پیش کر کے صوفیاء اور علماء کے اختلافات رفع کر دیے۔ آپ کا قول ہے کہ مقام وحدت الوجود سالک کو ابتدائے سلوک میں پیش آتا ہے جس سے آگے گزر جانا چاہیے اور جو شخص اس سے بالاتر مقام پر عروج کرتا ہے اس پر مقام وحدت الشہود منکشف ہوتا ہے جو شرع کے عین مطابق ہے۔

شرع کی حمایت اور ترجمانی کے ساتھ آپ کا ایک بڑا کارنامہ بدعات کے خلاف جہاد تھا۔ علماء نے بدعت کی دو قسمیں قرار دی ہیں حسنہ اور سیئہ۔ حسنہ اس نیک عمل کو کہتے ہیں جو آنحضرتؐ اور خلفائے راشدین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے عہد کے بعد پیدا ہوا ہو اور سنت کو رفع نہ کرتا ہو اور بدعت سیئہ وہ عمل ہے جو سنت کو رفع کرتا ہو۔ آپ نے ہر دو قسم کی بدعتوں کو دین سے نکالنے پر بڑا زور دیا اور اس طرح تمام مضرتوں اور نقصانات کا سد باب کر دیا جو

دینِ اسلام میں جو نئی چیزیں عقائد و اعمال کی صورت میں شامل ہو گئی تھیں انہیں دین سے باہر نکالنے کی ضرورت کا احساس تیز تر ہو گیا۔ آپ کا فرمان ہے کہ "ہر بدعت سنت کو ختم کرنے والی ہے اور کسی کی کوئی خصوصیت نہیں پس ہر بدعت سیئہ ہے۔" سنت اور بدعت دونوں پوری طرح ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ ایک کی بقا، دوسری کی فنا کو لازم ہے پس ایک کا زندہ کرنا دوسرے کو مارنا ہے۔ نیز آپ نے فرمایا کہ "بدعت سے بچو اگرچہ بدعت صبح کے نور کی طرح روشن ہو۔ بدعت دین کو کاٹنے والی کلہاڑی ہے اور سنت چمکتا ہوا ستارہ ہے بدعت کا دور کرنا اسلام کی تقویت کے لیے لازمی ہے۔"

اس زمانہ میں مختلف تمدنوں کے ملنے سے نئے فرقوں اور نئے طریقوں سے عقائد میں خرابی پیدا ہو چکی تھی۔ ہر فرقہ اور ہر نظریہ کے لوگوں کی شدید کوشش تھی کہ اسلام کو اپنے رنگ میں رنگ لیں۔ حضرت مجددؒ نے ان خیالات و نظریات کی تردید میں ایک پُر زور رسالہ لکھا۔ حضرت مجددؒ کا ایک بڑا کارنامہ اسلام کو عام کیا تھا جیسا کہ اوپر بیان ہوا اس زمانے میں ہر فرقہ اور نظریے کے ماننے والے اسلام کو اپنی طرف مائل کر رہے تھے۔ آپ نے شعائرِ اسلام کے احترام پر زور دیا۔ اس وقت جب کہ عام علماء و مشائخ نے الحاد و بے دینی کے دور میں ایک گوشے میں بیٹھ جانا ہی عافیت اور سلامتی کا راستہ سمجھ رکھا تھا اور جن لوگوں نے جرأت اور ہمت سے کام لے کر اس کے خلاف آواز اٹھائی ان کے پاس کوئی واضح لائحہ عمل نہ تھا۔ آپ نے جہانگیر کے سامنے سجدہ کرنے کے قید و بند کی صعوبتوں کو ترجیح دی اور خلافِ شرع احکام کی عملی مخالفت کی۔ آپ کی اس نیک مثال نے لوگوں کو ہمت اور حوصلہ دیا۔ جو دبے بیٹھے تھے وہ دلیر ہو گئے۔ حکمران طبقہ میں جو اسلام پسند گروہ تھا۔ اسے تقویت ملی اور جو غیر اسلامی آداب و رسوم دربارِ شاہی میں عجمی ملوکیت کی تقلید میں یا مقامی اثرات کی وجہ سے رائج ہو گئی تھیں ان کے ازالے کا سامان ہوا اور شعائرِ اسلامی رواج پانے لگے۔

حضرت مجددؒ نے خود احیاءِ اسلام کی کوشش کی اور اس کے علاوہ ایک ایسا دینی

نظام قائم کر دیا جس سے آپ کے بعد بھی آپ کا فیض جاری و ساری رہا۔ آپ کے بعض خلفاء تھے جو ہندوستان کے کونے کونے میں بلکہ ہندوستان سے باہر بھی آپ کے خیالات کی اشاعت کر رہے تھے۔ آپ کے بعد آپ کے فرزندانِ ارجمند خاص طور پر خواجہ محمد سعیدؒ، خواجہ محمد معصومؒ اور ان کے صاحبزادے خواجہ سیف الدینؒ نے بادشاہانِ وقت شاہجہاں اور اورنگ زیب اور دیگر شہزادگان کی روحانی تربیت کا سلسلہ جاری رکھا جس کے عمدہ نتائج سامنے آئے۔

مجددی سلسلہ کو نہ صرف ہندوستان بلکہ اطراف ممالک میں بھی فروغ حاصل ہوا۔ آپ کا سلسلہ ہندوستان سے ماوراء النہر اور روم افغانستان شام و عرب تک پہنچا۔ آپ کے مکتوبات کا عربی میں بھی ترجمہ ہوا۔ خلافتِ عثمانیہ میں اس سلسلے کی اشاعت انیسویں صدی میں بہت زیادہ ہوئی جب حضرت خالد کردیؒ نے دہلی میں ایک سال رہ کر شاہ غلام علیؒ سے یہ طریقہ اخذ کیا اور واپس جا کر عراق، شام اور اناطولیہ میں بڑی کامیابی سے اشاعت کی۔ حضرت خالد کردی خلافتِ عثمانیہ کے آخری دور کے ایک بڑے بزرگ تھے انھوں نے طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کو سلطنت کا سب سے با اثر صوفی طریقہ بنا دیا۔ ۱۳۳

حضرت مجددؒ نے ایک رسالہ ردِ روافض لکھا تھا۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اس کی شرح فارسی میں لکھی اس شرح کے مقدمہ میں حضرت مجددؒ کا تعارف کراتے ہوئے آپ کی تجدیدی خدمات کا بھی ذکر کیا ہے۔

حضرت مجددؒ کے بارے میں شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں "واحدِ زماں" فریدِ اوان شریعت و طریقت میں ہمیشہ راسخ، معرفت و حقیقت کے کوہِ بلند، ماہرِ سنت قاطعِ بدعت اللہ کا روشن چراغ جو عالم میں اس لیے رکھا گیا ہے کہ مومن بندوں میں سے جو چاہے اس سے روشنی حاصل کرے۔ کبار اور متقدمین میں سے اللہ کے دشمنوں پر سیفِ مسلول امام عارف عالم امامی مولانا شیخ احمد فاروقی ماتریدی حنفی نقشبندی سرہندی نے یہ رسالہ تصنیف کیا ہے مولف

کی وفات کے بعد اسی رسالے کے مقدمہ میں آگے فرماتے ہیں: "شواہدات انتہائی کثرت علم و تقویٰ، دینی استقامت، حب خدا اور رسول کے بارے میں ان کی غیرت، کرامات جلیلہ اور مقامات عجیبہ وغیرہ صفات محمودہ کے علاوہ جو اس شیخ کے نفس قدسی صفات میں اللہ تعالیٰ نے رکھ دی ہیں اس کے بہت سے احسان اہل ہند کی گردنوں پر ہیں جن کا شکریہ ضروری ہے اس لیے کہ جو شخص لوگوں کا شکر گزار نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر گزار نہ ہوگا۔" اس کے بعد شاہ صاحبؒ نے حضرت مجددؒ کی خدمات تحریر کی ہیں۔

۱۔ مجدد صاحب نے اطراف ہند میں نقشبندی طریقہ کو پھیلایا اور آپ کے اصحاب کے ذریعہ ایک خلق خدا مہذب ہوگئی۔

۲۔ صوفیوں اور فقہا کے درمیان جو اختلاف تھا اس میں ایک مستقل فیصلہ کیا جس سے اختلاف مٹ گیا۔ توحید شہودی اور وجودی کے ایسے معنی بیان کئے جن پر کوئی اشکال وارد نہیں ہوتا اور اس میں کسی قسم کا اجمال باقی نہ رہتا ہے۔

۳۔ اولیاء کو علمائے ظاہر سے منع کیا اور ان کو لکھا کہ اپنی مجالس میں غلط عقیدے کے لوگوں کو نہ آنے دیں۔

۴۔ اللہ تعالیٰ نے مجدد صاحب کے ذریعہ امراء و حکام کو فیض پہونچایا اور ان حکام کے ذریعہ عام لوگوں کی اصلاح ہوگئی۔

۵۔ مسلمانوں میں سے ان ضعیف الاعتقاد لوگوں نے جن کی طبیعتیں کتب فلاسفہ کے مطالعہ یا فلاسفہ کے لوگوں کی صحبت سے فاسد ہو چکی تھیں۔ نئے نئے قول ایجاد کئے اور کہنے لگے کہ ہم کو نبی کی حاجت نہیں۔ بندوں کو عوام حلال کا مکلف کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔ اعتقاد کے قابل مکاشفات ہیں اعمال نہیں وغیرہ۔ شیخ مجددؒ نے اس کے متعلق رسالہ لکھا اور ان کا رد کیا اور مختلف مجلسوں میں ان لوگوں سے مناظرے و مباحثے کئے حتیٰ کہ ان لوگوں کے اس فتنے کو مٹا دیا۔

آخر میں حضرت شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں: "ان امور کی وجہ سے مجدد شیخ کی محبت ہوگئی کہ بجز مومن متقی کے اور کوئی ان سے محبت نہیں کرتا اور بجز فاجر شقی کے اور کوئی ان سے بغض و عداوت نہیں رکھتا تھا۔"[۲۴]

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اخبار الاخیار میں حضرت مجددؒ کے بارے میں اس طرح تحریر فرماتے ہیں:

"نزاعے کہ درمیان صوفیائے کرام و علمائے اسلام از قرنہا بود فیصلہ بود مشکل و معہود حدیث مسئلہ شد درمیان علماء و صوفیا فیصلہ بود نزاع اختلاف فریقین را در وحدت الوجود بلفظ را جمع داشتہ اند۔"[۲۵]

آپ نے قرآن و حدیث کے مطالعہ پر زیادہ زور دیا جس سے تغافل برتا جا رہا تھا۔ سنت کی پیروی آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ آپ کا سلسلہ مجددیہ نقشبندیہ بہت زیادہ مقبول و پاکیزہ سلسلہ ہے۔ ممتاز شخصیتیں جیسے خواجہ میر ناصر عندلیبؒ، خواجہ میر دردؒ۔ شاہ سید احمد بریلویؒ، اسی سلسلہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ سرسید احمدؒ کی پرورش و تربیت بھی مجددیہ سلسلہ میں ہوئی۔

شیخ مجدد سے قبل دینی تعلیم زیادہ تر فقہ اور صرف و نحو منطق پر مشتمل تھی۔ آپ نے عوام کو قرآن اور حدیث کی تعلیم کی طرف توجہ دلائی۔ شیخ عبدالحق نے حدیث کی اشاعت شروع کی اور اس علم کو باقاعدہ آپ نے ہی عام کیا۔ بعد میں شاہ ولی اللہ نے ہندوستان میں حجۃ اللہ البالغہ لکھی۔

باب چہارم (۱)

حواشی

۱۔ تعلیمات مجددیہ ص ۱۵۹

۲۔ ،، ،، ص ۱۶۱

۳۔ وفات ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء

۴۔ شیخ عبدالقدوس گنگوہی چشتیہ سلسلہ کے بزرگ تھے۔ لودھی عہد میں انہوں نے بڑی شہرت حاصل کی۔ حضرت مجدد کے والد شیخ عبدالاحد اور شیخ جلال الدین تھانیسری آپ کے خلفاء میں سے تھے۔ شیخ عبدالنبی جو اکبر کے عہد میں صدر الصدور تھے شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے پوتے تھے۔

۵۔ شیخ علی متقی ہندوستان کی مذہبی تاریخ میں بڑا مرتبہ رکھتے ہیں۔ آپ مانڈو میں پیدا ہوئے۔ حجاز جا کر [illegible] رخ کیا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شیخ عبدالوہاب کی وساطت سے آپ سے فیضیاب ہوئے۔ آپ کی زیادہ دلچسپی علم حدیث اور تصوف سے تھی۔ آپ نے سو سے زیادہ کتابیں لکھیں۔ ۹۷۵ھ میں مکہ معظمہ میں وفات پائی۔

۶۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی شمالی ہند کے پہلے بڑے عالم تھے جو فتح گجرات کے بعد سمندری راستے سے حجاز گئے اور علم حدیث کی تکمیل کی اور واپس آکر حدیث کا درس دینا شروع کیا۔ جہانگیر نے تزک میں آپ کا ذکر بہت احترام سے کیا ہے۔ اکبر، جہانگیر کا پورا عہد حکومت آپ نے دیکھا اور شاہجہاں کے سولہویں سال جلوس یعنی ۱۰۵۲ھ / ۱۶۴۲ء کو ۹۴ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ کئی کتابیں آپ کی یادگار ہیں، جن میں اولیاء اور بزرگوں کا تذکرہ اخبار الاخیار زیادہ مشہور ہے۔

۷(۱) زبدۃ المقامات (اردو ترجمہ) ص ۱۳۱

۷۔ روضۃ الکوثر ص ۲۲۱، زبدۃ المقامات ص ۹۲ (اردو ترجمہ)

۸۔ امام رفیع الدین شیخ احمد کے اجداد میں تھے۔ فیروز شاہ کے وزیر اعظم خواجہ فتح اللہ کے بھائی اور سید جلال الدین بخاری (۷۰۷ھ - ۷۸۵ھ) کے مرید تھے۔ شہر سرہند کی تعمیر اور انتظام کا کام آپ کے سپرد کیا گیا تھا۔

۹۔ زبدۃ المقامات ص ۱۲۳، حضرات القدس جلد دوم ص ۹

۱۰۔ مولانا کمال کشمیری فلسفہ کے مشہور عالم تھے۔ سیالکوٹ میں درس دیتے تھے۔ مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی بھی آپ کے حلقہ درس سے فیضیاب ہوئے۔

۱۱۔ مولانا یعقوب صرفی ۹۰۸ھ میں پیدا ہوئے۔ تعلیم ظاہری کے بعد [illegible] شیخ حسین خوارزمی کے مرید ہوئے۔ ہمایوں اور اکبر کو آپ سے عقیدت تھی۔ علم حدیث کے زبردست عالم تھے۔ حضرت مجدد نے تین بزرگوں سے بیعت کی، ایک اپنے والد بزرگوار، دوسرے خواجہ باقی باللہ اور تیسرے شیخ یعقوب صرفی کشمیری۔

۱۲۔ امام غزالی ۴۵۰ھ / ۱۰۵۸ء میں طوس میں پیدا ہوئے اور ۵۰۵ھ / ۱۱۱۱ء میں وفات پائی۔ زبردست عالم تھے۔ آپ نے ۷۸ کتابیں مختلف مذہبی موضوعات پر لکھیں۔ کیمیائے سعادت آپ کی مشہور تصنیف ہے۔

۱۳۔ زبدۃ المقامات ص ۱۳۸ (اردو ترجمہ)

۱۴۔ تذکرہ مجدد ص ۹۲

۱۵۔ حضرات القدس ص ۱۰۱

۱۶۔ حاجی سلطان تھانیسری ایک عالم و فاضل شخص تھے اور اکبر کے دربار سے وابستہ تھے۔ مہابھارت کے ترجمہ کا کام آپ کے سپرد کیا گیا تھا۔ آپ کو [illegible] کیا گیا۔ ایک مرتبہ لوگوں کی شکایت پر جلاوطن ہو کر بھکر جانا ہوا۔ دوسری مرتبہ [illegible]

بالآخر ان کے ظلم و ستم کی شکایت کی تو اس نے سزائے موت کا حکم دے دیا چنانچہ ۹۹۵ھ میں ان کو پھانسی دی گئی۔

۱۷۔ زبدۃ المقامات ص ۲۰۳، حضرات جلد ۲، ص ۱۱

۱۸۔ شاہ کمال کیتھلی قادریہ سلسلے کے بزرگ تھے۔ حضرت مجددؒ فرماتے تھے کہ قادریہ سلسلہ میں شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے بعد شاہ کمال کے پایہ کا کوئی دوسرا بزرگ نہیں ہوا۔

۱۹۔ زبدۃ المقامات ص ۱۲۰

۲۰۔ زبدۃ المقامات ص ۲۰۷، حضرات القدس جلد ۲، ص ۱۱ خواجہ باقی باللہؒ ۹۷۱ھ/۹۷۲ھ میں کابل میں پیدا ہوئے۔ وہ ہندوستان میں نقشبندیہ سلسلے کے بانی تھے۔ حضرت مجددؒ کے علاوہ دربار اکبری کے بہت سے امراء مثلاً شیخ فرید، قلیچ خاں، صدر جہاں، اور علماء میں شیخ عبدالحق محدث، مجددؒ آپ کے مرید تھے۔ خواجہ امکنگیؒ سے نقشبندیہ سلسلے کی تعلیم حاصل کی اور خلافت حاصل کر کے ہندوستان آئے۔ حضرت مجددؒ نے ۱۰۰۸ھ میں آپ سے بیعت کی۔ ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء کو دہلی میں وفات پائی۔

۲۱۔ حضرات القدس جلد ۲، ص ۵۱ (اردو ترجمہ)

۲۲۔ زبدۃ المقامات ص ۵۱، آب کوثر ص ۱۹۳

۲۳۔ زبدۃ المقامات ص ۵۳

۲۴۔ ایضاً ص ۱۹۰

۲۵۔ ایضاً ص ۲۰۱ (فارسی)

۲۶۔ ایضاً ص ۱۷۱ (فارسی)

۲۷۔ ایضاً ص ۲۲، ۱۵۵ (فارسی)

۲۸۔ ایضاً ص ۲۳۰ (فارسی)

۲۹۔ مکتوبات مجددؒ دفتر اول مکتوب نمبر ۲۶۶

۳۰۔ روضۃ القیومیہ جلد اول ص ۱۱۷، ۱۲۵

۳۱۔ روضۃ القیومیہ جلد اول ص ۱۰۱، ۱۰۴

۳۲۔ مکتوبات دفتر اول، مکتوب ۴۶

۳۳۔ مکتوبات دفتر اول، مکتوب ۵۳

۳۴۔ مکتوبات دفتر اول، مکتوب نمبر ۸

۳۵۔ اکبری عہد میں صدر جہاں معمولی منصب پر تھا۔ جہانگیر کے بچپن میں وہ تعلیم پر مقرر تھا۔ جہانگیر نے ان کو چار ہزاری منصب پر فائز کیا۔ حضرت مجددؒ کے ان کے نام کئی مکاتیب ہیں۔

۳۶۔ خان جہاں جہانگیر کا خاص مقرب تھا۔ جہانگیر ان کی بات سنتا بھی تھا اور مانتا بھی تھا۔ مکتوبات کے تینوں دفتروں میں ان کے نام بہت خطوط ہیں۔

۳۷۔ شیخ فرید بخاری اکبر کے عہد میں بخشی کے عہدے پر مامور ہوئے جہانگیر کے عہد میں گجرات کے والی بنائے گئے بعد میں پنج ہزاری منصب پر فائز ہوئے اور لاہور کے گورنر ہوئے۔ نسب کے لحاظ سے سادات تھے۔ علماء مشائخ کی نظروں میں ان کی بہت عزت تھی اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک حساس اور درد مند دل دیا تھا حضرت مجددؒ کی تحریک [illegible] کے دست راست رہے۔ مکتوبات کے تینوں دفتروں میں ان کے نام بہت سے مکاتیب ہیں۔ ۱۰۲۵ھ میں لاہور میں ان کی وفات ہوئی اور دہلی میں سپرد خاک ہوئے۔

۳۸۔ مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر [illegible]

۳۹۔ روضۃ القیومیہ پارٹ ۱، ص ۱۴۲

۴۰۔ خزینۃ الاصفیا جلد اول ص ۶۱۴، حضرات جلد دوم ص ۷۰

۴۱۔ حضرات جلد دوم ص ۹۰، تذکرہ علمائے ہند ص ۱۰۲

۴۲۔ تزک جہانگیری ص ۲۷۳، ۲۷۵

۴۳۔ مکتوبات دفتر سوم مکتوب نمبر ۹

۴۴۔ روضۃ القیومیہ پارٹ ۱، ص ۱۰۰، ۱۰۲، ۱۹۹

۴۵۔ حیات مجدد ص ۳۱، ۳۲

۴۶۔ حیات مجدد ص ۳۲

۴۷۔ تزک جہانگیری ص ۳۱۲

۴۸۔ مکتوبات دفتر سوم مکتوب نمبر ۴۳

۴۹۔ مکتوبات دفتر سوم مکتوب نمبر ۲۰

۵۰۔ مقامات معصومی ص ۱۵۰ ۔ ۱۵۹

۵۱۔ رود کوثر ص ۲۰۶

۵۲۔ رود کوثر ص ۳۶۵

۵۳۔ تزک جہانگیری ص ۳۳۰

۵۴۔ زبدۃ المقامات ص ۲۹۳ (فارسی)

۵۵۔ تذکرہ مجدد ص ۲۰۹

۵۶۔ میر محمد نعمان کشمی کے والد سید شمس الدین یحییٰ بدخشاں اور علماء ماوراء النہر کے مشاہیر میں تھے۔ میر محمد نعمان سمرقند میں پیدا ہوئے۔ آغاز شباب میں ہندوستان آئے اور خواجہ باقی باللہؒ سے منسلک ہو گئے۔ خواجہ صاحب نے آپ کو حضرت مجدد کے سپرد کر کے ان کو آپ کی تربیت کا کفیل بنایا۔ میر نعمان نے خواجہ صاحب سے عرض کیا کہ بھلا فقیر توجہ حضور کی درگاہ ہے۔ جنگ وہ بھی ہوگا اس سے انکار نہیں اس پر خواجہ صاحب نے غصہ ہو کر فرمایا تھا کہ میاں شیخ احمد آفتاب ہے اور کوشش بازارواں ستارے گون ان میں [illegible]۔ اس کے بعد میر صاحب حضرت مجدد کی خدمت میں پہنچے۔ انہوں نے آپ کو برہانپور روانہ کیا۔ حضرت مجددؒ نے آپ کے علم و عمل کی تعریف فرمائی ہے۔

آپ کی وفات ۱۰۵۰ھ میں ہوئی۔

